جلایا مجکو نالون نے ڈبویا مجکو رونے نے
عداوت ہی نظر آئی سراسر آگ پانی مین

ردیف واو

پری جو مانگین نہ جنت مین حور عین دیکھو
ہمیشہ حضرت دل روی مہ جبین دیکھو

حروف مہر نبوت مین نقش پای علی
یہی لکھا ہے سلیمان کا نگین دیکھو

کہ شیفتہ چاند ہے دیکھو نہ آسمان کی طرف
مجھے یہ ڈر ہے مبادا کہین زمین دیکھو

یہ گل کھلے مین تمھاری ہی ہجر مین صاحب
ہمارے دیکھتے ہو داغ آفرین دیکھو

نگاہ مین چاند کو جب دیکھتے تو بولے واہ
تم اوسکو دیکھتے ہو کیا مری جبین دیکھو

نہ پانی پیتے جو دیکھا ہوا ابر کو ہم سے
ہمارے دیدۂ گریان یہ آستین دیکھو

دامن کوہ ہوا اڑ اڑ کے ادھر آتے ہین / شاید ای جذب جنون کو ہین پر پتھر مین
وسعت آباد جہان ہی پہ شب ہجر مین تنگ / کہ ستارے نہین گویا ہین شرر پتھر مین
پھر ہوکی کوہکنی تونے عبث کی فرہاد / کردیے نصب نہ کیون دیدۂ تر پتھر مین
اثر ایسا ہے مری آہ مین تم کیا ہو سو / کہ شرارے ہون ابھی خون جگر پتھر مین
یار کو چھوڑ دیا پر نہ سہارا سنگ رقیب / فرق باقی نہ رہا کچھ بھی جگر پتھر مین
تفرقہ اصل سے ہے سبکو سبب آفت کا / پہونچے شیشے کو نہ پتھر سے ضرر پتھر مین
غیر کے آگے نہو مان مری کہنے کو / ای صنم کرتی ہے تاثیر نظر پتھر مین
کوہکن محو ہوا نقش وجود شیرین / فائدہ کیا یہ ہی تصویر اگر پتھر مین

ولہ

حاسد کو ایکدم نہین صحت جہان مین / رنج حسد ہی جان ہی جبتک کہ جان مین
آئی بہار تشنہ ہے ہون پلا دی پھول / ای میفروش پڑ گئے کانٹے زبان مین
یہ تنگ و تار ہجر مین تہارا ت گھر مرا / جون شمع میل سر ہوئی سرمہ دان مین
آئی شب فراق چبا جائیگا مجھے / تارے نہین ہین دانت فلک کے دہان مین

ولہ

ہوکسی کو مجھسے کینہ پر مجھے کینا نہین / صاف ہی آئینہ بیرنگ یہ دینا نہین
جیسے دیکھی تیری صورت نقش ہی آنکھون پہ / دل ہمارا بنگیا تصویر آئینا نہین
ہور ہے ہین پردہ ہای چشم ہی گویا حجاب / دیکھنے کو آنکھین ہین لیکن کوئی بینا نہین

کیسی گرمی ہو برہنہ شرم سے ہوتی نہین
پیرہن بھی آپ کو بہرِ بدن سے کم نہین

تو حسین ایسا ہی تجھپر مرتے ہین ساری حسین
ماہِ کنعان کو بھی پیراہن کفن سے کم نہین

ہر شبِ مہتاب بھی آنے لگی سامانِ موت
چادرِ مہتاب بھی مجھکو کفن سے کم نہین

بعد مرنیکے بھی عشقِ زلفِ پیچان سے ہے پیچ
بال بال اوسکا مجور گہا ہے تن سے کم نہین

جای نرگس چشمِ آہو جای لالہ چشمِ غزل
ایجنون جنگل مجھے صحنِ چمن سے کم نہین

یکقلم ہوتی ہین موزون بحر مین مضمونِ غم
جو ہماری بیت ہے بیت الحزن سے کم نہین

گرچہ غربت ہی تصور مین مگر ہمدم ہے یاس
میری تنہائی بھی مجھکو انجمن سے کم نہین

اور تو کیا کوئی بوسہ بھی دیا جاتا نہین
دل تر اتنگی مین کچھہ تیری دہن سے کم نہین

دونون پھر پوچھتے ہین تجھسے کچھہ نسبت نہین
کعبہ بتخانے سے حاجی برہمن سے کم نہین

لیچلا ہون مین عدم کو بارِ غم بارِ گناہ
روح بھی میری گرانی مین بدن سے کم نہین

ذبح کرتا ہے گلا میرا فراقِ یار مین
زخمہ زن مطرب مجھے شمشیر زن سے کم نہین

ہو ہوا دنیا مین پیدا فی الحقیقت مر گیا
آدمی کے جامہ ہستی کفن سے کم نہین

اس چمن مین ہے بر نگِ گل بجای آفتاب
یہ شباقی مین ستارے یاسمن سے کم نہین

جنبشِ مژگان نہین گویا ہے جنبش ہے زبان
ہر اشارہ تیری آنکھونکا سخن سے کم نہین

نامور ہوتی ہی ہوجاتے ہین اکثر بے نشان
شہر کن کہتے ہین جنکو گورکن سے کم نہین

جی اڑا دیتا ہے کیسی ہو زمین سنگلاخ
خامہ تیشہ ہے تو ناسخ کوہکن سے کم نہین

دمبدم کیا ہی مری عمر کٹی جاتی ہے
دم نہیں کہتے ہیں شمشیر اسے کہتے ہیں

صبح کو طور سے دوڑا وہ گریبان پھاڑ کر
اثرِ نالہ شبگیر اسے کہتے ہیں

تھا جو بوٹا سا ترا قد سو ہوا سرو وہی
بارشِ اشک کی تاثیر اسے کہتے ہیں

کیون نہ حاجی کریں محراب حرم کو سجدہ
ابروے یار کی تصویر اسے کہتے ہیں

وصف جو مصحف رخ کے مری دیوان میں ہیں
لوگ قرآن کی تفسیر اسے کہتے ہیں

وصل میں پیر ہوا مجکو جو شیرین لب سے
لوگ ناسخ شکر و شیر اسے کہتے ہیں

خاک ہے او سخت جان اک دن ترا تن خاک میں
خاک ہو جاتا ہے آخر دیکھ آہن خاک میں

تین عنصر کرتے ہیں اپنے مراکز کو رجوع
خاک کا بعد از فنا ہوتا ہے مدفن خاک میں

باعثِ بغض و عداوت زندگانی ہے فقط
ایک سے ہو جائیں گے شیخ و برہمن خاک میں

قصۂ شکر و شکایت بس یہیں تک ہے دلا
ایکدن ملجائینگے سب دوست دشمن خاک میں

ایسے طالع ہیں کرون گر ایک دانے کی نگاہ
گنج قارون کی طرح دھنس جائیں خرمن خاک میں

پر تو ابر جاہے تیرا خفتگانِ خاک پر
چیونٹیاں اسواسطے کرتی ہیں روزن خاک میں

ہے مری تربت پانوں کیونکر چوم لے او شہسوار
پانوں لگنے ہی نہیں دیتا ہے توسن خاک میں

چادرِ مہتاب کی مانند جوشِ نور ہے
اوس پری کا لوٹتا جاتا ہے دامن خاک میں

کی جو اوس سروِ روان نے باغ میں گردن کشی
دھنس گیا سروِ گلستان تا بگردن خاک میں

خاک اوڑتی ہے اگر گھر میں تو کچھ پروا نہیں
ایکدن ملجائیگا یہ خانۂ تن خاک میں

ہم کہاں رکھتے نہیں ای محتسب پنہاں شراب	شیشۂ دل میں نہیں یا کاسۂ سر میں نہیں
طفل یہ رو رو کی کہتے ہین نہ بابن جا ہی	جو مہہ میں جین تھا داماں کا در میں نہیں

ولہ

تو وہ باطن ہی کہ جابجا ہے میں تجھ پر لاکھون	تو وہ ظاہر ہے کہ بیتاب ہین مظہر لاکھون
نور عرفان جو ہو جہل کی ظلمت مین نہان	ایک ہی تجکو نظر آئین یہ مظہر لاکھون
ہون وہ کافر کہ زمانیکے صنم ہین مرغوب	ہون وہ مجنون کہ مجھے چاہیین پتھر لاکھون
خاک سی سبزہ نکلتا ہے جو مانند زبان	ہوگئی زیر زمین خاک سخنور لاکھون
کیا ہی اے قاتل عالم تری آگی تلوار	تجھمین تو اور بھی خنجر قتل ہین جوہر لاکھون
خاک ہو جاتی ہین جیسے سمن و گل ہر سال	ہوگئی خاک گل اندام و سمن بر لاکھون
دن کو بس ایک ہی خورشید نظر آتا ہی	رات کو جلوہ نما ہوتے ہین اختر لاکھون
اعتماد سر و سامان شہی خاک نشین	ہوگئے خاک برابر سر و افسر لاکھون
آدمی کیا کہ سنو مجسے فرشتون کا حال	جل گئے شعلۂ ادراک سی پتھر لاکھون
آنکھین ہم رندونکی اشکو نسی ہین پر شراب	ایک شیشہ نہیں لبریز ہین ساغر لاکھون

تو ہے محبوب خدا احمدتے ہو تجھ پر ناسخ
امتی کیا ترے تابع ہین پیمبر لاکھون

ہین یاد وہ بے مثال آنکھین	کیا ہین تری او غزال آنکھین
ہی اہل نظر سے بغض تجکو	نادر کی طرح نکال آنکھین

ولہ

۱۱۱

وہ ہے سرو قد طوق سے مین ہون قمری
وہ آزاد ہے تو گرفتار مین ہون

تُرسا کو سے ہین نقش دیوار مین ہون
وہ کرتا ہے باتین مین کرتا ہون آہین

گہر بار وہ ہے شرر بار مین ہون
گیا دل بغل سے جدا کو وہ غم بھی

گران بار وہ ہے سبکسار مین ہون
کبھی وار مین ہون کبھی پار مین ہون

وہ گل باغِ عالم مین ہے خار مین ہون
وہی بولتا ہے جو مین بولتا ہون

اگر وہ ہے بلبل تو منقار مین ہون
دگرگون ہے ہر آن وضعِ محبت

کبھی غیر مین ہون کبھی یار مین ہون
کہا حضرتِ درد نے خوب ناسخ

یہ زلفِ بتان کا گرفتار مین ہون

جو تجکو دیکھے وہ بینا نہ تجکو دیکھے سو کور
یہان تو کچھ نہین تمیز کور و بینا مین

اوسی کی چوب کا شانہ ہو تیری لفون مین
جو بنگیا تھا عصا سانپ سے یدِ موسا مین

خطوط سونیکے ہون جس طرح کسوٹی پر
یو ہین محبت زر ہے مری سویدا مین

جو علمِ غیب نہین ہی سوای عالمِ غیب
ہلاک جان نکر آج فکرِ فردا مین

مری صنم کو ہوا اندنون جو شوق نماز
اذانین ہونے لگین نہ ابدا کلیسا مین

یہ اپنے اژدرِ گیسو دکھا دیے تمنے
بڑا کمال یہی تھا عصای موسا مین

یہ ماہِ مصر کی ہی پاکدامنی کی دلیل
رہا نہ تار لگا بخیہ زلیخا مین

کھلی نہین دہن تنگ سے ہنسی مین دانت
چمک ہی جگنوونکی آشیانِ عنقا مین

ہتیلی رکھدی کہ پڑجای بس ابھی ٹھنڈک
بہت ہی آج جلن اپنے داغِ سودا مین

بچے نہ آپ کی تلوار کا کبھی زخمی
اگر ہو رشتۂ جان ہوزنِ مسیحا مین

نہ کہتے تھے اوسی ترسا بچے نے ای ناسخ
اسیر کرہی لیا گیسوے چلیپا مین

ولہ

وہ بیزار مجسے ہو آزار مین ہون
وہ میخوار غیر و نہین ہی خوار مین ہون

نہین عشق سی زر دزردار مین ہون
اگر ہے وہ یوسف خریدار مین ہون

تمنا ہی ساقی کبھی بزمِ مے مین
وہ سرشار ہو اور ہوشیار مین ہون

ہوئی جمع بیدردی و دردمندی
دل آزار وہ ہی ستمگار مین ہون

اوسی سے ہے عداوت مجھے ہی محبت
جو خونخوار وہ ہی تو غمخوار مین ہون

زانو کی طرح صاف ہیں اوس حور کی ساقین
آئینے کی رانین ہین تو بلور کی ساقین

رانین نہ پری کی ہین نہ ہین حور کی ساقین
یہ نور کی رانین ہین یہ ہین نور کی ساقین

دو نور ہوئی جاتی ہین کافور کی شمعین
شاید کہ بنین صبح کے کافور کی ساقین

لب قند دہن تنگ شکر دانت ہین مصری
ہی ساق عروس اوس بت مغرور کی ساقین

کیا عرش کی ساقین ہین تیری ساق تو گو نزدیک
ہر چند کہ سوجھی ہین بہت دور کی ساقین

ہین بو ہین اگر مشک تو رنگت مین ہین کافور
ایجان ہین تیری نئی دستور کی ساقین

بی معرفت حق ہوئین بیکار نمازین
شل ہوگئین گو بلعم باعور کی ساقین

کاسہ سر فغفور کا گردن سی جدا ہے
زانو سے جدا ہوگئین تیمور کی ساقین

ہم مست قد مبو سی ذرا ہا نہ کرین گے
بس چوم لیا کرتے ہین انگور کی ساقین

زنجیر کی رگڑ و بنسی ہوئی ہجر مین ایجان
زخمی ترے دیوانہ مہجور کی ساقین

برسات مین پھرتا ہون جو اوسکا متجسس
ساقین مری کیچڑ مین ہین مزدور کی ساقین

گل ہو ید بیضا سے ابھی شمع تجلی
دیکھے جو کلیم اوس بت پر نور کی ساقین

محشر مین بھی بوسہ ملیگا ساق خدا کا
چومی جو یہان اوس بت مغرور کی ساقین

دنیا کی زن و مرد ہین کیا چیز کہ ایجان
غلمان کی ایسی ہین نہ ہین حور کی ساقین

شمعین نہین روشن تری محفل مین یہ ظالم
جلتی ہین کسی عاشق محرور کی ساقین

کس درجہ غم عشق سے گھل گھل کے ہوا ہاے
اونگلی سے ہین کم ناسخ مغفور کی ساقین

۱۰۹

ولہ

ولہ

شبِ فراق ہی اور اندھیریان ہین آہو نگی
چراغ گو مرے ظلمت کدے مین بار نہین

زمین پیار سے مجکو گلے لگاتی ہے
عذاب ہے یہ لاگور مین فشار نہین

ہر ایک گل ہی چمن مین شبیہ عارض یار
ہماری چشم کی تصویر ہی یہ خار نہین

مین ہون حباب جو دریای حسن قاتل ہی
یہ موج آب ہی شمشیر آبدار نہین

چلا ہی گلیون سے میدان کو غبار اپنا
کہ شہسوار ہوا اب وہ نی سوار نہین

برای عاشق کامل ہی جلوۂ معشوق
کہان وہ شعلہ کہ اب طور پر شرار نہین

خلش کسی کو نہین ایجنون کسی کو یہان
ببول بھی مری صحرا مین خاردار نہین

تمام رنج ہین تا حشر ساتھ ای ناسخ
بجز حیات کوئی خیر مستعار نہین

روی تابندہ پر اب زلف سیہ فام نہین
روز روشن ہی تری عہد مین ہی شام نہین

سیری صیاد کی اب زلف سیہ فام نہین
مرغ دل کوئی جو باقی زیر دام نہین

خواب مین سار ہی مری وصل کی ہم توتی ہین
بند آنکھین ہین مگر بند کوئی کام نہین

طول سا طول جدائی کو ہوا ہی ظالم
دوست کیا نامہ لکھین یاد مرا نام نہین

دہن گور سے مین عمر وہ چلاتا ہون
ہو گیا خاک مگر خاک بھی آرام نہین

چشم محبوب کی تسخیر کا پڑھتا ہون عمل
گنتی کے واسطے سبوحہ یہ بادام نہین

تیری آگے نظر آتا ہے یہ خورشید سیاہ
کہ مری عقل مین جز خال لب بام نہین

کور و کر ہون کہ ہین بیکار مری دیدہ و گوش
[illegible] ہین ہو گئین نامہ نہین پیغام نہین

ولہ

تیری در پر یون کھڑا رہتا ہون مین زار و نحیف
حلقۂ در ہے گلے مین بازوے در ہاتھ مین

ای خدا آزاد و تھہ گیا دنیا سے خالی ہاتھ کیون
لیگیا ہوتا یہ آئینہ سکندر ہاتھ مین

ہے برنگ پنجۂ خورشید تابان دست یار
بن گیا ورنہ حنا مانند اختر ہاتھ مین

ایسے ہون پابستہ کو بھی کب اسقدر ہے دسترس
دیکھکر مجکو اوٹھایا اوسنے پتھر ہاتھ مین

شہپر و ہنکا دیکھنے والونکو ہوتا ہے گمان
وہ پری رو جب اوٹھا لیتا ہے مگدر ہاتھ مین

جسقدر ہے عمدگی اوتنی نزاکت ہے ضرور
زور کب ہوتا ہے پانوون کی برابر ہاتھ مین

کر دیا ہے عالم کو جسکے پانوون کی جھوی شہید
اوس ستمگر کی بلا لیتی ہے خنجر ہاتھ مین

تر رہتی ہے سر کی کلائی یہ پہنچے مین یاقوت کی
اوس پری کو چاہیے کیا اور زیور ہاتھ مین

قتل جرم سرکشی پر ہو کے ساقی ہر سے
ہم لیے پھرتے ہین اپنا کاسۂ سر ہاتھ مین

گر یہی ہے آتش رنگ حنا تو ہے یقین
پھپھولونکی بدلے پیدا ہوون سمندر ہاتھ مین

بحر غم سے ہم تہیدستونکو آسان ہے نجات
کچھ نہین موقوف شناوری کہتے شناور ہاتھ مین

جس طرح ہے پنجۂ مژگان مین اپنے چشم تر
یون کبھی لیتے تھے ہم بھر بھر کے ساغر ہاتھ مین

قتل کرنے سے تو کر احسان دشمن پہ دلا
ہم ہر شمشیر سے بہتر ہے گوہر ہاتھ مین

دست جوش کا یہ حنا ہو تو اے صنم
تیری تلوار پہ جو نقشہ تھا مصور ہاتھ مین

آتش رنگ حنا سے مشتعل ہو مثل شمع
نام لکھنے کو جو خامہ لے ستمگر ہاتھ مین

یہ اثر رنگ حنای یار کا ہے اے جنون
لعل بنجائے اگر لے سنگ مرمر ہاتھ مین

ہے ازل سے عاشق و معشوق کی قسمت مین فرق
ہتھکڑی یان لوہے کی وان حلقۂ زر ہاتھ مین

شمع مہتاب کو فانوس کی حاجت ہی کیا
حسن کا کچھ نہیں نقصان جو پوشاک نہیں

محتسب کیون مے گلرنگ کو کہتا ہی حرام
گر حلال اس سے کری مجکو تو کچھ باک نہیں

بی نصیب ایسی ہین اس صید گہ عشق مین ہم
ہو گئے ذبح مگر لائق فتراک نہیں

سمن و برگ گل و نرگس و زنبق ہی صنم
منھ نہیں کان نہیں آنکھ نہیں ناک نہیں

واہ کس درجہ ہی تاثیر لب شیرین کی
نیشکر ہے دہن یار مین مسواک نہیں

ہنسکے کہتا ہے وہ ناسخ کے رولانیکو لیے
دیدۂ تر نہو دریا تو نگہ پاک نہیں

کون زندہ ہی جو اوس چشم کا بیمار نہیں
مر کے چھوٹا ہے جو زلفون مین گرفتار نہیں

کیا تری ہاتھ سے سر پر مرے دستار نہیں
ماری چالاکونکی جنون جیب مین اوس تار نہیں

پردۂ چشم اوٹھا مجمع اغیار نہیں
بندہ موسیٰ کی طرح طالب دیدار نہیں

دیکھکر اپنے خریدار کو جھنجھلا کے کہا
میرا کوچہ ہے یہ کچھ مصر کا بازار نہیں

مثل خورشید احاطہ کیے ہین نو رجال
کوی جانان مین کبھی سایۂ دیوار نہیں

چمن دہر کو ہم ڈھونڈھ پھری مثل نسیم
غیر جام مے گلگون گل بیخار نہیں

میکشو عیش ہی مفت آج غنیمت سمجھو
خم لبالب مے گلگون سے ہی خمار نہیں

جتنے اندھے ہین کنوئین سو کبھی ہی دیکھے لیکن
خشک کوری مین بھی یان دیدۂ خونبار نہیں

سبھی ہم دیکھکے چشم و شرہ جانان کو
تا بہ نرگس چمن دہر مین بیخار نہیں

جلگیا دھوپ مین اب گھر مین مجھے آنے دے
دوپہر ٹھیک ہوئی سایۂ دیوار نہیں

ہوں اسیر ضعف گر آزاد ای جوش جنون
سر تصدق سر مرا ایکدگر گرا جو پاؤن پر

طوق کوئی خنجر گریبان میری گردن میں نہیں
بہر یہ غم ہے ہاتھ اوس قاتل کی گردن میں نہیں

شبلبیری منکر ہین تو ذرات عالم ہین گواہ
کس طرح خورشید ناسخ روز روشن میں نہیں

خونفشان چھالی ہین مثل چشم گریان پاؤن میں
جھک گیا ہون ضعف سے راہ طلب مین سقدر
ہون وہ وحشی وحشت آباد جہان مین جنون
ضعف مین بار قبا او تر اپرای دست جنون

خار صحرا نے بنگے شبیہ کی مژگان پاؤن میں
چبھتے ہین ہر ہر قدم پر خار مژگان پاؤن میں
آبلونکو بدلے ہین چشم غزالان پاؤن میں
بنگئی بیڑی مری طوق گریبان پاؤن میں

ولہ

عشق پیچان ای پریجا لپٹا ہی پاؤن پر سر کر
کوہکو دن بھر وہ ہر جائی پھرا کرتا ہی روز
بدلی ہاتھونکی اجی پاؤنسے بیعت کیجیے
دست ہی پہونچے نا جو ہم گلزار کوی یار مین
اوسکی تلوونسے ملین ہم زمین کیا آنکھیں تلکو ہم
مثل رفتار آج اوسکی رقص کی بھی کر لی نقل
ہوتی ہی سجدیکی حاجت ای پریرو بار بار
لیجیوں نکلیں کی چھٹتے بھی نہ مثل استخوان

راستی پہ لپٹی نہیں یہ زلف پیچان پاؤن میں
روز ہی مانند خورشید درخشان پاؤن میں
روشنی ہی دست ہوتی ہی درخشندان پاؤن میں
غنچہ ہای آبلہ ہو جائیں خندان پاؤن میں
ناخن تیر نور ہین چشم نگہبان پاؤن میں
پہنچی پہنا دون ای کبک خرامان پاؤن میں
ایکدن پال لو ذرا خاک شہیدان پاؤن میں
ہو گئے جز و بدن خار مغیلان پاؤن میں

ولہ

گل تو کیا رنگ حنا کی بو جھ سے ہوتی ہیں لال
شاخ گل سے ہیں کہیں نازک تمہارے ہاتھ پاؤن

چوم لیتے ہیں تصور میں ہم اے بت دمبدم
کیا بنائے ہیں خدا نے تیری پیارے ہاتھ پاؤن

محتسب نے میکدے میں کیا کوئی توڑا ہے خم
ٹوٹتے ہیں آج کیوں ساقی ہمارے ہاتھ پاؤن

ناخنوں کی بدلے ہیرے جڑ دیے اللہ نے
صاف سونے کی بنائے تیرے سارے ہاتھ پاؤن

اے پری کب مشتعل ہو آتش رنگ حنا
بال ققنس کی طرح جھاڑیں شرارے ہاتھ پاؤن

تیری آنکھوں کی مشابہ گو کہ آنکھیں ہو گئیں
پر کہاں سے لائینگے ایسے چکارے ہاتھ پاؤن

تیری آنے کی خبر دیتا ہے جب پیک صبا
کیا ہی اے گل پھول جاتے ہیں ہمارے ہاتھ پاؤن

چشم جادو پر اگر پریوں نے کیں آنکھیں نثار
دست و پائے یار پر حوروں نے وارے ہاتھ پاؤن

اے جنوں کچھ ناتوانی کے مناسب حکم کر
بیٹھنے سے دوڑنے سے اب تو ہارے ہاتھ پاؤن

آتش رنگ حنا سے مچھلیاں جلنے لگیں
آپ نے دھوئے جو دریا کے کنارے ہاتھ پاؤن

ہتھکڑی بیڑی کو ٹکڑے ایک جھٹکے میں کیا
زور ہے جوش جنوں نے واہ وارے ہاتھ پاؤن

کشتی مے نے لگایا پار بیڑا ساقیا
مدتوں دریائے غم میں ہیں ہمارے ہاتھ پاؤن

کر دیا ہے قاف ایسا عشق کے آزار نے
پیش ازیں طیار تھے ناسخ ہمارے ہاتھ پاؤن

آتش افشاں گھر میں اوس محبوب کے رخسار ہیں
روزن مجمر بجائے روزن دیوار ہیں

فصل گل میں ہے جنوں زندان کو میرا انتظار
حلقۂ زنجیر جائے دیدۂ بیدار ہیں

بن گئے ہیں پھول گیندے کے تری فرقت میں ہم
غم سے اے گل زرد ہیں سر تا قدم افکار ہیں

کیا چمکتے ہین پریرو تیری گوہر کان مین
ہے یقین ایسا نہو گا کوئی جوہر کان مین

بو تری زلفون کی جاتی ہے جو اکثر کان مین
میل ہو جاتی ہے رشکِ مشک و عنبر کان مین

خانۂ تاریک قالب مین نہین در آئی ہم
آئی جب روز ازل آواز دلبر کان مین

میری نالے سنکے آتا تھا کبھی دلمین جو رحم
روئی اب رکھنے لگا ہے وہ ستمگر کان مین

جب نہ تب باتین سنتا ہے وہ مجکو سخت سخت
سر کے بدلے ایجنون لگتی ہین پتھر کان مین

ہو گیا جوگی وہ قاتل پر ہے خونریزی وہی
بالی مندری نگی پڑے رہتی ہین خنجر کان مین

بن گیا ہے برگ گل پردہ ہماری کان کا
آج باتین کر گیا ہے وہ گلِ تر کان مین

کیا معاذ اللہ میری آہ آتشناک ہے
آگ لگ اوٹھتی ہے سنتے ہی برابر کان مین

جو کوئی سونگھے وہ سمجھے عطر کی یہ پینک ہے
کوئی تنکا پھیر لے گر وہ سمن بر کان مین

کور ہون آنکھونکو وہ صورت نظر آتی نہین
کر بھی ہون آتی نہین آواز دلبر کان مین

عشق گیسو مین مری نالے جو سنتا ہے کوئی
جاتی ہی آواز بن جاتی ہے اژدر کان مین

ولہ

جب کبھی پہنا جڑاو اوسنے زیور کان مین
ناخنہ کی بولی کہ کیون لٹکائی پتھر کان مین

یان در گوش صنم پر بخت دل اشکو نہین ہین
دیکھنا یاقوت دریا مین ہین گوہر کان مین

اپنی کہتا ہے موذن اور کی سنتا نہین
رکھلے ہنگام اذان انگلی نہ کیونکر کان مین

جیسے ہے اکسیر خاک کوچۂ جانان کی دھوم
چھپ رہا ہے شرم سے کبریت احمر کان مین

یا علی ہو جان ناسخ کی نہ کیون اوسپر نثار
تم ہی ہو رکن کہین ایمان گرانا کان مین

فلک سمجھتے ہین ملاح وای فلک کو کیا
کسی طرح نہین ملتا داغ گنگا مین

یہ نوچے کھاتی ہین زندونکو کانپور کی لوگ
کہ جیسے کھاتے ہین مردونکو زاغ گنگا مین

جو اس گم شدہ کو ڈھونڈھتی تھی غربت مین
ملا ہی آب مین ہماری سراغ گنگا مین

ادھر بہاتے ہین گل اور ادھر نہاتی ہین لوگ
ہر ایک صبح شگفتہ ہی باغ گنگا مین

کمند موج جو مانند زلف ہی دلکش
ہوا اسیری غم سے فراغ گنگا مین

ولہ

عشق کو کسکے دل سی لاگ نہین
کونسا گھر ہے جسمین آگ نہین

مجسے بڑھجاے کیا وہ شاہ سوار
شوق ہے وہ فرس کی باگ نہین

ساغر غیر سے لقل مینا
کوئی مجکو پسند راگ نہین

دوستی سے اندنون لگا ہی جو دل
کسی دشمن سے مجکو لاگ نہین

بعد مُنڈنے کی بھی ہی پیچ رسا ان
زلف جانان ہے کالا ناگ نہین

ولہ

خود بخود جی مرا اوداس نہین
دل لگی جس سے تھی وہ پاس نہین

یار کے آنی کی جو آس نہین
موت کے آنیکی تو یاس نہین

کیا تو کہتا ہی کیون ہوا صدقے
اثر ے مین تیرے آس پاس نہین

آب حیوان ہیون بجاے شراب
ایسی اے خضر مجکو پیاس نہین

مجکو چھوڑا تو چھوڑ غیرون کو بھی
اس سوا اور التماس نہین

سب کی سب کیا ہین شب قدر ہماری راتین — کٹتی ہین آنکھون ہی مین ہجر کی ساری راتین

ہای کیا پیار سے سوتی تھے لپٹ کر ای جان — یاد ہر دم مجھے آتی ہین وہ پیاری راتین

دونون لفون ہین خورشید سے تابان عارض — روز روشن کی برابر ہین تمھاری راتین

جو گھڑی ہے نظر آتی ہے مجھے ایک پہاڑ — ہین غضب فرقت محبوب کی بھاری راتین

ہجر مین صبح سے تا شام بجای شبنم — میری آنکھون سے لہو رکھتی ہین جاری راتین

سن پڑی رہتے ہین بی یار اندھیرے مین ہم — ہین شب گور کے مانند ہماری راتین

شب تاریک جدائی مین یہ چیلاتا ہون — دق بہت کرتی ہین یا حضرت باری راتین

تیری زلفونکو لیے شانہ بکف ہے ہر دل — اور کرتی ہین تری آئینہ داری راتین

فصل گل مین وہ گل تر نہین گل کردی چراغ — کہ یہ چاہین اسے بادبہاری راتین

مرغ زرین فلک پر سے یقین خفاش — کسقدر میری دونونمین ہوئین ساری راتین

دن کی بدلے بھی یہی آتی ہین غمخواری کو — مجھسے رکھتی ہین بہت ہجر مین یاری راتین

دن تو ناسخ یہ بہر حال گذرجاتے ہین
پر جدائی مین بہت لاتی ہین خواری راتین

ہے یہ ہین تدبیر نادان عالم اسباب مین — ناؤ کاغذ کی بہائین جیسے اطفال آب مین

تیرے دونون ابرونمین سونیکی بندے نہین — لٹکی ہے قندیل زرین کعبے کی محراب مین

جای نشہ فرقت ساقی مین آجائیگی موت — شکل ناب تیغ ہے موج شراب ناب مین

جلوۂ دندان جانان سے ہوا ہون مین ہلاک — مجکو قسمت نے ڈبویا موتیونکی آب مین

یون تخیال روی جانان ہی دل بیتاب مین
جس طرح ہو عکس مہتاب کا گرداب مین

ورنہ یہ گردش کہان ہی آ گئی گرداب مین

ولہ

ولہ

وله

شبِ سیاہ جدائی میں روشنی ہو کہیں
رلاؤں آگ میں بیت الحزن کی پردے میں

طریق عشق چھوڑا یا ہے تو فیِ غا تگہ
ملا ہے خضر مجھے راہزن کے پردے میں

لطافت ایسی ہے اسمین کہ دیکھتا ہوں
گہر ہے دانت میں درجِ دہن کے پردے میں

ہے رنگ زر کوئی کپڑے مین آگ رہتی ہے
نہ ہے یہ داغ جھمک میں گلبدن کے پردے میں

نقاب سے تری ابرو جو سلیح کو کھل جائے
تو ماہ نو ہے یہ چرخ کہن کے پردے میں

اگر تم آئے تھے شیرین کے بھیس میں چھاپے
تو ساتھ بندہ بھی تھا کوہکن کے پردے میں

نمود ہو نہ تری خطِ عنبر افشاں کی
رہے وہ جلد عذار و ذقن کے پردے میں

چمن میں لائی صبا کسکی بو جو آج شمیم
دمک رہی ہے گل یاسمن کے پردے میں

فطرت سے تھا شررِ سنگ کی طرح جو نہاں
وہ بت ملا ہے مجھے اک بت شکن کے پردے میں

تمہارے روئے مخطط کا سفحہ تیرہ ہوا
یہ مہر و ماہ ہیں پروین کی پردے میں

ہزاروں پڑ گئے تیر نگاہ سے سوراخ
ہمارے اوس بتِ ناوک فگن کے پردے میں

خبر نہ شام غریبی کی مجکو تھی ناسخ
چھپی ہوئی تھی یہ صبح وطن کے پردے میں

مجکو اب ساقی گلفام سے کچھ کام نہیں
مجکو اب کچھ کام نہیں جام سے کچھ کام نہیں

دل میں خوش آئی ہیں صحرا کی ببولیں پرخار
اب کسی سرو گل اندام سے کچھ کام نہیں

اپنے آرام سے ہوں وحشت جنوں میں تنہا
کسی محبوب دلارام سے کچھ کام نہیں

خانہ برباد ہوں صحرا میں بگولوں کی طرح
سقف و دیوار و در و بام سے کچھ کام نہیں

بلبلیں چہچہے کرتی ہیں چمن میں ساقی
طوطی شیشۂ مے زمزمہ پرداز نہیں

مجھے کب فاش ہوا جرم محبت ظالم
تیرے غمزے کے سوا کوئی بھی غماز نہیں

رہ گیا عشق ہمارا تری پردے میں نہان
شکر ای ہوش جنون فاش کوئی راز نہیں

رقص پامال ہو چال ایسی ہی ای شاہ سوار
ساز مطرب ہی تری گھوڑے کا یہ ساز نہیں

تا زا وسکا ہی کہ عاشق میں ہوا ہوں اوسپر
حسن پر اوس بت طناز کو کچھ ناز نہیں

مست ناسخ مجھے رکھتا ہی کلام حافظ
میرے ساغر میں بجز بادۂ شیراز نہیں

بہار آئی بھرو اب شراب شیشے میں
اوتار دل مثل پری آفتاب شیشے میں

بنی ہے صورت فوارہ گردن مینا
ہی تیرے آگے یہ جوش شراب شیشے میں

خیال ہی عرق روی یار کا دل میں
بجا ہی کیسے بھرا ہی گلاب شیشے میں

خیال یار مری دل میں کیا ہی گھبرایا
نہ یون پری کو بھی ہو اضطراب شیشے میں

جو دور جام ہو ساقی تو منہ پر نہ لگو
کف شراب نہیں ہی سحاب شیشے میں

ہوا ہی صاف ہماری طرف سے دل اوسکا
کہ اوسنے لکھا ہے خط کا جواب شیشے میں

خم شراب جو حیلے سے محتسب توڑی
تو روز حشر ہوا اوسپر عذاب شیشے میں

کریگی مست قناعت سے مجکو بادہ فروش
اگر شراب نہیں بھر دی آب شیشے میں

جو کوئی جام ہو دینا تو جلد دی ساقی
عیان ہی صاف ثبات حباب شیشے میں

دل رقیب میں سامان و سیاہی ہے
کہ جس طرح کوئی دیکھے خضاب شیشے میں

گھر مین بیٹھا رہون توکل پر
سیچ ہی ناسخ کہان کہان جاؤن

دل مرا فرقت محبوب مین بیتاب نہین
یہی آئینہ وہ ہے جسمین کہ سیماب نہین

ہجر ساقی مین تو بیہوش پڑا رہتا ہون
جام مے کیا کہ خیال قدح آب نہین

آتش داغ جدائی سے نہ اوڑ بھاگیگا
طائر دل ہے یہ کچھ طائر سیماب نہین

صبحدم آج سے اوس ماہ کا کیا عزم سفر
چودھوین رات ہی پر جلوہ مہتاب نہین

کس طرح آج مری نیند اوڑی جاتی ہے
دیکھو تکیو نہین تو کوئی پر سرخاب نہین

چھوڑ کر گردش بیہودہ جو مین بیٹھ رہا
اب مری اشک کے دریا مین بھی گرداب نہین

رات دن ابروے جانان کا تصور ہی ضرور
کون مسجد ہی دلا جسمین کہ محراب نہین

ہجر محبوب مین ہی خون فلاطون مجکو
خم مین ای بادہ فروشو یہ مے ناب نہین

چارپائی کے تلے مجکو پڑا رہنے دو
موت ہے فرقت محبوب مین یہ خواب نہین

ترک اسباب پہ آمادہ جو ہی ای ناسخ
تیری نزدیک یہ کیا عالم اسباب نہین

بس جنون سے دلا وہ ستم ایجاد نہین
کوئی بھی اوسکے سوا اوسکا ستم یاد نہین

میری مرنیسے ہی بس خانۂ زنجیر خراب
ورنہ گھر کون ہی دنیا مین جو آباد نہین

جسنے دیکھا ہوئی زنجیر کی حاجت اوسکو
خط جانان کی برابر خط بغداد نہین

سب مین کہتا ہون کہ فرقت سے تو کر قتل مجھے
ہنسکے کہتا ہی کہ بندہ کوئی جلاد نہین

میں جانتا ہوں جوشش طوفان ہو رہی
خم سے اگر شراب اوبلتی ہے ہجر مین

کسلی تشبیہ سے چادرِ مہتاب کی عوض
کیا رات اپنا روپ بدلتی ہی ہجر مین

روتے ہین اور نالے جو کرتے ہین ناصحا
اپنی طبیعت اس سے بہلتی ہی ہجر مین

مرغِ گلو بریدہ سے مانند ساقیا
ہر دم بطِ شراب اوچھلتی ہی ہجر مین

جو روز سے وہ طول مین گویا ہی روزِ حشر
برسون ہی دوپہر نہین ڈھلتی ہی ہجر مین

ہوتا ہے ایک خلق کو تابوت کا گمان
جسوقت پالکی مری چلتی ہی ہجر مین

تاریک کیون یہ غمکدہ اپنا ہی رات دن
ہڈی ہر ایک شمع سی جلتی ہی ہجر مین

ہون جان بلب مگر نہین آسکتی ہی اجل
ظلمت کدہ سے ایسی دہلتی ہی ہجر مین

رٹ لگ گئی ہی نزع مین ناسخ کو بس یہی
ایجان میری جان نکلتی ہی ہجر مین

قاصدا جھوٹ کہا گھر مین وہ مغرور نہین
کس طرح گلشن جنت مین بھلا حور نہین

وہ سہی قد سے جہان ناسخ مہجور نہین
سرو سے قمری نہین دار پہ منصور نہین

باغ بھی میری روش اوسکی تجسس مین پھرا
آبلے راہ کے ہین خوشۂ انگور نہین

ہجر ساقی مین لہو سے ہوئی تر چشمِ سفید
مے سے لبریز دلا ساغرِ بلور نہین

فصلِ گل مین ہی غضب بادہ کشو جوش شراب
خمِ مے کیا ہے جو طوفان کا تنور نہین

جیتے جی کیون نہوئی دید میسر مجکو
آدمی زادہ وہ محبوب ہے کچھ حور نہین

موت ای ضعف نہین ورنہ ہماری نزدیک
کوچۂ یار تو کیا باغِ ارم دور نہین

ولہ

۹۳

[illegible]

ولہ

دخل یان خیر عکس سلطان عکس لشکر کا نہین | دل ہمارا ہی کچھہ آئینہ سکندر کا نہین
روتے پھرتے ہین گریبا نونکو پرزی قبا | کچھہ پتا اس سے زیادہ کوی دلبر کا نہین
کیا مجھی کو دھیان ہی اوسکے سنہری رنگ کا | کون وہ دنیا مین ہی مشتاق جو زر کا نہین
گو منزہ ہے سکانون سی خار التسیر ہی گھر | اس خرابی مین فقط بندہ ہی گھر در کا نہین
پی کے پانی اوسکی جھوٹی آبخورے مین ہون مست | ساقیا فرقت مین ہین مشتاق ساغر کا نہین
خشتہاے کوے جانان سی تسلی ہو تو ہو | سر مرا مشتاق اگر کو ا در پتھر کا نہین
تو سرک بیٹھا تو ایسی بیکلی ہمکو ہوئی | عضو اپنا اپنی جا سے کونسا ہمر کا نہین
مثل ققنس جھڑ رہی ہین انکھیون سے چنگاریان | داغ میرے دلمین کچھہ طاؤس کے پر کا نہین
یاس ہین نکہت ہی مثل یاسمین منہہ کی سفید | وصل جو مجکو میسر اوس ابرہمن کا نہین
روئے آتشناک سی رومال جلجائی نہ کیون | ای صنم کپڑا ہے کچھہ چمڑا سمندر کا نہین
پاک بازونکی سوا کوئی ہو کیونکر باریاب | یہ در جنت ہی دروازہ تری گھر کا نہین
ہو گیا ہی ہمکو سودا دیکھکر مکھڑے سفید | سر ہمارا کیون نشانہ سنگ مرمر کا نہین

ساقی کوثر کا ناسخ تشنہ دیدار ہون
جام می کیسا کہ اوسکو ذوق کوثر کا نہین

سراپا ہے وہ شیرین کام شیرین | فقط شیرین نے پایا نام شیرین
ہو میٹھی میٹھی نظرون سے وہ دیکھی | کھون آنکھون کو مین بادام شیرین
تری ہونٹھون کی دولت مثل شربت | ہوا ہے بادۂ گلفام شیرین

[illegible]

ولہ

[illegible]

ولہ

سوز خورشید ہو کافورِ سحر سے کیا کم
داغ کو مرہم کافور سے کچھ کام نہین

کفِ مے کافی ہے ساقی سرِ مینائے شراب
پنبۂ حضرت منصور سے کچھ کام نہین

داغ فرقت سے جلین گے نہ لین گے اوس سے
نار ہی کام ہے یان نور سے کچھ کام نہین

چڑھی گردن کشی ای مطرب و ساقی ایسی
کہ ہمین شیشہ و طنبور سے کچھ کام نہین

چہرہ اوس بت کا ہے شنجرف سے سرخی مین زیادہ
اوسکی پیشانی کو سیندور سے کچھ کام نہین

یار کے دست حنائی کی ہے مچھلی کیا کم
مجکو ماہیِ سقنقور سے کچھ کام نہین

اہل تزویر سے اسد رہے ہے مجکو نفرت
کہ مجھے قافیہ زور سے کچھ کام نہین

ہو اگر وصل میسر ابھی ہو جائے وصال
موت کو عاشق مہجور سے کچھ کام نہین

مثل خورشید ہے داغ آٹھ پہر دن ہے کہان
شبِ ماہ و شبِ دیجور سے کچھ کام نہین

شعلہ رویونکو نہین اپنے مربی کا پاس
شمع کو خانۂ زنبور سے کچھ کام نہین

رات دن نور خدا کو وہ نجف سے ہے عیان
مجکو ناسخ جبل طور سے کچھ کام نہین

کاٹے کھاتا ہے گھر جدائی مین
کام اژدر سے ہے در جدائی مین

چلے دو چار منزلین تو کیا
ہو عدم کا سفر جدائی مین

جان یا جاؤن زندگی ہو جای
موت آجائے گر جدائی مین

ساقیا خشک ہے جو میری زبان
آنکھین رہتی ہین تر جدائی مین

کاش کر دے کوئی بدن سے جدا
ہے غضب درد سر جدائی مین

سودا ہے گو طبیبو مگر غیر جام مے
کرتی ہے مجکو قتل تری بھولونکی چھری
فرقت میں ہے اشارہ ہلالِ صیام کا
ہو حکم میں جو آپکو چھولون تو کیا مجال

لونگا نہ کاسۂ عرق شیر ہاتھ مین
کیا دی ہر گل فروش نی شمشیر ہاتھ مین
ہے اپنے ذبح کرنیکو شمشیر ہاتھ مین
ایسی کہان ہی طاقت تقصیر ہاتھ مین

ناسخ نہین جسکہ عرصۂ محشر مین جاؤنگا
ہوگی رکاب حضرت شبیر ہاتھ مین

آواز ہے مانند خرامیر گلے مین
لپٹی ہے جو وان زلف گرہگیر گلے مین
دیوانہ کیا ہے تری صورت نے سراسر
آواز سنا کر مجھے بیہوش بنایا
اسرار نہان آتے ہین سینے سے زبان پر
ایسا ہون کوئی اپنا گلا کاٹ مریگا
تلوار نزاکت سے وہان کھینچ نہین سکتی
جز خاک درِ یار دوا دو نہ طبیبو
لاغر ہون نہین ایسا کہ مری کان کی بالی
سر کٹنے سے ہم مست نہ چپ ہون کہ ہے ساقی
احباب سے مانگو نہین اگر نزع مین پانی

تحریر ہے گویا تری تقریر گلے مین
ہان بھی تو کسی من کی ہے زنجیر گلے مین
ہو طوق کے بدلے تری تصویر گلے مین
کب شیشۂ مے کی ہے یہ تاثیر گلے مین
اب سدِ سکندر کرون تعمیر گلے مین
لٹکاؤ نہ یون ناز سے شمشیر گلے مین
اٹکا ہے یہان نعرۂ تکبیر گلے مین
واللہ اٹک جائیگی اکسیر گلے مین
ہوجائے صنم طوق گلوگیر گلے مین
شیشے کی طرح قوتِ تقریر گلے مین
ٹپکائین نہ آبِ دمِ شمشیر گلے مین

گو محتسب آیا ہی مگر شیشے ہین سرکش — ہوتی نہین خم ہعر کے مین ہور کی گردن

سر ہیوڑ کے سودائی ذکیا مفت مین ہی جان — تھی کاٹنی فرہاد کو شاپور کی گردن

واعظ رگ گردن جو دکھائی تو نہ ڈرنا — کچھہ کم نہین مطرب تری طنبور کی گردن

پروانی کا خون شمع پہ ثابت ہی دگر نہ — اُٹھتی ہے کہان شمع سرِ طور کی گردن

یہ گیسوی مشکین ہو وہ بھلا لائی کہان سے — پائی ہے اگر شمع نے کافور کی گردن

مثل رگِ گردن ہوئی زنجیر طلائی — ایسی ہی سنہری بت مغرور کی گردن

قلقل نہین حق حق کی یہ آواز ہی ساقی — شیشے کو کہان ملگئی منصور کی گردن

سب خلق کا خون تیری ہی گردن پہ ہی ساقی — یہ بوجھہ اوٹھاتی نہین مزدور کی گردن

زاہد تو ریائی ہے تو لعنت کا پڑی طوق — گردن ہی تری بلعم باعور کی گردن

خم اتنی صراحی کی ہے گردن تو عجب کیا — ہم رندو نکے آگی جھکی فغفور کی گردن

ابتک نہ عیادت کو گیا او بتِ غافل
ڈھلکی ہوئی ہے ناسخ رنجور کی گردن

غم نہین ہے فلک جو تاج نہین — ہمکو سر کی بھی احتیاج نہین

اوس پری کا نہین دہن بیشک — ہی اگر وہم تو علاج نہین

کچھہ ابھی بے کلی ہے قسمت مین — وعدہ وصل کل ہی آج نہین

ہر طرح رزق ہمکو ملتا ہے — غم ہے موجود اگر اناج نہین

کب عدن سے زمین شعر ہے کم — در مضمون سوا خراج نہین

کیا تمکو اور چاہیے شمشیر ہاتھ مین

سودا ہی

دونون حنائی ہاتھہ دیکھے ہین اگ سی | مچھلی کف صنم مین سمندر سی کم نہین
جو یار کاٹے کھاتا ہی ویران گھر مجھے | شہ تیر جو لگا ہے وہ اژدر سی کم نہین
ہوتا ہے رنج دولت دنیا سے اسقدر | دینار میرے ہاتھہ مین اخگر سی کم نہین
ای طفل تیری پھونک ہی گویا دم مسیح | جو پر اوڑا دیا وہ کبوتر سی کم نہین
ملک جنون مین شاہ ہون مین نرگس ہما | پھاہا جو داغ سر پہ ہے افسر سی کم نہین
لکھتے ہین خال عارض تابان کو وصف مین | جو نقطہ ہے وہ حسن مین اختر سی کم نہین
ہر بت زبان حال سی کہتا ہے اے صنم | گویا نہ لعل لب ہون تو پتھر سی کم نہین
ہر دانت تیغ موج تبسم کو سنگ ہی | تیر نگہ کو ہر مژہ اک پر سی کم نہین
لاغر ہون اپنے کلبۂ احزان مین اسقدر | دیوار کی دراڑ بھی اب در سی کم نہین
مستی مین عشق ساقی کوثر بھی ہو اگر | جام شراب چشمۂ کوثر سی کم نہین
بندھ جائی خوب دل مین تصور جو یار کا | پھر تو مسافری بھی مجھے گھر سی کم نہین
رفتار یار مین ہین یہ شیرین ادائیان | خاک اوسکے رہگذار کی شکر سی کم نہین
ایسی ہی شرم ابروی جانان سی آب آب | تلوار کچھہ مری مژۂ تر سے کم نہین

اوس سرو قد کے زلف مین ایسی پھنسے ہین دل
ناسخ جو لٹ ہے شاخ صنوبر سی کم نہین

کیا غرض غیر سی جب یار سی کچھہ کام نہین | گل سی کچھہ کام نہین خار سی کچھہ کام نہین
تیغ کافی ہے مجھے اپنا گلا کاٹنے کو | خنجر ابروے خمدار سی کچھہ کام نہین

ولہ

ہین کیا ابر نیسان سے اگر گوہر برستے ہین
کہ اپنی کشت پر تو جام آب انگور برستے ہین

دعا باران کی جب مین مانگتا ہون وقت میخواری
تو ساقی میرے شیشون پہ مین پتھر برستے ہین

اوسی کو دیتے ہین ہوتے ہین جس سے منتفع عم
کہ بادل ہو سمندر ہی مین بس گوہر برستے ہین

شب تاریک مین ایسا شعاع نور جانان ہے
کہ قطرونکی عوض بدلی سے آج اختر برستے ہین

اودھر اوٹھے ہین بادل اور ادھر ناسخ ہون مین گریان
مقابل ہو کے دیکھون تو بھلا کیونکر برستے ہین

ہے یہ بیجا جو اوسے سرو و بشر کہتے ہین
کہ وہ ذی عقل ہے کیون اوسکو شجر کہتے ہین

جان جب تک ہے یہ لپکا ہے نظر بازی کا
کہ رگ جان ہے جسے تار نظر کہتے ہین

دشت وحشت نے کیا چاک گریبان میرا
کیا اسی کو شب فرقت کی سحر کہتے ہین

داغ فرقت سے مین غربت مین جلا جاتا ہون
راست کہتے ہین سفر کو جو سقر کہتے ہین

مثل یعقوب ہمین عشق ہے اوس یوسف سے
اپنے محبوب کو ہم اپنا پسر کہتے ہین

جب اگر بیٹھتے ہین ہم تو بگڑ بیٹھتے ہین
منہ بنا لیتے ہین کچھ منہ سے اگر کہتے ہین

جو نصیحت نہ سنے اور نہ آخر بین ہو
اوسکو ہم کور بھی کہتے ہین جو کر کہتے ہین

بندہ زر کی مرے آگے ہو رفعت کیا خاک
زردشتی ہے نظر مین جسے زر کہتے ہین

اوڑ چلا حسن ترا اوسکے نکلتے ہی صنم
جسکو سب کہتے ہین خط ہم اوسی پر کہتے ہین

ہجر مین عیش جو ہے غم سے مبدل ناسخ
ساغر بادہ کو ہم دیدۂ تر کہتے ہین

پھر رہا ہے وہ صنم اٹھ کہ پھر آنکھوں نمین
یان سفر دشت مین ہی اوسکو سفر آنکھوں نمین

کور ہو جائینگی ہم منہہ نہ چھپا او خورشید
عارضی نور ہے یان مثل قمر آنکھوں نمین

کس سے منظور ہین قاتل کو لڑانی آنکھین
ہی سپاہی و نگہ تیغ و سپر آنکھوں نمین

نشہ سی لال ہوئی ہین جو یہ چشمان سیاہ
آئی ہے شفق شام و سحر آنکھوں نمین

حلم اگر دل مین ہو وہی کہین بہتر ہے تیر
ڈھیلی اچھے ہین حیا ہو نہ اگر آنکھوں نمین

اوسکو پیتے ہین انھین دیکھتی ہی ہوتی ہین مست
مے گلگون سی زیادہ ہی اثر آنکھوں نمین

نگہ گرم سے ہو رنج نہ اس نازک کو
ہی یہان تار نظر اسلیے تر آنکھوں نمین

ہی ہیدا ایسے کہ وہ تخت جگر آنکھوں سے
بہر تسکین ہی یہان لخت جگر آنکھوں نمین

اس قدر کھپ گئی ہی تیری سنہری نگت
ای پری آب تو سماتا نہین تر آنکھوں نمین

اس قدر سرمہ ہوا اوسکو نزاکت سی گران
کہ سلائی نہ پھری بار دگر آنکھوں نمین

ہمکو پیری مین بھی ہے شوق نظر بازی کا
مے شب کا ہی اثر تا بہ سحر آنکھوں نمین

جب وہ خورشید درخشان نظر آجائیگا
صدقے ہو وینگے دہین شمس و قمر آنکھوں نمین

اک نگہ کرتی ہے قتل ایک نگہ دیتی ہی جان
آپ رکھتی ہین قضا اور قدر آنکھوں نمین

رات دن دھوم مچا مین جو مری طفل سرشک
سچ تو ہی خواب کا کیونکر ہو گذر آنکھوں نمین

پھنس گیا گیسو وں کے جال مین جاکر ایسا
پھر ہوا مرغ نگہ کا نہ گذر آنکھوں نمین

کوٹ کر موتی بھری مین تری آنکھوں نمین اگر
قطرہ اشک یہان بھی ہین گہر آنکھوں نمین

شرمگین ہی وہ پری خانہ دل مین بھی رہے
کہ مرے مردم دیدہ ہی گھر آنکھوں نمین

ولہ

۸۵

ہاتھ کر سکتی نہیں پیدا ہوں طاقت ہاتھ مین | ہی گریبان دیر سے ای جوش وحشت ہاتھ مین
صبح اوٹھکر کیوں نہ دیکھوں ہاتھ جانی آئینہ | یہ صفائی ہے نظر آتی ہی صورت ہاتھ مین
وہ چلے جاتے ہین لیکن مین بلا سکتا نہین | ضعف ہی جنبش نہین پھر اشارت ہاتھ مین
یاد کرتا ہوں کسیکو مصحف رخسار کو | زاہد المصحف نہین پھر تلاوت ہاتھ مین
سمجھین شاخ سرو پر سبز فاختہ کا آشیان | طائر دلکو جولے وہ سرو قامت ہاتھ مین
دیکھ پائے دست جانانکی تجلی گر کلیم | روشنی ہوجای مثل داغ حسرت ہاتھ مین
تیغ قاتل نے علم کے گال اونسے چھولیے | ہی زیادہ رستم دستان جرأت ہاتھ مین
پونچھ کر آنسو بنایا ہے نہ ٹکڑا ابر کا | جب لیا رومال وقت جوش رقت ہاتھ مین
ہاتھ اوسکی چوم لیتا ہوں تو کہتا ہی وہ | ہین لکیرین یا کوئی لکھی ہی آیت ہاتھ مین
کیا فروغ حسن ہی پھولوں اگر اوسکا بدن | پنجۂ خورشید کی ہوجای حالت ہاتھ مین
گر مین سہلاؤں کف پای حنائی آپ کے | ہو زیادہ پنجۂ مرجان سی رنگت ہاتھ مین
ہاتھ بن جو ہاتھ اوسکا لیلیا اس جرم پر | ہتھکڑی پہنی ہی مینے ایک مدت ہاتھ مین
انتظار نامہ بر مین ہوگیا ایسا ضعیف | نامۂ محبوب لیتا ہوں بدقت ہاتھ مین

ارمغان لیجاؤں ناسخ سوی گلزار وطن
چن لیے ہین خارہای دشت غربت ہاتھ مین

اوس عزیز لقدر کی دیکھی ہی صورت خواب مین | آج یوسف کی ہوئی گویا زیارت خواب مین
ہاتھ ... مجھے ورد زبان دنیا مین بھی | ہو کسی کو جیسے بیداری کی عادت خواب مین

ولہ

عاصیوں پر بعد مردن جیسا ہوتا ہے عذاب
آرزو تھی صورت ربون آپ تاقیامت خواب مین
یا الہی بعد مدت خواب مین آیا ہے یار
دیکھ پائے تازہ کوئی اوسکی صورت خواب مین
اسلیے نالوں سے غفلت کی اور ہوتا ہوں مین
رات بھر ہی مین تا نظر آجائے صورت یار کی
وصل کی شب جاگتے ہین روز وقت خواب مین
آئی زیادہ بھی زمانہ تھا اگر کوئی نہ بس
دیکھ لو مرد تکو ہو جاتی ہے حالت خواب مین

ولہ

یا الہ العالمین ناسخ کی ہے یہ التجا
بخت ہوں بیدار مرے پاؤں دولت خواب مین

رُتبہ برستا ہے جلد آ ساقی — یاد آب توبہ شراب نہین
آج واعظ کی کون سنتا ہے — پنبۂ گوش ہے سحاب نہین

درد دل کا علاج اے **ناسخ**
عرق اوس گل کا ہے گلاب نہین

جو ترے عشق مین ہلاک نہین — زندگانی مین لطف خاک نہین
نہرین ہین کیون بہشت مین جاری — زاہدا گر شراب پاک نہین
ہے شب ہجر ہو نہین وحشی سست — اسلیے جیب صبح چاک نہین
خاک سے کیون ہے اجتناب الیسا — ایکدن غیر خاک خاک نہین
دل پہ ظاہر ہے حال ہر دل کا — اس نگر مین کدھر کی ڈاک نہین
کیون جنون ہو نہ مجکو پیری مین — کب گریبان صبح چاک نہین
آگے اوس گل کے دعوی خوشبو — باغبان گل کے منہ پہ ناک نہین

ہاے **ناسخ** فراق جانان مین
کون سی رات ہولناک نہین

کچھ تری بات کو ثبات نہین — ایک ہان مین تو پانچ سات نہین
مجکو ساقی سواے جام شراب — جسم کے جانب بھی التفات نہین
یون نہ باتین چبا چبا کے کرو — مہربان بات ہے نبات نہین
عاقلان پیر و نقطہ نہ شوند — ہے حیات اپنی یہ حیات نہین

وله

۸۴

چاک

ہے غضب عضو عضو تیر اگداز — استخوان کیا کوئی بدن مین نہین
لے گیا جذب جانب سگ یار — ہڈیان بھی مرے کفن مین نہین
مدد اے شعلہ ہاے داغ جنون — چین عریانی کا کفن مین نہین
مشک کے سامنے ہو گیا کافور — نکہت زلف یاسمن مین نہین
کیا کرون شکوہ رنج غربت کا — فی الحقیقت کوئی وطن مین نہین
ملی مژگان تو بھر کی چشم صنم — وحشتین اس قدر ہرن مین نہین
روسیہ ہو گیا ترے آگے — چاند اے ماہ رو گہن مین نہین
مثل یوسف ہوا ہون ضعف سے گم — غیر بو خاک پیرہن مین نہین

موتیون سے بھرینگے وہ ناسخ
غم نہین دانت اگر دہن مین نہین

پاس وہ طفل بے سوار نہین — نور آنکھون مین جز غبار نہین
اوسنے لکھا ہے اپنے ہاتھ سے خط — قاصدا مجکو اعتبار نہین
کیا ہی قاصد نے کی ہے خاطر جمع — کیون حواس آج انتشار نہین
آمد آمد ہے خود مسافر کی — مجکو اب خط کا انتظار نہین
ہے شرارت نشان سختی دل — نرم پتھر مین بھی شرار نہین
گرچہ جبری نہین ہون مین لیکن — کچھ محبت پہ اختیار نہین
گو بلا قید حکم ہے لیکن — خلوت دل مین مجکو بار نہین

ولہ

آدمیت ہو تو کیا زلف سیہ فام سی کام
دیکھ لے جانور ونکو ہی دل دام سی کام

اوسکو رخ کو جو نہین زلف سیہ فام سی کام
اپنی بھی روز جدائی کو نہین شام سی کام

ہجر مین ایک سی ہی حالت بیداری و خواب
سانس کی طرح نہین جان کو آرام سی کام

قاصدا کیا کہون جو حال ہی میری دل کا
خط سے آنکھونکو غرض کانونکو پیغام سی کام

مجکو سودائی بنایا ہے دکھا کر آنکھین
تم وعدو ریکا لیا کرتے ہو بادام سی کام

عہد پیری مین نہین داغ محبت درکار
ہو دلا کیا مجھے خورشید لب بام سی کام

چشم ساقی سے نہین عشق ہو میری دلکو
کون شیشہ ہی بھلا جسکو نہین جام سی کام

باتین کانونسے سنی آنکھونسے صورت دیکھی
اب نہ خط سے مجھے مطلب ہی نہ پیغام سی کام

ردیف نون

اوس دہن کی وصف مین تقریر کی حاجت نہین
خط کی بھی تعریف مین تحریر کی حاجت نہین

دولت تقدیر کو تدبیر کی حاجت نہین
سعدن زر ہی جہان اکسیر کی حاجت نہین

مجکو بازیگاہ کافی ہی کرون کیا خانقاہ
مین مرید اک طفل کا ہون پیر کی حاجت نہین

درد ہی لیکن دہن خاموش ہی مانند زخم
ہجر کی شب نالہ شبگیر کی حاجت نہین

ہرزہ گوئی سی کہین بہتر ہی خاموشی دلا
عاشقونکو آہ بے تاثیر کی حاجت نہین

راستی ہی اسقدر وہ کج ادا بیگانہ ہے
اوسکی ابرو کی کمان کو تیر کی حاجت نہین

اے فلک شمس و قمر کے کیا دکھاتا ہی ورق
طالب دیدار ہون تصویر کی حاجت نہین

ولہ

۸۱

سنکر ان آسمان کو قول کردیگی راست	رفتہ رفتہ ایکدن آہِ فلک فرسای دل
یاد آیا مجکو مجنون آپ مجنون ہوگیا	دامنِ صحرا سے بھڑکی آتشِ سودای دل

ولہ

گل کردیا جو اوس گل تر نے چراغ گل	ڈھونڈھا چراغ لیکے نپایا سراغ گل
زردار سب ہین نشۂ عشرت سی بےنصیب	لبریز ہو شراب سے کیونکر ایاغ گل
ہمنے زبان موج ہوا سے سنی یہ بات	مانند داغ لالۂ تر گل ہی داغ گل
اوس گل کی بو جو باغ مین کل لیگئی نسیم	ہر موج بوے گل ہوئی بوی دماغ گل
دشمن ہی تو بھی نہین ہی حسینونکو کچھ ضرر	رہتی ہین آب و باد مین روشن چراغ گل
اے رشک گل خزان مین جو کرتی ہی جستجو	باقی ہے تیری کفش مین بلبل سراغ گل
بلبل شراب عیش سی کیا بےنصیب ہی	ٹوٹا ہوا ہے روز ازل سے ایاغ گل
ملتا نہین خزان مین کہین جستجو سی گل	ملتا نہین بہار مین بلبل دماغ گل
طاؤس دیکھیے بلبل شیدا کا حوصلہ	دل مین برنگ غنچۂ لالہ ہے داغ گل
اکثر وہان خزان ہی ہمیشہ یہان بہار	دل باغ باغ عشق ہے بلبل وہ باغ گل

ناسخ شراب پی شبِ تاریک ہی تو ہو
روشن ہین صحن باغ مین ہر سو چراغ گل

ردیف میم

واعظ مسجد کو آب جاتی ہین میخانے کو ہم	پھینککر ظرف وضو لیتی ہین پیمانے کو ہم

ہی بجا گر وہ سہی قد جام مے لیتا نہین	گلشن عالم مین کب ہی سرو کو پروائے گل

داغ حسرت دلمین ہین لخت جگر آنکھون مین ہین
گلشن ہستی مین اے **ناسخ** یہ ہین پائے گل

ادھر آئی گئی ادھر شب وصل	نہین آئی مجھے نظر شب وصل
ہو بنا گوشش یار کا شکوہ	شام سے ہو گئی سحر شب وصل
کوس رحلت ہماری روح کو ہو	آج نقارۂ سحر شب وصل
تا شب تار گور صبح نہو	رہی اب یو ہین عمر بھر شب وصل
عیش کم غم بہت ہی دنیا مین	کیا عجب ہو جو مختصر شب وصل
صبح بھی ساتھ ہی نظر آئی	خواب مین دیکھی ہے اگر شب وصل
دیکھنا روز زندگانی کو	مختصر کب ہے اسقدر شب وصل
بے تکلف مثال زلف و عذار	صبح کے ساتھ آئی ہر شب وصل
شب ہجر آکے خواب مین وہ صنم	مجھسے کہتا ہے یاد کر شب وصل
شب مدفن سے وصل ہو جاتی	رہے اب میری زیست بھر شب وصل
اڑ گئی میری مرغ جان کی طرح	کو نہین رکھتی بال و پر شب وصل
جانب روز ہجر دوڑا ہون	ساحل گنگ چھوڑ کر شب وصل
صدمۂ صبح سے نجات ملی	کر گئی مجکو بے خبر شب وصل
کب شب ہجر تھی درازی مین	کوتہی مین ہے جسقدر شب وصل

ولہ

ہوتے ہین تیرے آگے گل سرخ یاسمن — گھٹتا ہے مارے شرم کے بے اختیار رنگ

تجھ مین جو رنگ و بو ہی کہان ہو وہ یاسمین — قربان تجھ پہ نکہت گل ہے نثار رنگ

یاد آگئین شباب کی رنگین مزاجیان — جب شام کو شفق کا ہوا آشکار رنگ

سرخ و سفید رخ ہے سیہ چشم خط سبز — آتے ہین ایک گل مین نظر مجکو چار رنگ

رہنے ندی اثر مرے رنگ شکستہ کا — ثانی ہے جسکے شبیہ مین گرا لاکھ بار رنگ

آنکھین جو روتے روتے مری لال ہوگئین — ہنسکر وہ بولے واہ ہی کیا آبدار رنگ

ای رشک سرو کہتے ہین مانند فاختہ — خاکستری لباس کا ہم خاکسار رنگ

اوس گل کی کیا کہو نہین تلون مزاجیان — ہوتے ہین ایک رنگ ہی پیدا ہزار رنگ

اشکونکی شست و شو ہی سیاہی نہ کم ہوئی — کیا پختہ رکھتی ہین مری شبہای تار رنگ

جس دن سے ہے گلال اوڑانیکا تجکو شوق — تیرے شہید ناز کا لایا غبار رنگ

گہ سرخ گاہ زرد کبھی ہے سفید آہ — پاتا نہین کوئی مرے منھ پر قرار رنگ

یاد آگئی ہے ہمکو رگ گل سی وہ کمر — ای اشک خون ہمارے گریباں کو تار رنگ

ناسخ ہے میر سلمہ اللہ کی زمین
اک معنی شگفتہ کو باندھا ہزار رنگ

کل تک وہ ہمکنار رہی مجسے کنار گنگ — ہی آج سیل اشک مرا ہمکنار گنگ

کب لکھنؤ سا شہر کوئی ہے کنار گنگ — ملجائے گومتی مین تو ہے افتخار گنگ

دن بھر جو پھول بہتے ہین تو رات بھر چراغ — فردوس مین بھی یاد رہیگی بہار گنگ

ردیف لام

دل تو کہتا ہے کہ چل کوچۂ جانان کی طرف
حکم وحشت یہ ہے کہ عزم بیابان کی طرف

ایسی نفرت ہے اگر خاک بھی ہو جاؤں میں
اوڑ کے جاؤں نہ کبھی کوچۂ جانان کی طرف

گلعذارو یہ ہوئی تمسے مجھے بیزاری
آنکھ اوٹھا کر کبھی دیکھوں نہ گلستان کی طرف

خشک ہو جائے خدایا میں شاخ کی طرح
ہاتھ جائے جو مرا کاکل پیچان کی طرف

کور ہو جاؤں نظر آئے نہ پھر کوئی شے
جائے گر میری نگہ عارض تابان کی طرف

ہو نہ کیوں گلزار جہان سے کہیں جنت کو مشتاق
دیکھوں جز حور نہ میں چہرۂ انسان کی طرف

جادہ ہو جائے مرے پاؤں میں زنجیر جنون
گر اوٹھاؤں میں قدم کوچۂ سلیمان کی طرف

اسقدر رنج ابارو سے اوٹھائے میں نے
کہ نہ فردوس میں دیکھوں کبھی غلمان کی طرف

شاعر اکثر ہیں یار اوسے کہتے ہیں
جاؤں لے کے خضر نہ میں چشمۂ حیوان کی طرف

آنجہا سے کہیں اوس روی کتابی کا خیال
خواب میں بھی کبھی میں دیکھوں نہ قرآن کی طرف

اوس پریرو کی نہ محفل میں کبھی جاؤنگا
کھینچ لائے جوش جنون گوشۂ زندان کی طرف

لعل و گوہر ہیں عرق بخت دل و اشک مجھے
کیوں نظر جائے کسی کے لب و دندان کی طرف

ہٹ گیا ہے یہ کسی گیسو و رخسار سے دل
کہ کبھی رخ نکروں گبر و مسلمان کی طرف

ہر مژہ خار مری آنکھ میں ہو جائے وہیں
گر میں دیکھوں کبھی محبوب کی مژگان کی طرف

قبض ہو جائے مری روح بھی یوسف کی طرح
دھیان آئے جو تری سیب زنخدان کی طرف

ضعف سے طاقت رفتار نہیں ہے ناسخ
دیکھوں حسرت سے نہ کیوں خار بیابان کی طرف

ردیف قاف

ردیف کاف فارسی

روا ہے جیسا کہ بیگانون سے بہتر	نہ مانگے آشنا سے آشنا قرض
عیادت کو وہ بت آیا پس از مرگ	مجھے دم بھر کو دے جان ہی خدا قرض
نہیں غم نقد جان گو ہاتھ سے جائے	نہیں عطار سے لونگا دوا قرض
گریبان چاک کر دیگا جو ہی شوق	جنون لیتا ہون کپڑے جا بجا قرض
ابھی دم بھر میں بے تکرار دونگا	کوئی بوسہ تو دے اے دلربا قرض
بہار افلاس میں آئی تو مین نے	گلون سا ہی زر برائے مے لیا قرض
کرے گا وعدہ صبح قیامت	ہمارے استخوان لیگا ہما قرض
مری کپڑون کی تو پرزی اوڑادی	جنون اب لون کسی گل سے قبا قرض
مری گھر سے چلا جو دم جب ہو ہو	کہا میں نے رہا مجھپر ترا قرض
ہوا میں افلاس میں نکلا سفر کو	برا ہے راہزن کچھ لے لیا قرض
وہ بادل ہیں جو لیتیں قرض آب دریا	مرون پیاسا نہ لون آب بقا قرض

ردیف حاء مہملہ

درد ہے مجکو ترا اے یار خط	روز پڑھ لیتا ہون مین سو بار خط
یکقلم لکھا ہے میں نے شوق وصل	سرخ کر اے دیدۂ خونبار خط
خواب میں بھی بس یہی کہتا ہون مین	خط منگا اے طالع بیدار خط
نامہ بر یارون کو پہونچاتا نہین	بکتے ہین میرے سر بازار خط

مرنے سے پہلے جو مرنا ہو تو سن لی تدبیر
بیٹھ رہ چپکے کسی کونے مین ہو کر خاموش

قیس نالان جو ہوا ہمنے ظرافت سے کہا
ہو گیا ہے جرسِ ناقہ لیلا خاموش

نرگس دیدہ ہرشن کو ہے بھلا کیا نسبت
چمنِ دہر مین ہے نرگس شہلا خاموش

ولہ

ساز و مطرب تری آواز سے ہین کیا خاموش
احتیاطاً ہو گئے داؤد بھی شاہا خاموش

ہم ہین اوس گل مین چلین باغ مین جو نقش برپا
ساتھ غنچو کے ہوئی بلبل شیدا خاموش

مست جب تک نہین ہوتی نہین ہم کرتی بات
مے اگر ہوتی نہین ہنستی ہے مینا خاموش

کسکو ای نور مجسم تری آگے ہو فروغ
کردیا تو نے چراغ ید بیضا خاموش

تو وہ اعجاز بیان ہی کہ تری محفل مین
شرم سے صورت مریم ہی مسیحا خاموش

ناطقہ بند کیا تو نے ہر اک ناطق کا
مشرکِ مکہ ہوئے صورت عزا خاموش

تاب دم مارنے کی کسکو بھلا تیری حضور
ہو گئی شمع تجلی مع موسیٰ خاموش

اٹکی رہتی ہی گلو مین تری ہیبت سے شراب
کیون نہو میکدہ دہر مین مینا خاموش

جب تری مسجد اقدس مین اذان ہوئے لگی
مثل بت ہو گئے ناقوس کلیسا خاموش

آپ کو مصحف ناطق کی قسم یا مولا
حشر مین میری شفاعت سے نہ رہنا خاموش

ردیف صاد مہملہ

زینہار ہو جیو نہ دلا مبتلای حرص
ذلت بھی دوڑی آتی ہی نادان قفای حرص

ردیف ضاد معجمہ

ایک مین جان سوختہ رہتا ہون عریان جیون — پیرہن خاکستری ہی ورنہ ہر اخگر کی پاس

چاند تاریکا جو گرتا پہنا تو نی اے صنم — ایک ماہِ نو نظر آتا ہے ہر اختر کی پاس

حسن کی طینت مین بھی اہل کیا صانع نی عشق — داغ سودا مین ازل سی لالۂ احمر کی پاس

کیون مشقت سی بناتا آئینہ فولاد کا — واقعی ہوتا دل روشن جو اسکندر کی پاس

ترک کفر آسمان ہی کب دین اہلِ جہان — آتشین مینا لیکر بت جاتی تھی پیغمبر کی پاس

تفرقہ جب تک نہین اضداد باہم ایک ہین — شیشہ بھی مثلِ شرر پنہان ہی ہر پتھر کی پاس

کسطرح افسوس اُن آتشین سی پھونکدون — ہی رقیب بی پیر ستا اوس پری پیکر کی پاس

بیڑیان سی بیڑیان توڑی ہین مینی ایجنون — جای آہن اہتو سیم و زر ہی آہنگر کی پاس

دور بھاگی کیون نہ لشکر تجکو تنہا چھوڑکر — ٹھہری ہے کب فوج انجم خسرو خاور کی پاس

روک ناسخ کو نہ ای رضوان در فردوس پر
بندۂ شیر خدا ہے جائیگا قنبر کے پاس

ردیف شین معجمہ

گر گئی ہی ہمین اک مست کی ٹھوکر بیہوش — صورتِ نقشِ قدم ہی نہ کیونکر بیہوش

ہوش کب جلوۂ دیدار مین رہتی ہین بجا — ہو گئے حضرتِ موسیٰ سی پیمبر بیہوش

فاقہ مستی سی ہمین بھی ہی بھلا ہوش کہان — ہین اگر نشۂ دولت سی تونگر بیہوش

ای فلک نشہ جو قسمت مین نہین غش ہی سہی — مغتنم جان مین ہو جاؤن جو دم بھر بیہوش

ردیف سین مہملہ

دیوان ناسخ جلد دوم

ہین تو دل دیتا ہون کرتا ہو وہ دلدار گریز
ہے عجب جنس گران جس سے ہی خریدار گریز

دھوپ ہین جاتی ہین تو ابر کی سیاہی کی طرح
ہمسری کرتا ہے ترا سایۂ دیوار گریز

ہو نہین آتش قدم ایسا کہ مری تلووں سے
مثل سوزان کرے صحرا مین ہر اک خار گریز

آج اوس نور مجسم کی ہنڈی ہین زلفین
سچ ہے خورشید سے کرتی ہے شب تار گریز

میرے اشعار مین لاحول کی تاثیر ہی کیا
یار سے سنتے ہی کر جاتے ہین اغیار گریز

گر و نامہ خط مشکین ہی ترا اپنے لیے
تجھسے کیا کر سکین وحشت مین ہم ای یار گریز

جذب دل کھینچ ہی لاتا ہی ادھر کو ہون ہی
کر چکا ہے وہ صنم مجھسے کئی بار گریز

آنکھین اوس مست کی دیکھین ہین تو میخانو سے
ہوش کی طرح سے کرنے لگے میخوار گریز

فاسق ماہی کی طرح داغ جنون سے ہے بنا
تیغ ابرو سے کریگا نہ دل زار گریز

دل ہو چلینیت تو کہان ہوش خرد صبر قرار
فوج کیا ٹھہرے بھلا جب کرے سردار گریز

امتحان غیرو نکا کرنے جو لگا وہ سفاک
قتل دو چار ہوئے کر گئے دو چار گریز

لشکر غم نے بہت تنگ کیا ہے ہمکو
کیجیے آب طرف خانۂ خمار گریز

مشتری جب نہوا کوئی ترے کوچے مین
ماہ کنعان نے بھی کی جانب بازار گریز

کیا شب تار جدائی کی سمائی وحشت
کر گئی روشنی دیدۂ بیدار گریز

یون مجھے دیکھکے بھاگا وہ بت سیمین تن
مفلسون سے کرے جس طرح سے زردار گریز

ظفر و فتح مبارک ہو تجھے ای ناسخ
کر گیا معرکے سے دشمن غدار گریز

فوج غم بھاگ چلی شیشۂ مَے لا ساقی	لشکر ابر نے کی طبل ظفر کی آواز

ولہ

ڈر دلا گو کہ نہین کاکل دلدار دراز
ایک ساز ہے کوتاہ ہو یا مار دراز

مژۂ یار سے ہے ابروی خمدار دراز
ورنہ برچھی سے کہان ہوتی ہے تلوار دراز

کر دیا ہے شب فرقت کی درازی نے نڈھال
غش سی بستر پہ ہون صورت بیمار دراز

کہکشان سی نہین کم جادۂ صحرای جنون
اسقدر کب تھے مری شہر کے بازار دراز

کفر کے سامنے اسلام کی مقدار ہی کیا
تیرے سبحہ سے ہی زاہد مری زنار دراز

کوتہی گرچہ شب وصل نے کی ہے لیکن
ہو تری عمر شب وصل سی ای یار دراز

بخت خوابیدہ بھی اوکتا گئی سوتے سوتے
کیا شب ہجر ہے ای دیدۂ بیدار دراز

پانون پھیلاتی ہوئی مست پڑا ہون لیکن
ہے مرا دست طلب جانب خمار دراز

راہ مین خاک نہ الجھائی کسی عاشق کی
اسقدر آپ نہ پہنا کرین شلوار دراز

سینے اشکون سی جو سیراب کیا صحرا کو
ہو گئی کیا مری تلوون کیلیے خار دراز

بال سر سے جو لپیٹے تو سمجھے یار کی شمع
ایسی ہوتی ہے بھلا کب کوئی دستار دراز

طاق ابرو کی تصور مین کرون ہاتھ بلند
ایسی مسجد کو منارے ہین سزاوار دراز

پردہ اوٹھتے ہی لگا جلنے فلک پر خورشید
اتنے ظاہر مین نہ تھے شعلۂ رخسار دراز

وصف کرتا ہون تو تقریر بڑھی جاتی ہے
ای صنم کیا ہے تری کاکل خمدار دراز

ولہ

ولہ

ولہ

ولہ

زر کے پیچھے طالب زر ہو رہے ہین کیا ہلاک
فائدہ کیا نقد جان بگر جو کوئی پائے زر

ردیف زای معجمہ

بیہوش ہو سن لی جو مری یار کی آواز
تاثیر مین کب ایسی ہے مزمار کی آواز

جب کان مین آئی قدم یار کی آواز
ساتھ اوسکے سُنی نالۂ اغیار کی آواز

نالہ کبھی کرتا ہون اگر بزم غنا مین
یہ ضعف ہے سب جانتے ہین تار کی آواز

نالان جو ہوا گیسوی پیچان مین مرا دل
ہنسکر وہ لگے کہنے یہ ہے مار کی آواز

غش کھا گئی گرسے رعد بھی بجلی کی طرح سے
سُن لے جو مری آہ شرربار کی آواز

خاموش جو بیٹھے ہین یہ بت ہین شہی خونخوار
سُنتا ہے کوئی کب لب سوفار کی آواز

ازخود نہین بول اوٹھتی جو ہین صاحب تمکین
بولے جو کوئی تب سُنے کہسار کی آواز

ای غافلو کھل جائین اگر گوش حقیقت
آئے دہن غنچہ سے بھی یار کی آواز

سُن سان ہے کیا ہجر مین کاشانۂ **ناسخ**
بولا نہ کوئی سینے کئی بار کی آواز

ولہ

مُردو نکو جلاتی ہے تری ناز کی آواز
اعجاز کا اعجاز ہے آواز کی آواز

کیا ہجر مین ناخوش آئی مجھے ساز کی آواز
یاد آتی ہے ہر دم کسی دمساز کی آواز

سنتا نہین نالی تو مری طائر دل کے
ایسی نہین مرغان خوش آواز کی آواز

ہلائے تھے ہجر مین کیون نہ کہ یاد آگئی ہمکو
وہ ناز کی رفتار وہ انداز کی آواز

شبنم اسپنے دیدۂ تر پر سمندر کا ہوا — پنجۂ مژگان مین سمجھا شاخ مرجان دیکھکر

کیون نہ کپڑے پھاڑ کر عریان اب ہو نخل بید
ہو گیا دیوانہ تیرا جسم عریان دیکھکر

تو ہی وہ گل ہی کہ تجھپر ہے فدا جان بہار — اس چمن مین ورنہ ہر گل پر ہی احسان بہار

اوڑتی پھرتے ہین بھلا کیا زینہ اوراق گل — مصحف رخسار اوس گل کا ہی ایمان بہار

مین ہوا عاشق جو اوس گل کا ہوا آغاز خط — جوش سودا کا ہوا ہے مجکو پایان بہار

زندہ ہوتی جاتے ہین گلہای مردہ یکقلم — آ بجو مین ہین چمن مین آب حیوان بہار

کر رہا ہون آبیاری باغ حسن دوست مین — دیدۂ گریان ہین گویا ابر باران بہار

تو نہین جاتا چمن مین گل نے پھاڑا پیرہن — ہن گئی موج ہوا موے پریشان بہار

تیرے روی آتشین آگی جاتا تھا فروغ — کر دیا باد خزان نے گل چراغان بہار

گل ہوی پژمردہ سب مرغ چمن مردہ ہوئی — آگی اوس گل کو نکلنے پر ہی اب جان بہار

کیا عجب ہے شکر محسن کا بشر کرتے نہین — ہی زبان برگ سی ہر گل ثناخوان بہار

جوش گل اوس شک گلشن کی جدائی مین نہین — بلبلو آلودہ خون ہے یہ دامان بہار

لائہ و گل کیا کہ ہین منقار نافرمان تک — باغ مین مانند جو جاری ہی فرمان بہار

کیون خزان حسن مین دیکھون نہ خط مشکبار — اسقدر دلکش کہان گلشن مین ریحان بہار

کیا زمین ہا تو شفق سی ہے گلستان آسمان — دیکھنا ای باغبان تو رفعت شان بہار

دیکھے اوس گلگون قبا کو حسن حشمت زا اگر — پیرہن ہر زی ہو ہر رنگ گل گریبان بہار

پارہ پارہ ہے دل سوزان مری آنکھوں مین نہین
نکلے ہین روزن مجمر سے یہ اخگر باہر

نور رخسار نہین زلف کی حلقون سے عیان
پردۂ شب سے نکل آئے ہین اختر باہر

باہر آتا نہین وہ طفل اگر اپنے گھر سے
طفل اشک اپنے نکل آتے ہین اکثر باہر

یہ تمنا ہے صنم ہو جو قیامت برپا
قبر سے مجکو نکالے تری ٹھوکر باہر

چشم و دل سمجھو نہ مستو ہی عجب ترم بدن
شیشۂ بادہ جو اندر ہے تو ساغر باہر

ہاتھ تیرا نہین دستانے سے نکلا قاتل
میان سے تو نے نکالا ہے یہ خنجر باہر

نقد جان کیسۂ قالب سے جو نکلی نکلے
دیکھ ممسک کہین تھیلی سے نہ زر باہر

منتظر بیٹھے ہین گھر مین کسی محبوب کے ہم
مثل تصویر نکلتے نہین دم بھر باہر

زلف و عارض کی تصور مین مری آہ کی سانس
شعلۂ دود دل آتا ہے برابر باہر

رات بھر تم تو کرو بادہ کشی محفل مین
مثل ساغر ہمین تا صبح ہو چکر باہر

بعد مرنے کے بھی ہے ساتھ یہان فصل بہار
قبر مین داغ جنون پھولون کی چادر باہر

کر دیا قتل ہزارون کو یونہین قاتل نے
میان سے بھی کبھی نکلا نہین خنجر باہر

آمد آمد جو سنی میری سہی قامت کی
باغ سے دور پڑے سرو و صنوبر باہر

خانۂ چشم مین جی یار جو نیند آنے لگی
مردم دیدہ یہ چلائے کہ باہر باہر

ای اجل تو نے غضب تفرقہ پردازی کی
قبر مین تو سر شوریدہ ہے پتھر باہر

ہین وہ بلبل ہون کہ ای گل تری گل تکیہ سے
بوسے لی لینے کو نکلین گی مری پر باہر

ناز حورون کی اوٹھائین یہ کہان ہمکو دماغ
ہو ہمارا در فردوس سے بستر باہر

شبہہ اسنے دیدۂ تر پر سمندر کا ہوا | پنجۂ مژگان مین سمجھا شاخ مرجان دیکھکر

کیون نہ کپڑے پھاڑکر عریان اب ہوئی ناسخ ہر
ہوگیا دیوانہ تیرا جسم عریان دیکھکر

تو ہی وہ گل ہی کہ تجھپر ہے فدا ایمان بہار | اس چمن مین ورنہ ہر گل پر ہی احسان بہار
اوڑتی پھرتے ہین بھلا کیا رنگ اوراق گل | مصحف رخسار اوس گل کا ہی ایمان بہار
مین ہوا عاشق جو اوس گل کا ہوا آغاز خط | جوش سودا کا ہوا ہے مجکو پایان بہار
زندہ ہوتی جاتے ہین گلہای مردہ یکقلم | آبجو مین ہین چمن مین آب حیوان بہار
کر رہا ہون آبیاری باغ حسن دوست مین | دیدۂ گریان ہین گویا ابر باران بہار
تو نہین جاتا چمن مین گل ز بہار ایبرین | بن گئی موج ہوا موے پریشان بہار
تیرے روی آتشین سے اگر جاتا تھا فروغ | کر دیا باد خزان نے گل چراغان بہار
گل ہوئی پژمردہ سب مرغ چمن مردہ ہوئی | آگ اوس گل کو نکلنے پر ہی اب جان بہار
کیا غضب ہے شکر محسن کا بشر کرتے نہین | ہی زبان برگ سی ہر گل ثنا خوان بہار
جوش گل وس شک گلشن کی جدائی مین نہین | بلبلو آلودۂ خون ہے یہ دامان بہار
لالۂ و گل کیا کہ ہین منقار نافرمان تک | باغ مین مانند جو جاری ہی فرمان بہار
کیون خزان حسن مین دیکھون نہ خط سبز یار | اسقدر دلکش کہان گلشن مین ریحان بہار
کیا زمین تا ہو شفق سی ہے گلستان آسمان | دیکھنا اسی باغبان تو رفعت و شان بہار
دیکھے اوس گلگون قبا کو حسن حشمت زا اگر | چہرہ زرد ہو بر رنگ گل گریبان بہار

ولہ

پارہ ہائے دل سوزان مری آنکھون مین نہین
نکلے ہین روزن مجمر سے یہ اخگر باہر

نور رخسار نہین زلف کی حلقون سی عیان
پردۂ شب سی نکل آئے ہین اختر باہر

باہر آتا نہین وہ طفل اگر اپنے گھر سے
طفل اشک اپنی نکل آتے ہین اکثر باہر

یہ تمنا ہے صنم ہو جو قیامت برپا
قبر سے مجکو نکالے تری ٹھوکر باہر

چشم و دل سمجھو نہ مستو ہی عجب نرم بدن
شیشۂ بادہ جو اندر ہی تو ساغر باہر

ہاتھ تیرا نہین دستانے سے نکلا قاتل
میان سی تو نے نکالا ہی یہ خنجر باہر

نقد جان کیسۂ قالب سی جو نکلی نکلے
دیکھ ممسک کہین تھیلی سے نہ زر باہر

منتظر بیٹھے ہین گھر مین کسی محبوب کے ہم
مثل تصویر نکلتے نہین دم بھر باہر

زلف و عارض کی تصور مین مری آگ کی سانس
شعلۂ دود دل آتا ہی برابر باہر

رات بھر تم تو کرو بادہ کشی محفل مین
مثل ساغر ہمین تا صبح ہو چکر باہر

بعد مرنے کے بھی ہی ساتھ یہان فصل بہار
قبر مین داغ جنون پھولون کی چادر باہر

کر دیا قتل ہزارون کو یونہین قاتل نے
میان سی بھی کبھی نکلا نہین خنجر باہر

آمد آمد جو سنی میری سہی قامت کی
باغ سے دور پڑے سرو صنوبر باہر

خانۂ چشم مین جو یار رہو نیند آنے لگی
مردم دیدہ یہ چلائے کہ باہر باہر

ای اجل تو نے غضب تفرقہ پردازی کی
قبر مین تو سر شوریدہ ہے پتھر باہر

ہین وہ بلبل ہون کہ ای گل تری نکہت سے
بو سے لی لینے کو نکلین گی مری پر باہر

ناز حورون کی اوٹھائین یہ کہان ہمکو دماغ
ہو ہمارا در فردوس سے بستر باہر

لیگیا صحرا کی جانب ان و حشوں کا
میرے داغوں کی برابر جب نہ نکلا آفتاب

شیر غم پیچھے پڑا یان کیا ہی پچھاڑ کر
صبح کیا نادم ہوئی اپنا گریبان پھاڑ کر

ولہ

خاموش ایکدم نہیں ہے ہنتا دہانِ گور
گویا ہمارا لاشہ ہوا ہی زبانِ گور

بیخانے سی بلا کے نکالے نہ جائین
مرجاؤن مین تو لوگ رہین پاسبان گور

خادم ہو تیرے بنی وہ فرشتے عذاب کے
گھر ہو گیا ہے ہجر مین مجکو بسان گور

بدتر ہے مزبلہ سے بھی دیکھین جکو لکر
ظاہر مین معبدی سے بھی بہتر ہی شان گور

ہی صحن خانہ عرصۂ محشر نگاہ مین
تہ خانہ پر ہے ہجر مین مجکو گمان گور

تا روز حشر جا کے نکلتا نہیں کوئی
دنیا مین بس پسند ہی مجکو مکان گور

کھانے پکا پکا کے دلاتے ہین فاتحہ
مردہ غذائے مور ہوا درمیان گور

مردون کے نام سی بھی کوئی آشنا نہین
کیا فائدہ رہا جو ہمیشہ نشان گور

گلشن بنا دیا مجھے ناسخ کے داغ نے
سُن تو زبان حال سے یہ ہی بیان گور

ہمرہ ہو بار ای محتسب باشد مینا دوش پر
ہی برنگ جوش سے اپنا لہو بھی جوش پر

ہے جدا وہ ماہ مجھسے داغ سوزان ہکنار
ہالۂ خورشید کا عالم ہی آب آغوش پر

ہے شب مہتاب یا روز سیہ مین آفتاب
پھبتیان ہو جسمین یہ وس محبوب کمل پوش پر

ہو گئی گنجی ہمین صبح نسیم نو بہار
تھا برنگ غنچہ قفل اپنے لب خاموش پر

کچھ شوق دل لکھا تو لگا کھنے نامہ بر
نامہ اوٹھانیکو کروں تدبیر دوش پر

اوس مرحلے مین خانہ بدوشی ضرور ہے
گھر اپنے واسطے کروں تعمیر دوش پر

مجھ رند بد عمل کے جنازے کو گر لگے
ثابت ہو روز حشر یہ تقصیر دوش پر

اوس گل کے پاس مین زمستان مین ہے بہار
گلزار ہے دوشالۂ کشمیر دوش پر

ناسخ نہ کس طرح ہو دو بالا علی کی قدر
جس دم چڑھائے مالک تقدیر دوش پر

مین ہی مرتا نہین کچھ اوس بت لاثانی پر
جان عالم کی نکلتی ہے مری جانی پر

کیا ہوا وہ سرو خرامان کی غذا غیر سراب
کرو رختون کی قناعت ہی فقط پانی پر

رکھدیا دل ترے آگے جو اوسی سرکا کر
رحم آیا مجھے آئینے کی حیرانی پر

کیون نہو محو قد یار کہ مثل آزاد
سر نوشت ایک الف ہی مری پیشانی پر

آتی جاتے تجھے دیکھون نہ ملی غیر کو بار
کاش ہو جاؤن مین نوکر تری دربانی پر

بہر کفن مجکو بدلنے کی نہین ہی حاجت
غش کرون کیون نہ بھلا جامۂ عریانی پر

غش مین موسیٰ کی طرح صاعقۂ طور گرا
کیا تجلی ہے ترے چہرۂ نورانی پر

دشت غربت مین جو گمراہ پڑا پھرتا ہون
کیا مین عاشق ہون کسی غول بیابانی پر

گرچہ ہے نظم مگر نثر کا ہوتا ہے گمان
یہ غزل دال ہی ناسخ کی پریشانی پر

آئے یارب جلد در پر نامہ بر
دے مجھے مکتوب دلبر نامہ بر

۶۳

ناسخ نے لکھا ہے غم پنہان کا حال
خط اوسے دیتے چھپا کر نامہ بر

ولہ

غیرون کو دکھا دیا مرا خط
شامت سے خط سے قاصدِ یار

مجنون کی طرح ہین دیکھ پیغام
جاتا ہون تف سے قاصدِ یار

گو مردہ ہون ایسے ہے تم بازوقی
واللہ صدا سے قاصدِ یار

خط کے عوض جواب نامہ
موت آتی بجائے قاصدِ یار

کانون کو ہے اشتیاق ہر دم
آواز سنائے قاصدِ یار

آنکھون کو بس آپ ہی سے ارمان
مکتوب دکھائے قاصدِ یار

ناسخ نہین انتظار مجھکو
واللہ سوائے قاصدِ یار

ولہ

بھائے جراح کہ اب نامہ بر آہو پہنچا ہی	بدلے پھائی کے رکھون داغ جگر پر کاغذ

کیا مین افلاس مین خط یار کو لکھون ناسخ
نہ قلم ہے نہ سیاہی نہ میسر کاغذ

ہی کیا ہی بوسۂ لبِ شیرین دہان لذیذ	شفتالو ایسے باغ جہان مین کہان لذیذ
سیب ذقن ترا ہی جو ای جان جان لذیذ	ایسا نہ لائے میوہ کبھی باغبان لذیذ
گر ہے برنگ کوزۂ مصری دہان لذیذ	شاخ نبات سے ہی تمھاری زبان لذیذ
ہیرے دہان زخم سی چھٹنا ہوا محال	قاتل ہی کس قدر تری نوکِ سنان لذیذ
کیا رکھے پیش غم جگر و دل بھنی ہوئی	لاتے ہین سب طعام پے میہمان لذیذ
ہوگی سگ و ہما مین بسی زمرگ خوب جنگ	ہین کیا ہی عشق لب سی مری استخوان لذیذ

دنیا مین تلخکام ہے ناسخ تو غم نہ کھا
ہونگے تمام میوۂ باغِ جنان لذیذ

ردیف رای مہملہ

اے دل اگر آئے قاصدِ یار	چومون کف پائے قاصدِ یار
اُجرت مین مال تو ہے کیا مال	ہے جان فدا اسے قاصدِ یار
ہے پیک اجل کی آج آمد	پہلے کہین آئے قاصدِ یار
ہون تنگ جو انتظارِ خط مین	کہتا ہون مین ہائے قاصدِ یار

تیرے بغیر شیشے مین وہ زہر ہی کہ ہو
جام بلورِ ساقیِ پیمانہ شکن کبود

کیا اتحاد ہے کہ وہ پیٹا ہوگا اگر
مدفن مین ہو گیا ہے ہمارا بدن کبود

رندون کی حال پر ہے مجھے ماتم نہ زہد کی
بعد از وفات چاہیے جنکو کفن کبود

پان وسمی کو دیکھکے بولا بہت ظریف
ثابت ہوا کہ مرد ہی سرخ اور زن کبود

تو تو لہو مین لال ہوا پر اثر کہان
شیرین کا سر ہوا نہین اے کوہکن کبود

اشنان کشن جی نے کیا ہی جو دن تون
ابتک اسی اثر سے ہی رنگِ جمن کبود

وہ سیب باغ ہی کہ گراتی ہین سنگ سی
ہو جای سونگھتے ہی وہ سیبِ ذقن کبود

باغِ جہان کا حال دگرگون ہی کیا عجب
سوسن ہو سرخ اور گلِ نارون کبود

کیسا ہی ہو قریب نہوگا شریک رنج
کیا چوٹ سی ہو مثل بدن پیرہن کبود

چشم کبود یار کو کیونکر مثال دون
ناسخ نظر پڑا نہین ابتک ہرن کبود

تپ سی جلتا تھا بدن میرا ہوا ای یار سبز
کس قدر تاثیر مین ہے شربتِ بیدار سبز

ردیف ذال معجمہ

قابلِ نامۂ محبوب کہان پاین کاغذ
زرری ہی نہین ممکن ہی زرافشان کاغذ

میری مکتوب سی ایسی ہوئی نفرت اوسکو
کہ کوئی آب نہین چھوتا کسی عنوان کاغذ

دستِ پرنور مین نامہ جو مرا اوسنے لیا
ہو گیا صاف بہ رنگِ مہِ تابان کاغذ

چاند کے جلوے سے بندھتا ہے خیال آفتاب
نوجوانون کے سر و پر طرۂ گل دیکھکر

چاندنی مین مجھکو ساقی بیشتر آتا ہے یاد
ایسے جنون پیری مین مجھکو داغ سر آتا ہے یاد

خشک ہو جاتا ہے حاسد کا لہو سنتے ہی ساتھ
کوئی ناسخ کا جو مجھکو شعر تر آتا ہے یاد

پیری مین ہوئی نالۂ گرم اپنے دلا سرد
رکھا ہے قدم کوچۂ جانان مین جو ہمنے

معمول ہے چلتی ہے دم صبح ہوا سرد
جلتا ہے بدن تپ سے گریہ کہف پا سرد

کس مرتبہ باہم ہے مزاجون مین تخالف
جب گرم ہوا یار تڑپ کر مین ہوا سرد

حیران ہون کیون ہاتھ تری سنگدلی
کہتے ہین کہ تاثیر مین ہوتی ہے حنا سرد

بیٹھو دہون شب فرقت محبوب مین ایسا
معلوم نہین آہ مری گرم ہے یا سرد

ولہ

پہنے وہ جسم جو پیرہن زرد
ہو جائے سفید یاسمن زرد

پہنا ہے جو تونے پیرہن زرد
یان ہے یرقان غم سے تن زرد

غصّے سے وہ گل جو لال ہوگا
ہو جائیگی ساری انجمن زرد

گلگشت کو آئیگا جو وہ گل
گل ہونگے برنگ یاسمن زرد

دل خون ہے مرا برنگ لالہ
گنبد کی روش سے ہے بدن زرد

گو آئے خزان چمن مین وہ گل
ہوگا نہ یہ غنچۂ دہن زرد

ہوئی یان آمد و رفت نفس بند — قبا کے اسقدر ظالم نہ کس بند

غبار دشت مجنون کیا ہے سرمہ — کہ ہو جاتی ہے آواز جرس بند

سمائے گا نہ دستون مین بھی مطلب — ہوے القاب مین تصرف دس بند

شب فرقت مین ہم پھرتے ہین نالان — زبان ہوتی نہین مثل جرس بند

کہان وہ اےجنون صحرا نوردی — ہوئے زندان مین ہم اگلی برس بند

مین فریادی نہین افسانہ خوان ہون — کرے گا خواب چشم دادرس بند

ولہ

قدر اپنی تیری طرح سے ہے جان جان بلند — آواز جیسے ہوتی ہے وقت اذان بلند

ایسے ہین میری نالۂ آتش فشان بلند — ہو آگ کی طرح سے بھی جنکا دھوان بلند

ادنی جو ہین ہونگے وہ اعلی کسی جگہ — ہر جا زمین پست ہے اور آسمان بلند

کس سے مثال دون ہے عجب بارگاہ دل — اسکا تو عرش سے ہے کہین آشیان بلند

کیا زاہد و نگہ ظاہر و باطن مین فرق ہے — دالان خانہ پست ہے اور آستان بلند

بجلی جلائی گلشن ہستی ہین ہم صفیر — صیاد کے جو ڈر سے کرون آشیان بلند

دیکھو تو مہر و مہ کو طلوع و غروب کو — رکھتا ہے کسکو چار پہر آسمان بلند

قامت مین جو کہ کم ہے وہ قیمت مین ہے زیاد — رہتے ہین سرو سے ہے وہ سرو روان بلند

آسان میری پستی طالع کا بھی علاج — جنبش ہوا کو ہو تو ہوئین ناتوان بلند

دل مین جگہ تو دے غم دنیا کو بیوقوف — قدر مکین ہے پست شکوہ مکان بلند

۵۹

ولہ

پیر لگائے گا مجھے شوق اگر چاہے گا	اپنے گھر کی تو بنا شوق سے دیوار بلند

ولہ

میری ہاتھوں نے گریبان کی کیے تار پسند	میرے پاؤن نے بیابان کی کیے خار پسند
عشق شیرین وہ ستمگر ہوئے دشوار پسند	قبر کو ہم بھی کرین اب کوئی کہسار پسند
دمبدم آئینے کے دیکھنے سے ثابت ہے	کہ بہت آپ کو ہین دیدۂ بیدار پسند
کیا دکانوں سے چلے سنگ ترازو مجھپر	ہوش سودا مجھے آیا سر بازار پسند
جھانکنے کے لیے جسمین ہون دڑاڑین رخنے	ای پری پردہ ہے مجھے ایسی ہی دیوار پسند
دل لگایا ہی کہین نام خدا تو نے بھی	ورنہ کیون آتی ہین اب تجھکو اشعار پسند
کہتے ہین ہوتی ہے بات اوٹھی پریزاد و نگی	اے پری ہے تری اقرار سے انکار پسند
غیر کے دل سے مرا دل ہے اگر خوب تو کیا	ہے وہی جنس کرے جسکو خریدار پسند
جب سے عاشق ہون تمنا ہے یہی دو ہو عشق	جز شفا کچھہ نہین کرتا کوئی بیمار پسند
کر دیا تو نے ستمگار یہ حال ایسا	اب مرا دل نہ کریگا کوئی دلدار پسند
کوئی دیکھے نہ مجھے مین نہ کسی کو دیکھون	فرقت یار مین ایسی ہی شب تار پسند
جس سپاہی نے تری ابروی پرخم دیکھی	اوسکو آتی نہین کوئی کبھی تلوار پسند
یہی گھر رنج سے خالی نظر آیا مجھکو	اس خرابات مین ہے خانۂ خمار پسند
چین آتا نہین کوچۂ جانان کے سوا	یہ چمن کیا کہ نہو خلد کی گلزار پسند

سرخ تھا خون سے فرہاد کے پانی تمام
لوگ سمجھے ہیں کہ جوئے شیر ہوگی جو سفید

آسمان جام پر تیری تجلی دیکھ کر
زرد ہر خورشید رہ جاتا ہے ہر مہ رو سفید

چاند کو کہتی ہیں سب ہر چند کاسہ شیر کا
پر کہیں اس سے ہے تیرا کاسۂ زانو سفید

خال ہے روئے زمین پر اک سیہ خانہ ترا
چاندنی سے ورنہ آتا ہے نظر ہر سو سفید

مثل نجم ذو ذنب چہرہ ترا ہو جائیگا
عالم پیری میں جب ہونگے ترے گیسو سفید

ہوگئی ہے صبح لیکن ہے شب عشرت وہی
عہد پیری میں نہیں ہوتی ہماری مو سفید

ہجر میں یوں چاندنی راتیں سیہ ہیں جس طرح
ماہ عارض سے نہیں ہوتی شب گیسو سفید

بارہا دیکھا ہے ناسخ پر نہیں رہتا ہے یاد
شاخ شبو سبز ہوتی ہے گل شبو سفید

زیست بھر ہوگی نہ یاں چشم خیال یار بند
غم نہیں کر اپنے گھر کے روزن دیوار بند

باغ میں جاتا ہے جب بند قبا کھولے وہ گل
غش سے ہو جاتی ہے چشم نرگس بیمار بند

یوسفستان ہوگئی ہیں کوچہ ہائے لکھنؤ
ایک مدت سے پڑا ہے مصر کا بازار بند

نیند آئیگی کہ موت آئیگی ہجر یار میں
دیکھیے کیونکر ہوں اپنے دیدۂ بیدار بند

بارہا گلشن میں سنتی ہے مری گلبانگ کو
مثل غنچہ بلبلوں کی ہو گئی منقار بند

باب توبہ تو کھلا ہے تو بھی جاؤں میں
کر لیا ہے تو نے دروازہ جو اے خمار بند

مردے جی اٹھے تری ٹھوکر سے زندہ مر گئے
کھل گئیں دو چار آنکھیں ہو گئیں دو چار بند

قیس سن لیتا ہماری برہنہ پائی کا حال
کیا کریں ہے دشت وحشت میں ہزاراں خار بند

ولہ

۵۷

گورے بدن پہ اوسکی نہین پیرہن سفید — یہ نسترن سفید ہے وہ یاسمن سفید

بس ہے تیری دانت ہین ای سیمتن سفید — ایسا نہین ہوا کوئی دُرِّ عدن سفید

ای رشک شمع و ماہ ترا نور دیکھکر — انجم کی ہو رہی ہے تمام انجمن سفید

ای گل تری حضور نہ ٹھہری کوئی بھی رنگ — ہو جای ایکدم مین بیا چمن کا چمن سفید

اوڑ جای رنگ تیری لب لعل کی حضور — بلور کی طرح ہو عقیق یمن سفید

آئی بہار ہر بن مو سے ہے جوش خون — ہو جای سرخ پہنون اگر پیرہن سفید

نسبت ہی میری ماہ کی گوری بشی کیا — ہے جیب سے تو ماہ کا سارا بدن سفید

ولہ

تمھارے چہرے کے آگے ہے آفتاب سفید — نہ کیون برنگ شفق سرخ ہو نقاب سفید

تمھارے چہرۂ تابان نے یہ نکالا رنگ — کہ آفتاب ہے زرد اور ماہتاب سفید

ہوا نہین مری مژگان تر سے تر رومال — یہ ہے شہاب سیہ اور یہ سحاب سفید

ولہ

ہوئے رونے سے مری دیدۂ بیدار سفید — بلکہ اشکون نے کیا رنگ شب تار سفید

آنکھین خوش چشمون کی تجھ سے ہین ای یار سفید — جس طرح ضعف سے ہو چہرۂ بیمار سفید

ہو گیا ضعف سے میرا بدن زار سفید — نظر آتا ہے صنم صورت زنار سفید

[illegible]

سرخ دیکھا جو خوشی سے مری چہرے کو کبھی
ہو گیا غم سے رخ دشمن بے پیر سفید

سادگی میں جو مزا ہے نہیں رنگینی میں
ای عنم دیکھ لہو سرخ ہوا شیر سفید

شوخ ہے رنگ سنہرا یہ تری سینے کا
صاف آتی ہے نظر سونے کی زنجیر سفید

ابروون پر ہے گلال اور مژہ پر ہے عبیر
سرخ آتی ہین کمانین نظر اور تیر سفید

خون سفید ایسا ہے ابنای زمانکا ناسخ
کیجے قتل جو اونکو تو ہو شمشیر سفید

ولہ

[illegible]

ولہ

[illegible]

غزل ۵۵ [illegible]

مثل نسرین بدن یار ہے جز خال سفید
ہے سراپا مین سیاہی کمر اک بال سفید

ہو گیا پیر جوانی ہو گئی آخر شب ہجر
صبح امید ہوئی تار مرے بال سفید

کیا فقط اشکون نی آنکھونکی سیاہی دھو دی
کہ ہوئی ہین مری پلکونکی بھی سب بال سفید

ساری بازار کو سودا ہے مری یوسف پر
ہو گئے زر خریدار تو دلال سفید

میری بختون نو زمانی کی سیاہی لے لی
ہو نہ جائین کہین قاتل تری اب بال سفید

چاندنی گرد قدم چاند ہر اک نقش قدم
رات کیسی ہو سیہ کردے تری چال سفید

آگیا یاد سیہ خانہ وطن کا مجکو
دشت غربت مین جو رہنے کو ملی چھال سفید

نہین ممکن کہ سیہ دل ہنوز زرداروں کا
ایک دن مین ہو سیہ کیسی ہی ٹکسال سفید

حسن کو چاہیے انداز و ادا ناز و نمک
لطف کیا گر ہوئی گورونکی طرح کھال سفید

دم مین یاقوت ہو تاثیر لب جانان سے
ہو جو قلیان مین بلور کی مہنال سفید

اگئین یاد جو رونے مین نشیلی آنکھین
اشک ٹپکے مری آنکھون سے لعل سفید

[illegible]

ولہ

[illegible]

مقبول ہوا ہے دعائے ناسخ
جلد آئے پیام یار قاصد

ولہ

ہو جلد کہین گزار قاصد
[illegible] ہون نثار قاصد
آنکھون کو ہے انتظار قاصد
[illegible] ار قاصد
[illegible] جلد ہوئے [illegible]
[illegible] بار رقت قاصد
[illegible] قاصد
[illegible] رقاصد
کیون کر لاسکے جواب جب تک
کب اسمین ہے اختیار قاصد
[illegible] قاصد
پوچھون گر دِ عذار قاصد

ابھی دریاے اشک امنڈ آئے
گردون گر سیر آب ای قاصد

مرکے جاؤن جو خلد مین بیشک
ہو سقر کا عذاب ای قاصد

وہم مین بھی کبھی نہ تھے یہ دن
ہی جدائی کا خواب ای قاصد

خطِ ناسخ کا لا جواب شتاب
ہو دعا مستجاب اسے قاصد

آیا نہیں پھر کے آہ قاصد
تکتا ہون مین کب سی راہ قاصد

آتا ہے کبھی جو ہوش مجکو
کہتا ہون یہی کہ آہ قاصد

مکتوب صنم دکھائے مجکو
پشت و روسے سیاہ قاصد

ہون دست نگر ادسی کا ہر دم
مین مثل گدا ہیون شاہ قاصد

اوس ماہ کا لیکے خط کری جلد
طے راہ کو مثل ماہ قاصد

قاصد قاصد مین کر رہا ہون
کیا دیر لگائی آہ قاصد

ان روزون ہواس کس طرح آئین
آتا ہے گاہ گاہ قاصد

جلد آیا نہیں مین مرچلا تھا
جیتا رہے دیر گاہ قاصد

لکھے ہین مرے نصیب مین رنج
تیرا نہیں کچھ گناہ قاصد

طے راہ کو جلد تو کیا کر
مثل پیک نگاہ قاصد

احباب سے ہے اضطراب کہنا
ہے تو ہی مرا گواہ قاصد

میرے تن خشک کا نمونہ
لیجا کوئی برگ کاہ قاصد

ناسخ مین ہوا ہون [illegible]
جب [illegible] یار قاصد

ولہ

[illegible]

حنائی ہاتھ ذرا دیکھو اوس سہی قد کے	بھلا یہ سرو نے پائی کہان بہار کی شاخ
یہ دست جو دہی رہتا ہے سب سے بالادست	وگرنہ پست ہے ہر نخل بار دار کی شاخ
ہوئی ہین کیا ہی تہی دست ہائی اہل وطن	نہ اس چمن مین رہی کوئی برگ و بار کی شاخ
مین لیکے ہاتھ مین ریحان یار مرتا ہون	جریدتین کو لاؤ کوئی انار کی شاخ
ہماری قتل کو آمادہ ہے وہ خوش قامت	نکالی سرو نے شمشیر آبدار کی شاخ
یہ اپنی پانوؤن مین پرخار دشت وحشت مین	کہ لوگ جانتے ہین نخل خار دار کی شاخ
بجای شمع یہان سوز داغ حسرت سے	ہر ایک جلتی ہے نخل سر مزار کی شاخ
شگفتہ رہتے ہین گلہای معنی رنگین	نہین ہے خشک مری کلک مشکبار کی شاخ
برابری کبھی کی تھی جو اوسکے ابرو کی	مڑور ڈالی ہے کیا آہوی تتار کی شاخ

خیال زلف مین ہم باغ جو گئے ناسخ
تمام برگ تھے کھینچے ہر ایک مار کی شاخ

ردیف دال مہملہ

آپ مجھسے ہو ہمکنار قاصد	کر لون مین تجکو پیار قاصد
بر آئے ترے قدم کی دولت	امید امیدوار قاصد
قسمت سے ایک تو پھرا ہے	بھیجے سینے ہزار قاصد
آنکھون سے نکالون پانون پھیلا	گر کوئی چبھا ہو خار قاصد

ردیف فای معجمہ

وصل کی شب ہوگئی آخر ہوا عالم سیاہ
آج کیا ابر عکس آتی ہے نظر تاثیر صبح

وہ پری پیکر سراپا ہی برنگ آفتاب
ہین سفید اوسکی جو کپڑا اوڑھین ہی تنویر صبح

فرقت محبوب مین ہی ماہ نو شمشیر شام
ہی ہماری جان کو خط شعاعی تیر صبح

چھا رہی ہے میری بختون کی سیاہی ہر طرف
کیجیے شب فرقت مین ای ناسخ نہین تقصیر صبح

وله

مشک آتی ہی شاید پیکر کافور صبح
آج فرقت مین برنگ شام ہی دیجور صبح

چہرۂ ساقی چمکتا ہے برنگ آفتاب
بادۂ گلگون شفق ہے ساغر بلور صبح

آگیا جو میکشو مجکو صبوحی کا خیال
بنگیا بینلے مے ہر دانۂ انگور صبح

ہجر مین ہے آج میری جان کو دیو سفید
وصل مین کل گوری گوری تھی برنگ حور صبح

مرغ زرین فلک اڑتے بھی نکلا نہین
یہ شب فرقت ہی ای نادان ابھی ہی دور صبح

وقت ہو وقت آگیا ہے بستر وہ آفتاب
ہوگئی ہے بارہا شام شب دیجور صبح

نیش عقرب سی زیادہ رات بھر پہونچے گزند
بند کر دے اخترون کی خانۂ زنبور صبح

کہتے ہین مر دے کسیکی حسرت دیدار مین
کر شب تار لحد کو ای صدای صور صبح

بھاگتا ہے مرہم کافور میری داغ سی
جس طرح خورشید نکلا ہوگئی کافور صبح

میری آنکھون مین کہان ٹھہرا چراغ آفتاب
ہی شب فرقت سیاہ آنکھون مین ہی معذور صبح

دیکھ ای موسی تجلی اور اوس محبوب کی
طور کا شعلہ ہے خورشید درخشان طور صبح

ہجر مین ظاہر سب آثار قیامت ہوگئے
پردۂ شب مین رہیگی تا کجے مستور صبح

وله

کہ رہا ہی اندنون میری طرح ہر گلعذار
عطر اوسکے نقش کی گل کا اب ای عطار کھینچ

میرے زخمون کی اگر ٹانکی تجھے منظور ہین
ای بتِ خونریز اپنے پیرہن کی تار کھینچ

ہجر ساقی مین بطِ می ہوگئی جلکر کباب
جای قلقل ای صراحی آہِ آتش بار کھینچ

تو تیا کر اپنی آنکھو نمین غبارِ رفتگان
پنجۂ مژگان سی پای ماندگان کی خار کھینچ

چاہیے تقلیش اوس مہ رو کی چوٹی کی لیے
چرخ گردون پر اب ای خورشید زرین تار کھینچ

نقشہ کافی ہی مصور میرے جسمِ زار کا
بس یوہین تصویر مین ہوی میان تار کھینچ

بھر رہا ہی کیا ہی ظالم تیری خاطر مین غبار
شوق سی اب میرے اپنی بیچ مین دیوار کھینچ

پای مجنون کی قسم ہی تجکو ای دستِ جنون
چھوڑ کر میرا گریبان دامنِ دلدار کھینچ

جلتی ہی اوس بت کی فرقت مین دلا یادِ بہار
باغ مین تو بھی دمِ آتش فشان و چار کھینچ

دیکھکر ظرفِ وضو یاد آتی ہین ظرفِ شراب
جلد مسجد سی مجھے ای خانۂ خمار کھینچ

ہوگیا مانندِ پنجہ مار ہی چاکون کو دلا
تو بھی شانی کی طرح اب گیسوی خمدار کھینچ

چین ابرو کی نہین برداشت ای قاتل مجھی
غم نہین تلوار مجھ پر دن مین سو سو بار کھینچ

وصل ہی معشوق کا معراج عاشق کو لیے
چھوڑ ساقِ عرش ناسخ ساعدِ دلدار کھینچ

ردیف جای حطی

گر نا کہین نہ ساتھ رقیبون کی جان کوچ
کر جائیگی بدن سی ابھی میری جان کوچ

ہم سر شکی کلبۂ احزان مین رہ گئے
یوسف کو لیکے کر ہی گیا کاروان کوچ

ہون بیقرار وادیِ غربت مین اسقدر
اک آن ہی مقام تو ہی ایک آن کوچ

۵۱

ردیف صاد مہملہ

ردیف جیم فارسی

دیوان ناسخ

٥٠

یان جوشِ خون ہے میرے کمانداری کہو
گر لے نہ خشکیٔ لبِ سوفار کا علاج

سوئی کو بھی خلل یہی تا زندگی رہا
عیسیٰ سے کیا ہو لکنتِ دلدار کا علاج

آزار رشتہ ہو تو شفا کی امید ہو
مشکل ہے عشق رشتۂ زنار کا علاج

جز منتِ خاک اور نہیں خاک میکشو
زخمِ دہانِ واعظِ مکار کا علاج

زلفوں کو کیوں نہ ربط ہو رخسارِ یار سے
ہر روز آفتاب سے ہے مار کا علاج

منگواؤ جای خاک شفا خاکِ کوی یار
منظور ہے جو ناسخ بیمار کا علاج

ترے گالوں پہ واری چاند سورج
کہاں ایسے ہیں پیارے چاند سورج

نہیں ہیں احمد و حیدر کہ حق نے
فلک پر سے اوتاری چاند سورج

ہوا ہے شق و رجعت سے یہ روشن
سمجھتے ہیں اشاری چاند سورج

تم ایسے دونوں بھائی ہو کہ دن رات
رہے تابع تمھارے چاند سورج

تم ایسے نورِ خالق ہو کہ تم سے
ہوئے روشن ستاری چاند سورج

نبوت کا جو احمد آسمان ہے
ہوئے سلطین باری چاند سورج

نہیں آئینہ میں روے عرقناک
ہوئے ہیں جمع تارے چاند سورج

تصور میں جو ہے وہ روے پر نور
ہیں میرے داغ ساری چاند سورج

تری نوبت ہو ساری سیم و زر کی
نظر آئیں نقارے چاند سورج

رواقِ چرخ سے کرتی ہیں دن رات
جھنکیں تیرے نظارے چاند سورج

اشک خونین ہین جو ہون غلطان تو وہ سیلاب ہین — کیا مشابہ ہے مری تقدیر سی تقدیر موج

ہون وہ خوش طالع مری جانب ہو تقدیر نہنگ — ہوا اگر دریای آفت خیز مین تاخیر موج

سیل اشک آنکھونکی باہر ضبط سی آتا نہین — پنجۂ مژگان تر رہتی ہین دامنگیر موج

سوز غم سی آتش ہلکردہ ہی سیلاب اشک
ہی برنگ شعلہ ناسخ اندنون تنویر موج

ہی نگاہ و ابرو و مژگان و چشم یار کج — فوج کج مجسے نہو کیونکر کہ ہی سردار کج

کیا ہی منہہ کرتا ہی ٹیڑھا دیکھتا ہی جب مجھے — کردی یارب وی دشمن لقوی کا آزار کج

خیریت چاہی تو سیدھی چال چل اودمال مست — گرتے ہین نشہ مین چلتی ہین اگر میخوار کج

کج ادائی یار کی مجکو گوارا ہے دلا — پر غضب یہ ہی کہ آپ ہنی لگی اغیار کج

وہ گئی دن جو ہمیشہ مجسے سیدھی آنکھ تھی — جب ہتب مین اتو پاتا ہون نگاہ یار کج

پھر گئے بندی تو برگشتہ نہو کیونکر خدا — دیکھی مسجد خانہ ہای خلق سی سو بار کج

راستی کا نام بھی اس شہر مین سنتی نہین — کیون نہون سب لکھنو کی کوچہ و بازار کج

ہین کجی مین مردم کج طبع بھی کتی کی دم — راست انکو کیجیی سو بار ہون سو بار کج

بھون نہین کیون بل ڈالتی ہو مجکو ای جان دیکھکر — کیا رہی قیمت جو ہو جائی کوئی تلوار کج

پڑ گئی گلشن مین جو ای گل تری ٹیڑھی نگاہ — ہو گئی ہر ایک شاخ نرگس بیمار کج

ہی مساوی اہل دنیا کی کجی و راستی — راست ہین ہم سی اگر دو چار تو دو چار کج

تانے ہی دن رات سر جنگ حوادث آسمان — سر پھرا ہی سر کشو رکھتی ہو کیون دستار کج

[illegible]

فصل گل جبتک ہی رہنے دی برنگ گل یونہین
میری چاک پیرہن ناصح نہ تو سینا عبث

میری قسمت مین وصال ونکی نصیبون مین فراق
کیا قصور آہین مرا غیرونکو ہی کینا عبث

شیشۂ مے ملتی جاناں ہی ساغر چشم مست
میری محفل مین ہی ساقی ساغر و مینا عبث

ترک کر دون مین جو نظارہ بتونکا واعظا
کیا کیے پیدا خدا نے دیدۂ بینا عبث

ردیف جیم عربی

کرتا نہیں مرے دل افگار کا علاج
ہر دم ہے زخم روزن دیوار کا علاج

موقوف ہی حنوط کی کافور پر ولا
مجروح تیغ ابروی خمدار کا علاج

اوس رشک گل کو طلب مین مہارت ہی اسقدر
چاہے کرے وہ نرگس بیمار کا علاج

ولہ

سانپ لہراتے ہین فرقت مین نہین آثار موج
کف نہین دریا مین پھیلا ہی یہ ہر بار موج

لطمہ زن دریای مے ہی مست ہین جنگ آزمون
کھل گئی دستار زاہد صورت دستار موج

اے صنم تجھکو کیا اللہ نے دریای حسن
مثل دریا چاہیے زیب کمر زنار موج

سیر دریا مین جو یاد آتی ہی اوس کافر کی زلف
کاٹنے کو دوڑتی ہین میری جانب مار موج

دھوئی بال اوسنے جو دریا مین بنی نافہ حباب
بن گیا تار بوی مشک ہی ہر تار موج

بن گیا ہے پرتو عارض سے ہر لالہ کنول
عکس گیسو سے ہوا تا تار سنبل زار موج

اوترجائیگی پار دریا مین ہم اے ناسخ اگر
کاٹ ڈالیگا گلے کو خنجر خونخوار موج

ولہ

[illegible]

کیا بھری رہتی ہے مدام شراب — خم کے مانند ہے ہمارا پیٹ
پہنے کرتی اگر وہ جالی کی — کرے ہر حلقہ کو ستارا پیٹ
گو وہ رعنا غزال ہے لیکن — نرم ہے مثل شیر سارا پیٹ
تیری ہی فکر رہتی ہی دن رات — جیتے جی تو نے مجکو مارا پیٹ
دیکھکر ایک بار پیٹ اوسکا — کہہ رہا ہون دکھا دو بارا پیٹ
جی مین ہے رکھکے سر مین سو جاؤن — تکیہ مخمل کا ہے تمہارا پیٹ
زیست بھر پی شراب ای ساقی — نہ بھرا ایک دن ہمارا پیٹ
عکس ابرو و چشم جانان سے — ہوگیا صاف چاند تارا پیٹ
ہیضہ دشمن کو کوس رحلت ہو — جلد ہو پھول کر نقارا پیٹ
آپ کی ناف مشک نافہ ہے — اور کافور کا ہے سارا پیٹ

ضوء خورشید ہی جو ای ناسخ
کرنے دیتا نہین نظارا پیٹ

ردیف ثای مثلثہ

ہی جدائی دشمن جان الغیاث — الغیاث اے وصل جانان الغیاث
تنگ نامردون کو بھوروں سی ہو نہین — الغیاث ای شاہ مردان الغیاث
تا کجا اعدا کی گیدڑ بھبکیان — الغیاث اے شیر یزدان الغیاث

ہجر مین دوزخ ہوا مجکو جہان
الغیاث اے باغ رضوان الغیاث
مزرع امید ناسخ خشک ہے
الغیاث اے ابر احسان الغیاث

ولہ

شب دیکھیے کس طور سے ہو وصل ہو کیونکر | در پر تو اڑے غیر لب بام اڑی دھوپ
اِسی ڈر سی کہ پژمردہ نہو جای کوئی پھول | چھپ جای جو دیکھے تری پھولونکی چھڑی دھوپ
سر کا شب تاریک مین داغونسی جو پھاہا | اک خلق مری سامنی کھاتی ہی کھڑی دھوپ
ہین سرو صنوبر جو جلین دھوپ مین تا شب | وہ سرو رواں سہہ نہ سکی ایک گھڑی دھوپ
ہی تیری تصور سے مری قبر بھی روشن | ای مہر جہانتاب مری ساتھہ گڑی دھوپ
کیا سردی سی باہر نکل آیا ہی وہ خورشید | خلقت جلی جاتی ہی بڑی آج پڑی دھوپ

ردیف تای فوقانی

غمخانہ تری یاد مین ہی سیم بر بہشت | زہر غم فراق مزے مین ہی در بہشت
غلمان و حور یان ہین تصور مین بیشمار | ہی روبروی وسعت دل مختصر بہشت
جاتی ہو راہ راست کو تم چھوڑ کر کدھر | ای گمرہو ادھر ہے سقر اور ادھر بہشت
جلکر سموم نالۂ دل سی کرونمین خشک | رکھتا ہی خوب نہرونسی گلہای تر بہشت
فرقت مین مجکو دوزخ غربت قبول ہے | کیا کام اگر وطن مین ہی ہر رہگذر بہشت
بنت العنب ہی حور تو غلمان ہین مغبچے | زاہد مجھے ہین بادہ فروشون کی گھر بہشت
ای حور جاؤنمین تری دروازسی کہان | دوزخ تمام شہر ہے تیرا ہی گھر بہشت
آنا ترا محال ہی کیسا جواب خط | کوچہ ہے میری حور کا ای نامہ بر بہشت
دنیا مین لاکھہ سعی سے پایا نہ ایک باغ | ملنا نہ سہل جان تو ای بیخبر بہشت
تیری گلی کی راہ چلا ہون کئی قدم | مشتاق کیون نہ میری قدم کا ہو ہر بہشت

مین وہ نہیں جو یاد وطن مین ہلاک ہون
روانہ ہو مجھسے جو نہ اسکے نظر بہشت
لیکر بہشت منت رضوان اوٹھاؤن کیون
بیشک دکھائیں گے مجھے خیر البشر بہشت
اغیار کی سعی سے جو بالفرض جاؤن مین
واقف ہو تا ہ مین مشکل سفر بہشت
مجکو نوا سے بلبل شیراز یاد ہے
کیا لطف گفتگو کہ منغص نکرون ہوا گر بہشت
حقا کہ با عقوبت دوزخ برابرست
رفتن بپاے مردمی ہمسایہ در بہشت
ناسخ سیہ نصیب ہی تو گذرنا محال ہے
اسکے رنگ ہو تیری گلی سے اگر بہشت

ولہ

نکال دین تری بلبلین نہ کیون نہ تار رگ دامن
خدا سے غم ہی کسی پر نور کے اوتار رگ دامن
دلائی یاد مجھے تو نے قامت دلدار
کرین تر سے کیا ای سرو ترا ازار رگ دامن
عذار و زلف سے کامل و شب مہتاب
تری زبان تو ہے ماہ نو ستار رگ دامن

مری آنکھون سی کیا نسبت کہ قطرہ آب نیسان کا — دُر نایاب ہو سکتا ہی آنسو ہو نہین سکتا

بنا گو سجدہ گاہ اہل ایمان طاق کعبے کا — مگر حاصل مقام طاق ابرو ہو نہین سکتا

گدائی کو بہ کیا درویش صحرا گرد کی آگے — کوئی کتا کبھی وحشت سی آہو ہو نہین سکتا

کمال ایماہ کامل تو تو گو پیدا کیا لیکن — ہلال عید ہو سکتا ہی ابرو ہو نہین سکتا

لہو ساری بدن کا کر دیا ہی خشک فرقت نے — مگر ای آہ تجہسی خشک آنسو ہو نہین سکتا

کری کیا استفاضہ اوسکو استعداد لازم ہے — کہ برگ شاخ گلین گل سی خوشبو ہو نہین سکتا

نزاکت شاخ گل مین ہی کہان اس گلبدن کی سی — کوئی گلبرگ بھی تعویذ بازو ہو نہین سکتا

ہی اوس آتش کی پرکالی سی فرقت اسکی جاگزین — سوای داغ حسرت گرم پہلو ہو نہین سکتا

جو اوسہ پہلو نشین تو گر گیا پہلو تہی ہمسے — جدا پہلو سی دم بھر درد پہلو ہو نہین سکتا

ہوا جو خود نما اس باغ مین جلدی فنا ہوگا — قیام رنگ گل تا ہستی بو ہو نہین سکتا

ردیف بای موحدہ

ساقیا دی مجھے شتاب شراب — کب سے کرتا ہون مین شراب شراب

ہجر مین آگ ہو گیا پانی — دل کو کر دیتی ہے کباب شراب

ہین قلوب اوسکے نور سی روشن — کیون نہ کہلائے آفتاب شراب

ہے سزاوار عیش آخر عمر — صبح پیری ہے آفتاب شراب

ہے مرا جام زندگی لبریز — ساتھ اپنے ہین جناب شراب

ولہ

رفتار مین اور رنگ سلیمان ہی یہ گھوڑا
پر سیرت و خلقت مین تو انسان ہی یہ گھوڑا

سلطان جہان کی یہ سواری کا اثر ہی
ہی ابلق ایام بدن جان ہی یہ گھوڑا

چمکاتی ہی جاتا ہی زمین سی جو فلک پر
سب کہتی ہین خورشید درخشان ہی یہ گھوڑا

ہی جلوہ تماشاے جہان چاند کی مانند
رنج مین فلک سی بھی دو چندان ہی یہ گھوڑا

گردن یہ بلند اوسکی ہی گلشن مین جو گذرا
قمری نے کہا سرو خرامان ہی یہ گھوڑا

جو حکم کیا شاہ جہان نے وہ مین سمجھا
انسان کی مانند سخندان ہی یہ گھوڑا

فیروزہ جو ہے نام مبارک تو بجا ہی
لاریب نگ مہر سلیمان ہی یہ گھوڑا

آتا ہی پسینا جو اوسے آب بقا ہی
حیوان ہی تو چشمۂ حیوان ہی یہ گھوڑا

ایسا ہی بدن صاف کہ لوٹا جو زمین پر
سب کہنی لگے گوہر غلطان ہی یہ گھوڑا

کہیے جو اسے برق تجلی تو بجا ہے
نعلون سی ہمیشہ شرر افشان ہی یہ گھوڑا

یہ دامن زین نہین شہپر ہین پری کے
مانند پری صاف نمایان ہی یہ گھوڑا

یہ چھپی ہین یا گر اسکی جلو مین تو بجا ہے
کچھ شبہہ نہین شیر نیستان ہی یہ گھوڑا

تابع ہی یو ہین رخش فلک شاہ جہان کا
جس طرح سدا تابع فرمان ہی یہ گھوڑا

ہی شاہ جہان کی نظر لطف جو اسپر
آفاق مین سب گھوڑونکا سلطان ہے یہ گھوڑا

رکھتا ہی قدم فخر سے اب چرخ برین پر
سلطان جہان کہو تو ران ہی یہ گھوڑا

کافی ہے فقط ظل الٰہی کا اشارہ
ناسخ کی طرح تابع فرمان ہی یہ گھوڑا

ہے شب فرقت نہ تم اے جان آئے ہو نہ صبح
یہ غزل وہ ہے کہ نقطہ صبح میں ہے نور صبح

دور ہے صبح شب فرقت شب فرقت دراز
زندگی کرتی ہے کوتاہی شب فرقت دراز

وصل کا حظ رات اوٹھا کر ہے چلا جب میں سفید
ہولناک ایسی شب تار رجدائی ہے کہ بس

ہوگئی آخر شب فرقت میں ساری زندگی
ہوگیا ہے ایک سا غمزہ تمہارا صبح کا

ہوگیا ہے صبح کا نقطہ ستارا صبح کا
غیر خورشید قیامت کب ہے تارا صبح کا

حشر پر موقوف رکھتا ہوں نظارا صبح کا
بولے ہوتا ہے سفید آشکارا صبح کا

ہو سکے با ہر افق سے کب ہے یارا صبح کا
عمر ساری میں کیا میں نے نظارا صبح کا

دیکھے تیغ آفتاب آئے ہماری قتل کو
غلغلہ ناسخ ہوگیا ہے آشکارا صبح کا

رات آئی تری فرقت میں جو اے یار گھٹا
چاہیے پانی کی بدلے ہو شرربار گھٹا

جائے شبنم یہ ہے اشک مری حالت پر
ہجر میں بجلی کی تلوار دکھاتی ہے مجھے

جانب رحمت حق دھیان ہے بندوں کا
ہوش بدمستوں کے جاتے ہیں پئے استقبال

اے پری پردہ ہے ترے کان کی بجلی بجلی
روئے روشن ہے وہی ہوگئی گو زلف دراز

میری آنکھوں کی طرح ہوگئی خونبار گھٹا
دود آہ دل سوزاں ہے دھواں دھار گھٹا

بن گئی ہے شب فرقت کی شب تار گھٹا
آج مانند فلک ہوگئی خونخوار گھٹا

شاد ہو جاتے ہیں کیا دیکھ کے میخوار گھٹا
جاتی ہے جب طرف خانہ خمار گھٹا

نظر آتے ہیں تری گیسوئے خمدار گھٹا
بھیگ گئی رات مگر دن نہیں زنہار گھٹا

زاہدا حاجت روا ہو جا کسی محتاج کا
کل نہ تو نا کام ہوگا کام کر لی آج کا

جنکی ہمت ہی بلند اونکو تعجب کچھ نہین
پست فطرت ہو کہ ہی قائل ہو گیا معراج کا

ایک یہ شق القمر کیا وہ صنم چاہے اگر
اوسکے گیسو کے لیے بنجائے شانہ عاج کا

کر رہا ہی انتظام ملک دل سلطان عشق
ہو گیا ہے حکم عقل و ہوش کی اخراج کا

تجھسے کیا نسبت کہ ہین خط شعاعی جا بجا
صاف ہی خورشید مین نقشہ تری آماج کا

کوئی دم فرصت جسے ملجائے سمجھے مغتنم
رہگیا بس جسنے رکھا کام کل پر آج کا

ملک دو رہ یار ہگئی اکثر ہوئے دونون فنا
ایک سا عالم نظر آیا حباب و تاج کا

چشم تر سے عشق ابرو مین چلے آتے ہین اشک
قافلہ گویا سمندر مین روان ہی حاج کا

دل تو ہی وحدت سرا داغ محبت ہی چراغ
چاہیے اسکو فتیلہ پنبۂ حلاج کا

رات کو ہوتی ہے جیسے ماہ یکھفتہ کی سیر
یون نظر آیا تری زلفون مین شانہ عاج کا

لگ گیا ہی عشق کا آزار قسمت سے مجھے
ہون جو عیسیٰ بھی ارادہ ہو نہ استعلاج کا

استری سے کردی ابروی جانان کیا درست
مرتبہ حاصل ہوا حجام کو حجاج کا

تیرے دانتونکو جو دیکھا ہو گئی ہیری سفید
زردای کان ملاحت رنگ ہی پکھراج کا

بند کر راہ قضا غافل یہ کیا کرتا ہے حکم
گرد خیمہ ہو طلایہ رات دن افواج کا

ناسخ اوس بحر لطافت کی جو ہین مداح ہم
عالم اپنی طبع کا ہے قلزم مواج کا

صبح فرقت نے دکھایا روپ تارا شام کا
آفتاب صبح کو سمجھا مین تارا شام کا

ایسے ظالم تیرے گیسو ہین کہ اونکی خوف سے
سایہ بھی مارِ سیہ بنکر گریزان ہو گیا

وله

جوانی آگئی خط بھی ہوا رخسار پر پیدا
مگر ابتک نہین ہوتا ترا موی کمر پیدا

کوئی مضمون ہوتا ہی طبیعت سی اگر پیدا
یہ ہوتی ہی خوشی مجکو ہوا گویا پسر پیدا

نہین تیری لب و دندان خدا نی اپنی قدرت سے
کیے بے کوہ و دریا واہ کیا لعل و گہر پیدا

کہان پرواز کی ای ہمصفیر و میں گلشن مین
قفس ہی مین پھڑکنے کو ہوئی ہین بال و پر پیدا

نہ باطل خشک زاہد مین عاطل نہ تر دامن مین
خدا نے اپنی حکمت سی کیا ہی خشک و تر پیدا

زمرد کی انگوٹھی کب ہی انگشتِ حنائی مین
ہوا ہی اے پریرو شاخِ مرجان سی ثمر پیدا

نہ ماری ہول کی اب قبر مین بھی چین آئیگا
سنا ہے خلق ہوگی حشر مین بارِ دگر پیدا

فراقِ یار مین وحشت ہی اپنے گھر سی کیا مجکو
نکلجاؤن اگر ہو گنبدِ بیدر کا در پیدا

فلک پر مہر و مہ کیطرح رہتا ہی دماغ انکا
کیا جن غافلون نی گردشون سی سیم و زر پیدا

کرو نہین ایجنون نی یارکب تک چاک پیراہن
کہین ہو دامن شب سی گریبان سحر پیدا

بلا کی پیچھے پیچھے ہی دلا فضلِ آلہی بھی
کہ جیسے تیغ ماہ نو سے ہوتی ہی سپر پیدا

تو ایسا سرو سیم اندام ہی جو لوگ کہتے ہین
ہوا ہی باغِ عالم مین یہ چاندیکا شجر پیدا

شبِ فرقت نی آگ ایسی لگائی میری اعضا مین
عرق کے بدلی ہوتی ہین مسامون سی شرر پیدا

ملی ہین مجکو مضمون آپکی شیرین ادائی کے
عجب کیا ہی زمین شعر سی ہو نیشکر پیدا

خدا ایسے ان ہتونکو بھی ہی نسبت ہے ازا ہلا
ضیائے شمس سی ہو جسطرح نورِ قمر پیدا

انسان کو انسان سے کینا نہیں اچھا	جس سینے مین کینا ہو وہ سینا نہیں اچھا
گرمی مین نکلتے ہو مہک جاتی ہین گلیان	کیون عطر سے ایجان پسینا نہیں اچھا
ہی نقش ترا نام پر یہ و مری دل پر	ہے نام تو اچھا پہ نگینا نہیں اچھا
آنکھین تو ملاتے ہو مگر دل نہیں ملتا	ساغر تو بہت خوب ہی مینا نہیں اچھا
کیا اگلا مہینا اجی ہو جای ابھی وصل	شوال سے خالی کا مہینا نہیں اچھا
آنکھین ہی بلا لاتی ہین انسان پہ اکثر	اندھی ہی یہان اچھی مین بلینا نہیں اچھا
خون جگر اچھا کہ ہمیشہ ہے میسر	ساقی مے گلرنگ کا پینا نہیں اچھا
رخسارہ طلائی نے نکالا ہی عبث خط	سونا ہے سوگند اور یہ مینا نہیں اچھا
آواز یہ آتی ہے لب آب بقا سے	مرنا ہی یہان خوب ہی جینا نہیں اچھا
پہونچا ہی کوئی اوج حقیقت کو کب اس سے	واعظ ترے منبر کا یہ زینا نہیں اچھا
ہو سیر جو منظور دلا بحر جہان کی	ہی کشتی درویش سفینا نہیں اچھا

ہی بار بھلا کیا تری رہنے کو کہ ناسخ
لکھ نہیں اچھا کہ مدینا نہیں اچھا

گھر مرا فرقت مین سونا ہو گیا	گنج مدفن کا نمونا ہو گیا
قبر اگر ریگی بنی مردے کو کیا	استخوان ہر ایک چونا ہو گیا
آگے تھی امید وصل اب بیم ہجر	غم ترے آنے سے دونا ہو گیا
ہی جو عاشق تیری ابرو پر ہلال	آگے تھا تیغ اب وہ دونا ہو گیا

مژدہ باد ای دل امیر المومنین پیدا ہوا
عرش کی کرسی نشین کا جانشین پیدا ہوا

اول خیل ائمہ ثانی آل عبا
مقتدای اولین و آخرین پیدا ہوا

قائل قول سلونی عالم علم لدن
گنج اسرار الٰہی کا امین پیدا ہوا

مہر ہے مولا کو امیر النحل ملتا تھا خطاب
خانۂ زنبور میں تب انگبین پیدا ہوا

حیدر کرار کی ہوتی تھی کنیت تراب
اسلیے روز ازل نقش زمین پیدا ہوا

کیا سلیمان اور کیا مہر سلیمان مومنو
خاتم ختم نبوت کا نگین پیدا ہوا

کوئی اس دار العمل میں جز شفیع المذنبین
ابتدا سے آج تک ایسا نہیں پیدا ہوا

کی مدارا نقد ذات کامل ہوا دین خدا
جبکہ یہ شیدای رب العالمین پیدا ہوا

جبیغہ داغ سجادہ ہی تخت شہی جای نماز
بادشاہ کشور دنیا و دین پیدا ہوا

مومنونکو نعمتیں فردوس کی کھلوائیگا
اسلیے وہ عاشق نان جوین پیدا ہوا

اہل دین محفوظ تا فوج شیاطین سی رہیں
حیدر خیبر شکن حصن حصین پیدا ہوا

ہی رجب کی تیرھوین کہتا ہی بس ناسخ یہی
مژدہ باد ای دل امیر المومنین پیدا ہوا

واعظا حب نہیں تیرا جو مذہب ہوگیا
عیب کیا شرب شراب پنا بھی مشرب ہوگیا

جلوہ فرما بام پر وہ ماہ جبیں شب ہوگیا
بدر ایسا گھٹ گیا گویا کہ کوکب ہوگیا

وصف جو موزون کیا اسکے سنہری رنگ کے
خود بخود ہر صفحۂ دیوان مذہب ہوگیا

ہی کتابوں میں نمک کھائی تو بگڑ کیوں نہ ہم
بادۂ گلرنگ ای زاہد حلال اب ہوگیا

ولہ

۳۵

ولہ

جسنے موسیٰ کو بتائی ہے رہِ آبحیات
مژدہ خضر ہوا آج وہ رہبر پیدا

مولد احمد و حیدر مین ہوا فرق یہان
پیش از ین ورنہ ہوی دونون برابر پیدا

نہ فلک اونکو سمجھنا کہ برای حیدر
سات زینون کا کیا حق نے یہ منبر پیدا

عہدہ حیدر کی ملے مروحہ جنبانی کا
ہوئے جبریل کے اسواسطے شہپر پیدا

کیون نہ بشاش ہو محبوب خدا احمد یاد
کہ ہوا آج برابر کا برادر پیدا

ایک اون دونونکو کہتے ہین موحد ہین ہم
نور واحد سے ہوے دونون برابر پیدا

تھی نہ باطن مین جدا دونون مگر ظاہر مین
اد باً بعد محمد ہوے حیدر پیدا

کیا بھلا رجعت خورشید ہو دشوار اُسے
جسکے ہاتھون سے ہوا گنبد اخضر پیدا

اسد اللہ ہے خورشید تو ایسا خورشید
کیے ذرون کیطرح جسنے سب اختر پیدا

کشتی نوح کو طوفان مین جسنے تھا نبا
بحر وحدت مین ہوا ہی وہ شناور پیدا

نیک کم بد مین بہت ایک ہی مذہب ہا دو ست
اور دشمن ہوے حیدر کی بہتر پیدا

جس سے تا بندہ خدا کا ہے جواہر خانہ
سنگ کعبہ سے ہوا آج وہ گوہر پیدا

کردیا بحر کرم مین کرم خالق نے
کشتیِ عالم ایجاد کا لنگر پیدا

روز میلاد علی کہتے تھے مشرق مین بشر
آج مغرب سے ہوا خسرو خاور پیدا

نہین ممکن ہو کوئی مثل علی پر ناسخ
گیارہ فرزند ہوے اسکے برابر پیدا

ہو مبارک قائم آل عبا پیدا ہوا
مہدیِ ہادیؑ امام ما سوا پیدا ہوا

تیر شپ پے تیرا حسود تیر تیغ آفتاب | تیرا عدو نشانہ ہو تیر شہاب کا
پائینگے تیری سائی مین آرام جن و انس | سایہ ہے تو جناب رسالتمآب کا

ناسخ کتب غلاف کے منسوخ ہو گئے
اب جا بجا ہے درس خدا کی کتاب کا

آج دنیا مین امام انس و جان پیدا ہوا | یعنی ابن عم شاہ مرسلان پیدا ہوا
روز میلاد علی کہتی تھے جن و انس و طیر | صاحب خاتم سلیمان زمان پیدا ہوا
دیکھکر حیدر کی سطوت کہتی تھی ہیبت اسد | کیا پسر پیدا ہوا شیر ژیان پیدا ہوا
بعد محبوب الٰہی کے امامت تیس سال | بادشاہ ملک دین صاحب قران پیدا ہوا
پیشتر کعبہ ہی تھا قبلہ ہمی تجھکو کر دیا | ای حرم تجھ مین جو فخر مرسلان پیدا ہوا
کین محمد سے وہ تقریرین کہ عیسیٰ دنگ تھا | پہلوی مادر سے جب وہ خوش بیان پیدا ہوا
طائر سدرہ بھی جسپر تھا بر رنگ فاختہ | گلشن عالم مین وہ سرو روان پیدا ہوا
ہی وجود مرتضی اس وزیست موجودات کی | پیکر کونین مین مانند جان پیدا ہوا
ساری عالم کو حلاوت زندگانی کی ملی | جبکہ وہ شیرین زبان شیرین زمان پیدا ہوا
جو علی کی بات ہی بیشک ہی قرآن و حدیث | یہ خدا و مصطفی کا ہم زبان پیدا ہوا
سب سی اول ہی وجود مصطفی و مرتضی | پیشتر کعبہ سے سنگ آستان پیدا ہوا
کیا بیان ہو رفعت قصر جلال مرتضی | عرش اعظم بھی برای سائبان پیدا ہوا
ہاتف غیبی پکارا جب علی پیدا ہوے | آج یہ اللہ کا ستر نہان پیدا ہوا

آبجو مین اوسکی قامت نه اپنا عکس ڈال
شہرہ ہی سرو لب جو آبجو ہو جاے گا

سخت حیران ہون جو بگڑونگا تو سنتی کو نہین
گرد ہونگا اور بھی وہ تندخو ہو جاے گا

پڑ گئی ہے خو شراب تند پینی کی اوسے
اب تو آگے سی بھی دونا تندخو ہو جاے گا

دل مرا کہتا ہی صاف آئینہ کہتا ہی مین
پاک یہ قصہ تمہاری روبرو ہو جائیگا

ہین وہ میکش لڑکھڑائینگے اگر مستی مین ہم
دستگیر اپنا وہین دست سبو ہو جائیگا

کوزہ مر واعظا خالی اگر ہوگا یہان
تیری مسجد کے لیے ظرف وضو ہو جائیگا

عشق اگر خونخوار ہی تو ہی یہان بھی جوش حسن
غم نہین کچھ اپنون کا رہنو ہو جائیگا

غم اگر مجکو یہین ہی اوس بسنتی پوش کا
جسم تو کیا زرد سب پیرالہو ہو جائیگا

چاک اگر مجھ سوختہ کا ہی گریبان ناصحا
رشتہ ہای شمع سوزان سی رفو ہو جائیگا

کیا ہیون می سحر ساقی مین کہ لگجا دیگی آگ
بس گلو میرا ابھی شیشے کا گلو ہو جائیگا

گر پڑینگے لڑکھڑا کر نشہ مین ہوگی نماز
زاہد اپنا چشمۂ خم سی وضو ہو جائیگا

چین سی سویا کرونگا تیری دولت حشر تک
خواب ہی مین میری تربت پر جو تو ہو جائیگا

چھوڑ دیگا غیر سے ملنا لڑانا آنکھ کا
صلح پر راضی اگر وہ تندخو ہو جائیگا

کاکل پیچان جانان کا اگر غم ہے یہی
سوکھکر یار رسیدہ بانار ہو جائیگا

دوڑتی ہین اطفال سی کہنے کو ناسخ طفل اشک
شہرہ اب اپنے جنون کا کوبکو ہو جاے گا

مولد ہی آج اوس شہ عالی جناب کا
ہو گیا رمضان ... ولایت مآب کا

ایسا کھلا ہون کا کل پیچا کا عشق مین — ہر استخوان شانہ کا دندانہ ہوگیا

ہین سیل سرمہ ساعد و بازو جو نگر — ہاتھ اپنا تیرے گیسوؤن کا شانہ ہوگیا

زندان ہماری رہنے کو کاشانہ ہوگیا — دشتِ جنون تمام جلوخانہ ہوگیا

ناسخ تمام جس تناسخ سے پاک ہے

وہ شمع ہوگیا تو یہ پروانہ ہوگیا

ناخن فکر سے نادان تو دل ریش ہے کیا — مفسدہ کچھ بھی نہین مصلحت اندیش ہے کیا

جانلی ہے کوئی موجود بچانے والا — زہ ہے کیا قوس ہے کیا تیر ہے کیا کیش ہے کیا

کر سکیگا نہ خدا بھی جسے غافل آسان — امر دشوار وہ ایسا تجھے درپیش ہے کیا

تو ہے نادان دلا اور خدا دانا ہے — ہے یہ تھوڑا ابھی بہت اگر کم و بیش ہے کیا

ہے دلا منت جراح و تدابیر عبث — مرہم مرحمت دوست ہے یہ ریش ہے کیا

سپر حفظ خدا تجکو بچائے گی دلا — غم نہین تیر جفای بت بدکیش ہے کیا

عید قربان ہے کری چار و نکو پہلی قربان — بز ہے کیا ناقہ ہے کیا گاو ہے کیا میش ہے کیا

بھول تلخی بھی اگر یاد نہین شیرینی — نوش کا شکر نہین تو گلہ نیش ہے کیا

ولہ

آج مولد ہے جناب احمد مختار کا — خارزار دہر مین عالم ہوا گلزار کا

کسقدر ظاہر ہوے ہین معجزات بینات — منکرو نکو حوصلہ باقی نہین انکار کا

ختم نکر دی کیون درفش کاویانی کو علم — نقش صد درصد جو ہوا دسکی علم بردار کا

تیرے رہنے کو اے رفیع القدر | خیمۂ آسمان بلند ہوا
جب نہ تب تیرے طاق ابرو پر | نالہ جائے اذان بلند ہوا
نہ ملے گا کبھی شکار یہ یقین | گو عقابِ گمان بلند ہوا
بس سلیمان کا جنازہ بنا | کچھ جو تخت روان بلند ہوا
پست آواز مدح خوان کی ہوئی | نعرۂ نوحہ خوان بلند ہوا

ولہ

تو جو دم بھر نہ میرے پاس ہوا | جی مرا جینے سے اوداس ہوا
اوڑ چلا باغ سے ترے آگے | رنگ گل اسقدر اوداس ہوا
رہ گیا مین مسوس کر دل کو | کب میسر مجھے مساس ہوا

ولہ

زبس خیال ہے فرقت مین دم نکلنے کا | یہی سبب ہے مرے گھر سے کم نکلنے کا
زمین کوچۂ جانان قدم پکڑتی ہے | جو قصد کرتے ہین وحشت مین ہم نکلنے کا

ولہ

مین جو رونیکو غم ہجر مین کل اٹھ گیا | اڑ اڑا کر وہین گردون کا محل بیٹھ گیا

ولہ

گھر اپنا حادثون سے جو برباد ہوگیا | انبوہ غم سے ملک دل آباد ہوگیا
سودائی ہو کے بعض گئے زندان مین ہم | دل تو ہر ایک قید سے آزاد ہوگیا

بیش غیر اشک نہین یا ہر رواں چشم سے
طفل اشک اپنا جو نادان تھا آوارہ ہوا
عشق کی ... کیا مستک وہ کہین
بعد مدت ان کی کیونکر آپ مین آنا ہوا
ہون وہ بلبل شاخ گل چھوٹی تو ...
جلد جا سکے پر ابلک پروانہ ہوا
ہو گیا سے بچہ گیا سودائی تجھے اسکی پری
ہوگئی کثرت سے کوچے مین دیوانہ ہوا
عشق افزا ہے چراغ خانۂ پنہان خاک مین
نام اپنا پستی طالع سے تہ خانہ ہوا
دل کی کیا شمع سے وقت مین چراغ و شمع کا
آگ سے لگ گئی کبھی روشن سیہ خانہ ہوا
جوش حیرت سے کسی کو طاقت جنبش نہین
مجمع خوبان ترسے اوٹھی تصویر خانہ ہوا
جانور اپنے کہین مانوس انسان سے
شہر سے وحشت ہوئی مانوس ویرانہ ہوا

ولہ

اقرار نبوت مین ہے اقرار خدا کا
انکار امامت مین ہے انکار خدا کا

چھلکاؤن مین تجھے رندونکو توچھکائے جا
یہی ہے جام سے ہر دم کلام شیشے کا

بہار آئی ہوا پھر ترا مین دست نگر
سبوے نے کو گیا یہ پیام شیشے کا

نہین نماز اگر زاہدا تو پھر کیا ہے
یہ میکدے مین رکوع و قیام شیشے کا

نہین بعید کہ ہو سنگ حادثات سے چور
سپہر ہے مرے نظر مین نام شیشے کا

یہ ہی اشارۂ اوج سپہر مینائی
ہر ایک شے سے ہی اعلی مقام شیشے کا

چھپائی میکشی بزم غیر تمنے عبث
بنا ہے جسم تمہارا تمام شیشے کا

شراب شب ہے اگر ہشیار و سے کیجے دور
خیال آئے نہ کیون وقت شام شیشے کا

ہوئی یہ شیشے سے نفرت فراق ساقی مین
کہ ہے گلاب بھی مجکو حرام شیشے کا

ولہ

وحشیون کو گیا ہی مجھہ وحشی سی یارانہ ہوا
شیر کا پنجہ برائے موی پریشانہ ہوا

تیرے آگے باغبان نے نوچ ڈالی سب چمن
باغ مین ہر گل برنگ سبزہ بیگانہ ہوا

بزم مین خالی نظر آیا جو ساقی کا مقام
شیشۂ مے کا وہین لبریز پیمانہ ہوا

آتش رنگ حنا سے شمع ہین سب اونگلیان
دست جانان مین مرا مکتوب پروانہ ہوا

زلف جانان بن گئی ہی گور مین مار عذاب
تھا جو افسون چشم جادو کا وہ افسانہ ہوا

صورت اوسکی دیکھتا ہون ہر در و دیوار پر
اندنون کاشانہ میرا صاف بتخانہ ہوا

رندی اپنی پارسائی سے مبدل ہو گئی
ہجر مین ہر قطرۂ مے سبحہ کا دانہ ہوا

کب سے ناسخ کی جستجو ہی مجھے
آج وہ خانمان خراب ملا

تیری پرتو نے کیا گنگا کو دریا نور کا
جسنے دیکھا لہر کو سمجھا وہ شعلہ طور کا

توڑتا ہے محتسب شیشہ مے انگور کا
توڑنا لازم ہے مجکو خم کے انگور کا

اوس پری رو کے کفِ پا مین ہی عالم نور کا
سنگ پا کیواسطے منگوائین پتھر طور کا

جسنے دیکھا تجکو عریان وہ یہی کہنے لگا
خواب آذر نے بنایا ہے صنم بلور کا

کشتی مے فرقتِ ساقی مین اب ہوگی تباہ
جوش ہی خم مین نہین طوفان ہی تنور کا

فقر کے عالم مین بھی اپنا وہی ہی عمدگی
بھر گدیہ چاہیے کاسہ سر فغفور کا

حسن بھی کیا چیز ہے زاہد ذرا انصاف کر
اپنے بندون کو خدا دیتا ہی لالچ حور کا

ہوگی طے راہِ عدم کیونکر کہ مجکو ضعف ہے
اوسکے منھہ تک ہاتھ لیجانا سفر ہی دور کا

پہلے کر لیتا ہون گل اپنے سیہ خانے کی شمع
تب کہین مضمون پاتا ہون شبِ دیجور کا

دیکھہ او شیرین ذرا ہم عاشقون کی بیخودی
اپنے سر کو کوہکن سمجھا ہی سر شاپور کا

موذیون پر قہر یارب لطف سی خالی نہین
کیا مزا دیتا ہی لٹنا خانۂ زنبور کا

جلوہ فرما ہو یہین شاید کبھی وہ بدر حسن
اپنے گھر مین ہم لگائین کوئی پتھر طور کا

سوزش اپنے داغ مین بھی ہی برنگ آفتاب
چاہیے جراح مرہم صبح کے کافور کا

باغ مین جو مے کشی منظور ہو اوس مست کو
دانۂ انگور شیشہ ہو مے انگور کا

غیر حق آئی نہین ہرگز زبان پر کوئی بات
ہی یہی اس دار فانی مین نشان منصور کا

۲۷

ہماری آنکھون سے دریائے اشک جاری ہے
خیال ہے تری بازو کی یار مچھلی کا

کباب کھاتے ہین مچھلی کے وہ رقیبو نہین
ہم اپنے دل سے کرین پار خار مچھلی کا

نظر پڑا دل بیتاب جب ہر اک پر داغ
ہوا گمان اوسے فلس دار مچھلی کا

بتاؤ ماہ نخشبو تمکو قسم ہے گنگا کی
کدھر وہ کھیل رہے ہین شکار مچھلی کا

لگائے کانٹے مین ٹکڑا کوئی مرے دل کا
جو چارا چاہیے ای گلعذار مچھلی کا

تو اپنے بالے کی مچھلی نہ زلف مین اٹکا
شکار شب کو نکر زینہار مچھلی کا

تمھاری دست حنائی کی ایسی مچھلی ہے
کہ جی ہوائی صنم اوسپر نثار مچھلی کا

چھٹے گی کان کی مچھلی نہ زلف جانان سے
یہ ہے محال کہ جی چھوڑ دے مار مچھلی کا

برشتہ آتش خورشید مین ہو حوت فلک
کباب کھائے جو وہ بادہ خوار مچھلی کا

ولہ

گل ہی کیا مجروح ہے تیغ نگاہ یار کا
ہر کلی پر بھی ہے پھاہا مرہم زنگار کا

اپنے سر کو اندنون سودا ہے زلف یار کا
مار پیچان بن گیا جو پیچ تھا تلوار کا

ہے جھپکنا مشکل اپنے دیدۂ بیدار کا
جوہری پر نقشہ ہے تیرے روزن دیوار کا

نکلے کیا ارمان اوس محبوب کے دیدار کا
بخت ہے خوابیدہ اپنے دیدۂ بیدار کا

ہے تصور مجکو ہر دم ابروی خمدار کا
دل نہین گویا بغل مین میان ہے تلوار کا

ہو گیا ہون فرقت جانانہ مین ایسا نالوان
توڑنا مشکل ہوا ہے آنسوؤن کے تار کا

همہ تن آبلہ پا ہون آتشِ گل سے بلبل
پھول مارا جو کسی نے تو مین پتھر سمجھا

کھیا ہی دم بازسے ہے وہ دشمن جان ہی ظالم
آج آتے ہی جو بیدھب مری تیور سمجھا

ہنسکے بولا کہ ہی کچھ کام ابھی آتا ہون
اور اپنے دل بیتاب کو دم بھر سمجھا

رات دن ہی مری کاشانۂ دل مین تو مقیم
ہو گیا چاک جو سینہ مین ترا در سمجھا

لال جوڑا جو مین برسات مین تو نی پہنا
تجکو خورشید فلک کی مین برابر سمجھا

دل مرا ٹوٹ گیا یاد جو آیا ساقی
شیشئہ مے کو شب ہجر مین پتھر سمجھا

کوئی عاشق کے برابر نہین دنیا مین حریص
عمر بھر وصل مین گذری ہی مین دم بھر سمجھا

فصل گل پر نہین موقوف مری بادہ کشی
پنبۂ شیشۂ مے کو مین گل تر سمجھا

دل نے جس راہ لگایا مین اوسی راہ چلا
وادیِ عشق مین گمراہ کو رہبر سمجھا

پڑ گیا عکس زرِ گل جو تنِ عریان پہ
تجکو مین پہنے ہوئے خلعت پر زر سمجھا

کیا ترقی ہی دلا پیر مغان کی دولت
جوشِ مستی مین خمِ مے کو مین ساغر سمجھا

سوزشِ داغ جہان کم ہوئی گھبرانے لگا
طائر روح روان کو مین سمندر سمجھا

موج عنبر تری ہر بال کو کہتا ہون صنم
شانۂ زلف معنبر کو مین عنبر سمجھا

جانِ شیرین جو گئی یاد لبِ شیرین مین
چیونٹیون نے بھی مری خاک کو شکر سمجھا

زیست بھر شوقِ خطِ یار رہا ہی ناسخ
جب تلک نزع مین آیا مین کبوتر سمجھا

تو جو آیا باغ وقفِ پایمالی ہو گیا
ہر گلِ تر صورتِ گلہای قالی ہو گیا

پلک خندہ فال آپہونچی
پھر پیام وصال آپہونچی
مہر مبارک ہو صحبت آپہونچی
چشم بر شکال آپہونچی
کیا وہ یوسف جمال آپہونچی
ابر باران کا حال آپہونچی
پھر ہرن ہو گئی مری وحشت
سرو رعنا غزال آپہونچی

ولہ

ہم گلگشت کو جو نکلے ان شور پڑ گیا
چل جنون ہم سے ہوا قی ہو گئی
ہو گئی قسمت ان کا رعنا غضب
حسن میں سبقت بچا یوسف برادر ع
تھا جو اول اب وہ ثانی ہو گئی
مثل گل سرخ غنچہ ناسخ کا دل ع
ہمکو شراب ارغوانی ہو گئی

پھر وہی ہے زور وحشت پھر وہی جوش جنون
فصل گل آتے ہی کیا ناسخ توانا ہو گیا

ہے مکان گور تنگ سونے کا
کیا کرون گا پلنگ سونے کا

جو تمک تجھہ مین ہے کہان اوسمین
کیون نہ پھیکا ہو رنگ سونے کا

یاد آتا ہے ہجر مین وہ مزا
بر مین لے کے تنگ سونے کا

وصل کی رات ہے نہ چاہیے جنگ
وقت ہے خانہ جنگ سونے کا

میری لیلی کو یان اگر لے آئے
باندھون ناقہ مین زنگ سونے کا

تم چھپر کھٹ مین ہم جنازے پر
کیا نکالا ہے ڈھنگ سونے کا

محو تیری سنہری رنگت کے
کبھی دیکھین نہ رنگ سونے کا

ہر گران زر کے سامنے ہی سبک
کیا ہو ہموزن سنگ سونے کا

ہجر مین ہر شعاع شمس مجھے
ہو گیا ہے خدنگ سونے کا

خواب مین شاید آئے وہ ناسخ
قصد کر بے درنگ سونے کا

جب سے شغل خون فشانی ہو گیا
پردۂ چشم ارغوانی ہو گیا

روے ہم یاد لب جان بخش مین
اشک آب زندگانی ہو گیا

ہجر مین بیرنگ کیفیت ہے بزم
بادۂ گلرنگ پانی ہو گیا

ہم جو باقی تھے سو باقی رہ گئے
تھا جو فانی دم مین فانی ہو گیا

[illegible]

ولہ

[illegible]

ہر اک مکتوب گویا قاصد اہل زبان ہوگا
رسائی غیر نے پائی کوئی قصہ نہ برپا ہو

ہر اک مضمون میں عالم ہے پیغام زبانی کا
مری نیند اوڑ گئی شوق اونکو ہے جیسے کہانی کا

بڑا اشکال ہے ناسخ غم عالم فراہم کر
ارادہ ہے اگر ای چرخ اوسکی میہمانی کا

دیدۂ دل جب سے او فرہاد یک بین ہو گیا
ہمنے جس پتھر کو دیکھا نقش شیرین ہو گیا

پھول جھڑتی ہین تری منھ سے ہوائی رنگین بیان
نکتہ چین آیا تری محفل مین گلچین ہو گیا

ساقیا ساغر نہ کیون بنجای مثل آفتاب
نور سے ہر خوشۂ انگور پروین ہو گیا

رنگ گل ایسا اوڑا اوس رشک گل کے سامنے
دامن باد صبا گلشن مین رنگین ہو گیا

جلوہ گر ہوتا نہین گھوڑے پہ اب وہ شہسوار
بی چراغ ان روزون اسکا خانۂ زین ہو گیا

میری دل دینے سے ہی یہ حسن کا اوسکو غرور
ہاتھ آیا جسکے آئینہ وہ خودبین ہو گیا

خانہ برباد مین بھی ہی اپنی آسایش وہی
پیٹھ بستر ہو گئی ہی ہاتھ بالین ہو گیا

کیا ہی تاثیر حلاوت ہی لب جان بخش کی
حرف منھ سے تلخ بھی نکلا تو شیرین ہو گیا

ساق سیمین کی محبت ہی ہماری دم کے ساتھ
ای پری تار نفس بھی تار سیمین ہو گیا

اوس پری کے قاصدونکو ہمنے زر ایسا دیا
آدمی کیا ہر کبوتر مرغ زرین ہو گیا

جوش سودا نے بچایا لشکر غم سے مجھے
گرد سنگ کودکان سے قلعہ سنگین ہو گیا

باغبان آیا نہین گلگشت کو وہ رشک گل
تنگ آب چننے لگا دیوانہ گلچین ہو گیا

ایسے کاہیدہ ہوئے محبوب تیری رشک سے
گیسوی مشکین جو تھا اب خال مشکین ہو گیا

ولہ

لکھوں کیا حال میں دیوانہ اپنی ناتوانی کا
ہوا طوق گران گردن میں وہ چھلا نشانی کا
اگر عزم سفر ہے اے صنم مجھکو بھی لیت جا
بنا ہوں منحنی ہو کر میں اب چھلا نشانی کا
بنے گا ماہ کامل پرتو خورشید عارض سے
گریبان ہے ہلال اوسکی قبائے آسمانی کا
شفق کو دیکھکر ہم نشہ میں سمجھے ہیں اے ساقی
فلک سے شیشہ خالی شراب ارغوانی کا

کیا کوئی جاندار اوس قاتل سے جانبر ہو بھلا
کٹ گیا تیغ نگہ سے قافیہ جو رنگ کا

اپنی خلوت میں بھی وہ ننگا کبھی ہوتا نہین
خوف ہے چشم خیال **ناسخ** بے ننگ کا

اوڑا کے ساتھ یہ مشت غبار لیتا جا
مجھے رکاب میں او شہسوار لیتا جا

چلا عدم سے ہین جبر اتو بول اوٹھی تقدیر
بلا مین پڑنے کو کچھ اختیار لیتا جا

شگفتہ غنچہ امید باغ کرا ی گل
خزان مین ساتھ نسیم بہار لیتا جا

ہو آج تو سر شوریدہ زینت فتراک
ہمارے دوش سے صیاد بار لیتا جا

صراحی کہتی ہے مجھسے کہ مغتنم ہے یہ دور
وصل کی شب کب ہوئی ہمکو نصیب	شام کو کرتا ہے نور بار صبح
ہی دعا اے خالقِ لیل و نہار	ہو یہ شامِ کاکلِ دلدار صبح

ردیف خای معجمہ

ہی ناز کی سی قامتِ جانان سمن کی شاخ	مین سوزِ عشق سی ہوں چنار کہن کی شاخ
ظالم کو بعد مرگ بھی ہی ظالمون سے ربط	خنجر کا دستہ کیون نہ ہو گر گردن کی شاخ
ہم وحشیون کے بخت جو برگشتہ ہین سو ہین	سیدھی کسی طرح نہو جیسے ہرن کی شاخ
رکھی چھڑی جو ناز سے اُسنے تہ ذقن	سبکو ہوا گمان کہ ہی سیب ذقن کی شاخ

خاک چمن مین آب مقدر ہی زیر پا
غنچون کی کھل رہی ہے عطش سے زبان عبث

آخر غذاے مور ہے ہر جثۂ قوی
اظہار زور کرتے ہین پیل دمان عبث

چکھون نہ مین شراب کا قطرہ بھی زاہدا
پیدا ہوئی ہے کیا مرے شیشہ مین بان عبث

سُنتا ہی کون قلقلِ مینا کے شور مین
ہر سمت مسجد و نمین ہی شور اذان عبث

آخر ولا یہ چاہ لحد مین گرائے گا
ہم ہین سوار توسن عمر روان عبث

ہم پا برہنہ چلتے ہین کانٹون پہ کیا خموش
ہوتا ہی نعرہ زن جرس کاروان عبث

ہر صبح روز ہجر کہان ہوش میکشی
کھولی ہے مے فروش نے اپنی دکان عبث

ڈالی ادھر گلے مین اُدھر ٹکڑے ہو گئی
اے رشکِ ماہ پہنی قبای کتان عبث

روشن ہی تیرے نور سے کاشانہ فلک
ہر آفتاب و ماہ کے دو تابدان عبث

تیغ ہلال ہو گی نہ ابرو سی کاٹ مین
بھرتی ہی رات دن یہ فلک کی فسان عبث

صد برگ سے ترا دلِ صد چاک کم نہین
ناسخ تجھے ہوئی ہوسِ بوستان عبث

ردیف جیم تازی

اُس گُل کے کان کو نہین زیور کی احتیاج
ہر وہ صدف نہین جسے گوہر کی احتیاج

ہمت جو ہی بلند تو ہون داغ یاس بھی
ہون آسمان ہی مجھے اختر کی احتیاج

لاغر جو ہم ہین روے عرقناک کا ہی غم
اس خار خشک کو ہی گُل تر کی احتیاج

ردیف حای مہملہ

سرو آزاد سے ہین اشہ بندہ | سرنگون ہین جو بار دار درخت
دشت مین رخ جو سوے سایہ کرون | مثل آہو کرین فرار درخت
نہین جنبش ہوا سے یہ اے گل | تیرے غم مین ہین بیقرار درخت
شجر طور کی طرح ہر روز | وہ جلا دیتے ہین ہزار درخت
آنکھین نرگس ہین رخ ہی گل قد سرو | ایسی پائین کہان بہار درخت
نہین گرتے ہوا کے صدمے سے | تجھپہ کرتے ہین گل نثار درخت
مجھکو شاخون کی جا دکھاتے ہین | ہجر کی تیغ آبدار درخت
کیا بزرگون مین ہو ترمی خرد | کہ یہ کہتے ہین بار دار درخت
باغ عالم مین بڑہ نہین سکتے | زیر اشجار سایہ دار درخت

ولہ

زلفین شاخین ہین قد یار درخت | کوا ایسا ہے مشکبار درخت
سایہ اُس سرو کا رہے مجھپر | پائین جس دشت مین نہ بار درخت
کیا ہی خوش ہو کے چڑہ گیا منصور | دار گویا ہے میوہ دار درخت
تو نے گمدر ہلائے کیون نہ کرین | باغ عالم مین افتخار درخت
دنگ اس گل پہ باغ مین ہوکر | بن گئے سرو گلعذار درخت
باغ کو جاؤن یاد زلف مین کیا | شاخین رکھتے ہین مثل دار درخت
بھولے رم دیکھکر تری آنکھین | آج آہو ہین شاخ دار درخت

دشمنِ جان ہے ہمارا پاسبان کو ہی دوست
ہو جیسے اب آشناے ساکنانِ کو ہی دوست

کسنے مجھ وحشی کے پہینکے انگ آگے استخوان
اک سگِ ہے ہو گئی مجنون سگان کو ہی دوست

ہاتھ مین تیری نہ ٹھہر یگا وہان مکتوبِ شوق
یاد رکھ قاصد بڑا ہی یہ نشان کو ہی دوست

لوٹتے ہین خاک مین آنکھین لگی ہین سوے بام
مرتے ہین معراج پر اُفتادگان کو ہی دوست

جی اُٹھا مردہ جنازہ جو گیا اُس راہ سے
کر چکی ہی خلق سو بار امتحان کو ہی دوست

وصفِ جنت جب کیے واعظ نے منبر پر شروع
صاف ہین سمجھا کہ کرتا ہی بیانِ کو ہی دوست

کب ہی کعبے کا ادب ایسا کہ رکھتی ہی قدم
پانٔون اپنے چومتے ہین رہروانِ کو ہی دوست

سارے عالم کو جو ہی بے اختیارانہ رجوع
مرکزِ عالم ہی شاید درمیان کو ہی دوست

جو وہان پہونچا وہی آگاہ اُس عالم سے ہے
اور ہی کچھ ہی زمین و آسمانِ کو ہی دوست

جو وہان جانے لگا پہونچا کنارے گور کے
رہبرِ ملکِ عدم ہین رہروانِ کو ہی دوست

خاک سے آ قاصد جوابِ خط کی ہو تجھسے امید
کاٹتے ہین اپنے کوچے سالکان کو ہی دوست

اے اجل اب ساکنِ شہرِ خموشان کر مجھے
کیا کرون ملتا نہین کوئی مکان کو ہی دوست

حاملانِ عرشِ اعلی کے یہان آو تو ہین بیہوش
عرشِ اعلی سے کہین بالا ہے شان کو ہی دوست

داغِ حسرت ہین چراغِ دیر و قندیلِ حرم
کون جا دلکش ہے دنیا مین بیان کو ہی دوست

غیر ہو شیطان تو اپنا نعرہ ہو تیرِ شہاب
ایسے اے ناسخ ہین ہم آتش زبان کو ہی دوست

اس چمن ہاین مین بے شمار درخت
پر کہان مثلِ قدِ یار درخت

نغمہ سنج ایسا ہون کھائے استخوان گر بعد مرگ
زاغ کی منقار سے نکلے نوائے عندلیب

داستان صیاد و گلچین کی فقط رہجائیگی
نے ثباتِ گُل ہمیشہ نہ بقائے عندلیب

باغ مین تجھسے خجل ہوکر یہ ہر گُل نے کہا
کاش مجھکو اپنے شہپر مین چھپائے عندلیب

کردیا اُس گُل کے پرتو نے جو دریا کو چمن
بلبلون سے صاف آتی ہی صدائے عندلیب

عارضِ جانان کے ہوتے گُل پہ کیون عاشق ہوئی
ہوگئی صیاد پر ثابت خطائے عندلیب

ہر کلی منقار ہی اُس رشک گل کے عشق مین
آتی ہی ہر شاخ گلبن سے صدائے عندلیب

پیرہن کی مین نے کیا پرزے کیے تو ہو وہ گُل
نوچ کر سب بال و پر اپنے اوڑائے عندلیب

عاشقون کی قدر معشوقون سے ہوتی ہی زیادہ
دیکھ لو گُل سے زیادہ ہی بہائے عندلیب

شمع کے شعلے کو گر تشبیہ دون گلبرگ سے
بزم مین گلگیر سے نکلے صدائے عندلیب

کب قفس مین صحنِ گلشن یاد آتا ہی اُسے
عارضِ صیاد دیکھین جابجا رُوئے عندلیب

جامِ مے لبریز ہین ساقی فقط مطرب نہین
گُل کھلے ہین باغ مین خالی ہی جائے عندلیب

ذبح کر اس غیرتِ گلشن پہ مجھکو وار کر
بس یہی صیاد سے ہی التجائے عندلیب

چلکے صحنِ باغ مین ایسی پڑھون رنگین غزل
آج ہر گُل کو بھلادون نغمہائے عندلیب

ولہ

گر ترے دستِ حنائی دیکھ پائے عندلیب
شاخ گُل کو آہِ سوزان سی جلائے عندلیب

رازِ پوشی کاش ہمکو بھی سکھائے عندلیب
نام شبنم کا ہو اور آنسو بہائے عندلیب

جائے گُل دیکھون الٰہی مُنھ اُسی محبوب کا
ہی یہی ہر صبح گلشن مین دعائے عندلیب

وصل کی شب سو گیا تھا مین سو غم ہی عمر بھر
آنکھ بھر لگنے نہ دی میری پئے تعبیر خواب

عالم اسباب مین اسباب غفلت ہین عزیز
خلق کی آنکھون مین جا ہی دیکھنا توقیر خواب

بعد مدت خواب مین آیا جو وہ مین چونک اٹھا
ہی گناہ بخت خوابیدہ ہی اور تقصیر خواب

گر مسیحا کو نہین میری عبادت کا خیال
پڑ گئی ہی کیا اجل کے پانون مین زنجیر خواب

مین نے خواب وصل کو اُس سے کیا ہی جب بیان
اُسنے اُلٹی ہی سنائی ہی مجھے تعبیر خواب

طاقت جنبش شب فرقت کی صدمون سے نہین
پنجۂ مژگان نہ کیونکر ہو دامنگیر خواب

یار سو جائے تو جاگین طالع خفتہ مرے
وصل کی شب قتل کرتی ہی مجھے تاخیر خواب

پوچ گوئی مین کھلے گر منہ ہی غفلت کی دلیل
دربدر خمیازے اکثر لاتی ہی تاثیر خواب

اُسکی مژگان خواب مین دیکھی سحر بسمل اٹھا
ہو گیا پیغام اجل کا مجکو ناسخ تیر خواب

ہی مری مستی کو عشق ساقی کوثر شراب
رات دن پیتا ہون مین لے شیشۂ و ساغر شراب

خون آتا ہی نظر صاف اُس بت نازک سے یون
جس طرح مینائی بلوری مین ہو احمر شراب

ہی دل مجروح کی اُس چشم میگون پر شفا
کام مرہم کا کرے کیونکر نہ زخمون پر شراب

گرچہ ہون میکش مگر ای زاہد نکر غیبت مری
گوشت کھانے سے برادر کے تو ہی بہتر شراب

کانپتے ہین اہل عصیان دہشت تعزیر سے
رعشہ دار انسان کو کر دیتی ہی اکثر شراب

لذت عشرت ہوئی زائل کہان کب حصول
ذائقہ مین کھو کھتی ہی تلخی ہر شراب

میکشی ہی زاہدون کو اس لیے انکار ہی
تا نہ ان بد باطنون کے کھولدی جوہر شراب

ہو رنگت اسکی سنہری جو آفتاب سے
نماز سجدہ کرین جام سے بھی زر پیدا
خدا سے کب ہوئی پوری مراد عالم کی
چھپایا باغ ارم کو کیا جو در پیدا
نہ داغ یاس سے گھبرا یہ اپنی امید
گلشن کے بعد ہوا کرتے ہین ثمر پیدا
پس از وفات بھی تاثیر گریہ باقی ہے
مزار سے غبار سے ہوتا ہے ابر تر پیدا
بوسہ کشی سے ہی افتادگی کی قدر بلند
کہ آگ سے ہوئے جن خاک سے شرر پیدا
وہ آفتاب ہی پر تو فگن عجب کیا ہے
ہمارے سنگ لحد سے ہو لعل اگر پیدا

کیا حق نے بخیر انجام میرا مے پرستی مین
کوئی لکھکر اٹھاتا ہے جو انکو اٹھ نہین سکتے

ہوا لبریز مے سے جام میری زندگانی کا
بندھا جن حرفونمین مضمون ہماری ناتوانی کا

دہان زخم دل کے قہقہے بے طور ہین ناسخ
تصور ہے تجھے کسکے لباس زعفرانی کا

یہ نور ہے روی مہ جبین کا کہ ہو خجل چاند چودھوین کا
زبسکہ وصف دہان شیرین کیا ہے ورد زبان شیرین
وہ چشم فتان ہے غیرت تل وہ زلف پیچان ہے رشک سنبل
یہ جوش ہے یان ہی اشک کا یم سیاہ تو ہوتا ہے قطرہ ہی کم
زبسکہ ہے جوش داغ ہجران ہے اب سینہ باغ خون
یہ ساعد دن کا ہی اسکے عالم کہ جسنے دیکھا ہوا وہ ہمدم
برا ہو بد بخت عاشقی کا نہ دین ہے ہو برا دیون کا
اگر ہو پیچا ہا پر سمند یقین ہی ہو خاک نم مین جلکر

جو حلقہ ہے زلف عنبرین کا وہ اک نافہ ہے مشک چین کا
بدنمین جبتک ہے جان شیرین مزا دہن مین ہے انگبین کا
عذار مین ہے شباہت گل بدنمین عالم ہے یاسمین کا
جسے کہ کہتے ہین سب جہنم شرر ہے اک آہ آتشین کا
برای گلگشت جای غلمان خیال پھرتا ہے اک حسین کا
نیام تیغ قضای مبرم لقب ہے قاتل کی آستین کا
بنا ہے عشق بتان کا ٹیکا نشان سجدہ مری جبین کا
ہنسا جو ہو آفتاب محشر کھڑا ہے داغ آتشین کا

طمع ہے انصاف دوستان سے کہ اتنا فرمائین سب زبان سے
کیا ہے ناسخ نے آسمان سے بلند تر رتبہ اس زمین کا

جو دل ہی ٹوٹ گیا کیا ہو شعر تر پیدا
وہ نخل باغ جہان مین ہین کہ ہوتی تر

ہوئے ہین شاخ شکستہ سے کب ثمر پیدا
ہر ایک شاخ سے دستہ تبر پیدا
کہ نخل سنگ گرین مین ہوئے شرر پیدا

جیتے جی کیا ہو کمند بیقراری سے نجات
برق کو گردون نے میری بخت کا اختر کیا

روی آتشناک کی نظارے کی آئی نہ تاب
اشک سے گو سا لہا آنکھون کو ہمنے تر کیا

جان شیرین کب گئی ہی کوہکن کی رائگان
کہتے ہین شیرین نی آخر آپ کو جوہر کیا

کب مین بیدار ہی ہو گذرا ہی صنم کی عشق مین
جب کمر دیکھی خیال موے پیغمبر کیا

ہو گیا ضبط فغان کے ساتھ سینہ چاک چاک
لاکھ در وا ہو گئے گر ہمنے بند اک در کیا

کون ہی جسکو نہین اس صاحب عصمت کی یاد
گھر مین بیٹھ بیٹھے اک عالم کے دلمین گھر کیا

جوشش مضمون سے طوفان زا ہوئی ناسخ بحر
کشتی طبع روان کو ہمنے اب لنگر کیا

دم ہی ہر بند آگے ترے تیغ صفاہانی کا
قاتل خلق ہر عالم تری عریانی کا

جاؤن وحشت مین کہان مادی اہی یک سو ا
ہون مین دیوانہ کسی چہرۂ نورانی کا

پہونچ گیا گوشہ نشینون کو ضرر دشمن سے
آتش سنگ کو کچھ خوف نہین پانی کا

کھینچتا تھا وہ بہت قامت جانان کی شبیہ
حال آخر کو کیا دار نے کیا مانی کا

کس کے کوچے مین جبین سا تو ہوا ہے ناسخ
چاند سا داغ ہے روشن تری پیشانی کا

ساتھ اپنے جو مجھے یار نے سونے ندیا
رات بھر مجکو دل زار نے سونے ندیا

خواب ہی مین نظر آتا وہ شب ہجر کہین
سو مجھے حسرت دیدار نے سونے ندیا

خفتگی بخت کی کتنا کہی کہ خر خواب عدم
عمر بھر دیدۂ بیدار نے سونے ندیا

آج چھو سکتا نہین کوئی بھی اسکو ہاتھ سے
ایکدن روندینگے سب تیرا ہی تن زیر پا

خاک پر رکھے حنائی پا برہنہ تو اگر
پنجشاخہ نقش پا کی جا ہو روشن زیر پا

خاک صحرا چھانتا پھرتا ہون اس غربال مین
آبلون مین کر دیے کانٹون نے روزن زیر پا

زلف جانان یاد آئی ہے جو صحرا مین مجھے
جادۂ صحرا ہوے ہین مار رہزن زیر پا

سنگ مقناطیس کی ہو لوح میری قبر پر
یار کا رکھتا ہے توسن نعل آہن زیر پا

اس عمارت کو نہ تو سر پر اوٹھا لیجائیگا
دیکھ اے غافل ذرا تیرا ہے مسکن زیر پا

رقص مین آتی نہین نہ اٹکے گھنگرو کی صدا
کرتے ہین آسودگان خاک شیون زیر پا

دیکھکر اس سرو کو حسرت سے بولین بلبلان
طائر رنگ حنا کا ہو نشیمن زیر پا

سرد دیکھینگے جو اس سرو خرامان کا خرام
پھر نہ ٹھہریگی زمین صحن گلشن زیر پا

دوستون کے روندتا ہے دل پہنکر کفش کو
اے پری کہنا ہے زیبا تجھکو دشمن زیر پا

ہون مین وہ بیخود نہ ہے صداع و آبلہ
گر حنا سر پر ملی ناسخ تو چندن زیر پا

ضعف ہے راہ طلب مین جب سے دامنگیر پا
آتی ہین رکھانے پا مجکو نظر زنجیر پا

حاملان عرش چھوڑین نعش مین اکر ساتھ عرش
وہ سراپا نور دکھلائے اگر تنویر پا

پیٹنے دو سر مجھے پھرنے دے مجکو دشت دشت
میرے ہاتھون کی کرو کچھ فکر نہ تدبیر پا

لیچلے کوے جانان سے یہ وحشت مین نہ مجھے
وادی پر خار پر موقوف ہے تعزیر پا

قدر اسکے سر کی سو جو ہوتی ہین یہ چین فدا
راہ مین بچھتی ہین انکھین دیکھنا توقیر پا

ولہ

وہ گریان ہون یقین ہر سال ہا بی آب ہی چھوٹے
بنا ہین گر کھلونے والے فوارہ مری گل کا

صدایون سینہ کوبی مین ہی یان زنجیر گرو نکی
سمان ہو دف زنی مین جیسے آواز جلاجل کا

ترے جلوے سے ایسا ہر کتابی رو کا منھ اوترا
گر گر یا مضمون مین ہو گیا عالم حمائل کا

یقین ہی ایک دن مانند مضمون باندھی جائینگے
نہین در زدان مضمون کو خطر سلطان عادل کا

ازل ہی عشق کی دولت سے دیوانون کی قسمت مین
ملی ہی بخت لیکن بخت برگشتہ ہی عاقل کا

تنزل مین ترقی ہی ترقی مین تنزل ہے
تماشا دیکھہ غافل ماہ نو کا ماہ کامل کا

ملیگا رزق تقدیری کرون تدبیر کیا ناسخ
وہ ہرزہ ہے ارادہ جو کرے تحصیل حاصل کا

پڑا عکس آج مین خنجر ابروے قاتل کا
دکھائیگا ابھی ہر گل تڑپنا مرغ بسمل کا

رقم کرتا ہون مضمون خنجر ابروی قاتل کا
صریر کلک نالہ ہی گلوے مرغ بسمل کا

ہلاے جان ہوا ہی عشق اک زہرہ شمائل کا
گرون جا کے نشان کوئی بتا کی چاہ بابل کا

نہین کچھ آج ہی پابند زلفون کے سلاسل کا
ازل سے خانۂ زنجیر مین آئینہ ہی دل کا

تصور بندھ گیا ایسا خط رخسار قاتل کا
کہ جو ہر بنگیا گویا مرے آئینۂ دل کا

اثر میرے جنون کا اسقدر ہی بعد مردن بھی
کھلونے والے سب مجنون بتاتی ہین مری گل کا

عیان ہو شیان سے کیونکر نہ کوہ طور کا عالم
برنگ صاعقہ ہے ہر شرارہ تیغ قاتل کا

حضور گردن ساقی ہر اک شیشے کی گردن مین
نظر آنے لگا عالم گلوے مرغ بسمل کا

جنھین تقطیع شعر آتی ہی یہ مصرع سمجھتے ہین
ہی موزون یہ مہ تو مطلع ابروے قاتل کا

وله

کھیلتا ہون اِس سے مرغانِ خیالی کا شکار
ہی دلیلِ مرگِ انسان واقعی موے سفید
کسکے عارض کی تصوّر مین فنا ہون آج مین
لاغر ایسا ہون کسیکو مین نظر آتا نہین

کام وقت فکر لیتا ہون قلم سے تیر کا
کوہکن کی موت تھی انجام جوے شیر کا
ہی دھوان منتہا میرے نالۂ شبگیر کا
چاہیے مانی ورق سادہ مری تصویر کا

اِس خرابی مین بنایا ہے جسنے گھر دیوانہ ہے
دیکھ ہر دروازے پر ناسخ نشان زنجیر کا

خضر کو اُسنے پامردی کی آگے لنگ ٹھہرایا
ملاقاتِ دو روزہ کو یہان آتی تھی ہم لیکن
اجل سے ہونگے غافل جنکو ہی دعواے سلطانی
فلک نے جبکہ تیرے حُسنِ عالم سوز کو تولا
کدورت اپنے چہرونکی نظر آتی ہی لوگون کو
بنے ہین صاحبِ غیرت پہنکر آتشی پوشاکین
وہ بیرنگی کہ بیرنگی بھی جسکو کہہ نہین سکتے
چراغِ گور کو غفلت سے مین سمجھا رخِ روشن

کہ جسنے ہر نفس کو قاطعِ فرسنگ ٹھہرایا
سراے دہر کو سب نے مقامِ جنگ ٹھہرایا
تو گویا تختۂ تابوت کو اورنگ ٹھہرایا
تو کوہِ طور کو میزان مین پاسنگ ٹھہرایا
تماشا ہی کہ اونے آئینے مین زنگ ٹھہرایا
رہی غیرت سے جو عُریان اُنھین بیننگ ٹھہرایا
ہے بھی سب نے اپنے وہم مین اک رنگ ٹھہرایا
شبستانِ لحد کو گیسوے شبرنگ ٹھہرایا

مجھی پر دمبدم پڑتی ہی محفل مین جواے ناسخ
مگر تیغ نگاہِ یار نے جو رنگ ٹھہرایا

تو نزاکت سے گلستان تک جو رخصت مانگتا
رنگ روے گل سی اوڑنے کی اجازت مانگتا

۲۴

کیا سخن سنجی سے حاصل جب سخندان ہی نہین
زانوِ فکرت سے اے ناسخ تو اپنا سر اُٹھا

ماجرا ہر بحر مین ہی چشمِ دریا بار کا
کیا عجب ڈوبے سفینہ گر مری اشعار کا

کردیا موقوف خط نے جور زلفِ یار کا
خط نہ سمجھو یہ لکھا ہی کوئی افسون یار کا

عاملون نے آدمی پہ آسیب پری ثابت کیا
پڑ گیا جس شخص پر سایہ تری دیوار کا

اتنی راحت طالعِ واژونکی قسمت مین نتھی
لے گیا ہی خواب میرے دیدۂ بیدار کا

خوف کیا مجھکو ہو آسیب بلای ہجر سے
ڈنڈ پر تعویذ کے بدلے ہے نامہ یار کا

کیون نہ کھٹکون آسمان کو رات دن مین ناتوان
آبلے کی شکل اُسمین مجھ مین عالم خار کا

دستگیری ایسی اُفتادون کی ہی منظور طبع
خاک پر گرتا نہین سایہ مری دیوار کا

رات بھر ہر ایک اختر سے لڑاتی میری آنکھ
تھا تصوّر دل مین تیرے رخنۂ دیوار کا

تیرے رستے سے جو گذرا اے پری مجنون ہوا
داغِ سودا ہی فقط سودا ترے بازار کا

نکتہ چین جنبتا ہے تنکے دیکھکر دیوان مرا
نقشِ افسونگر ہر اک پتا ہی اس گلزار کا

جھولتی ہی عرش پر تلوار کس قاتل کی آج
ہی تصوّر دل مین کسکے ابروِ خمدار کا

دور سے دیگی دکھائی روشنی جاہِ سواد
یاد رکھ قاصد نشان ہی یہ دیارِ یار کا

مانع صحرانوردی پانون کی ایذا نہین
دل دُکھا دیتا ہی میرا ٹوٹ جانا خار کا

بنگیا ہی دیدہ کے آزار سے تارِ نگاہ
دیکھنا ممکن نہین ناسخ کے جسمِ زار کا

ولہ

جب سے نظروں میں سمائی ہے گرہ ابرو میں
رنج دیتا ہے بہت آنکھوں میں پڑنا بال کا

بیٹھے ہیں عشاق ہو کر تیری آنکھوں پر فقیر
ورنہ کیوں بستر ہے تکیوں میں ہرن کی کھال کا

حیلہ ہے موئے پیمبر کی زیارت کا انہیں
زاہدوں کو عشق ہے تیری کمر کے بال کا

کیوں نہ اے کافر کروں سجدہ میں تیرے پاؤں پر
صورت محراب ہے حلقہ تری خلخال کا

ہے بجا گر دیدۂ تر سے چلے آتے ہیں اشک
ہو گئیں دیوانہ نہ کیونکر ہو ہجوم اطفال کا

وصل سے یاں آج بھی ہے عید کل بھی عید ہے
کیا شب فرقت میں ظلم طول تھا اک سال کا

وہ گلے لگتا ہے اُس دن اس لیے کرتے ہیں عید
سارے غزوں سا دگر نہ غرہ ہے شوال کا

ہے دہن میں اس قدر خوشبو کہ اب کہتا ہے نام
عطر کی شیشی تری بلور کی تمثال کا

چہرۂ تاباں نظر آتا ہے چھپ کر زلف سے
چشمۂ خورشید ہے چشمہ ہر اک اس جال کا

ہے کہیں ترک غذا سے تلخ تر ترک شراب
مست صائم ہیں ہے افزوں منتظر شوال کا

دین و دنیا سے تبرا شغل ناسخ ہے مجھے
بس ولا کافی تولا ہے نبی کی آل کا

تو نے شہباز نگہ کو جو ادھر چھوڑ دیا
ہم نے بھی طائر دل باندھ کے پر چھوڑ دیا

اُس ستمگر کو یہاں تک تو مرے ساتھ ہے ضد
میں نے گھر ڈھونڈھ نکالا تو وہ گھر چھوڑ دیا

قفس تن میں رہیگا نہ مرا طائر روح
دام کاکل سے مجھے تو نے اگر چھوڑ دیا

ہم گیا کچھ جو زباں پر اثر زہر فراق
غم نے چکھتے ہی مرا خون جگر چھوڑ دیا

سایہ ساں اب بس دیوار گرونگا جا کر
میں نے گو کینہ درباں سے یہ در چھوڑ دیا

جہان نظر مین یہ تاریک تھا کہ اے ناسخ
سواد گور مجھے رشک ماہتاب ہوا

سرو شلِ جادہ ہی پامال تیری چال کا ۔ صید ہی کبک دری نقشِ قدم کی جال کا
ہو طلب سے اِسقدر نفرت کہ رہتا ہی خیال ۔ آنجائے نقطۂ لب پر باب استفعال کا
سرو ہی باغِ جہان مین وہ صنم نام خدا ۔ ہی بجا اُسکو پسند آئے جو کپڑا اجھال کا
ہو کبھی کافر کی زلفون سے جدا ہوتی نہین ۔ طائرِ نکہت بھی قیدی ہوگیا اِس جال کا
طوق ہر گرداب ہی ہر موج ہی زنجیر پا ۔ ہی ہر اک آب روان دیوانہ تیری چال کا
تو شراب آتشین پیتا ہی وہ کھاتا ہی آگ ۔ بس یونہین ہوگا مقلد کبک تیری چال کا
ہوگیا ثابت کہ ہی دس خوش قدونکا تجھ مین حسن ۔ تیرے قامت کے الف پر ہی جو نقطہ خال کا
رونگٹا بھی ہین نہ سر سے پانون تک دیکھا نہین ۔ افترا تیرے بدن پہ ہی کمر کے بال کا
ہون بہو لونین جو مین مجنون چشمِ مست یار ۔ کھینچتے ہین بادہ گلرنگ اُسکی چھال کا
حادثاتِ دہر سے محفوظ ہین اربابِ فکر ۔ غم نہین ہرگز زمین شعر کو بھونچال کا
عالمِ حیرت ہوا عالم دکھا اپنا جمال ۔ منتظر آئینہ خانہ ہے تری تمثال کا
پھر نہ میرے پاس آیا جا کے ای جانِ جہان ۔ طور کیا سیکھا ہے تو عمر روان کی چال کا
ایسی اپنے لاشۂ سوزان سے گرمائی زمین ۔ بنگیا گنبد ہماری قبر پہ تبخال کا
جنگ مین غالب امیر و میر ہون کیونکر فقیر ۔ زور چل سکتا نہین کل کے آگے شال کا
ہی تو ہی تر دوست اے ناسخ جو دشمن ہی تو ہی ۔ ساتھ مہدی کا ہو نہین کچھ غم نہین دجال کا

نارجن ایسا ہے وہ کہ فرو ہین ہوتا یہ ست
گنہ اسکا جو کبھی زیر مغیلان ہوتا

سنگ چقماق بھی بنتا تو مرا اضطراب یہ ہی
نہ مری قبر کا پتھر شرر افشان ہوتا

ہون وہ وحشی کہ اگر دشت مین پتھر ہا شکو
آگے شعلے وہ ہین غول بیابان ہوتا

نکہت کاکل پیچان سے جو تیرے تشبیہ
عطر مجموعے کا ہر جزو پریشان ہوتا

کی مکافات شب وصل خدا نے ورنہ
کس لیے مجھپہ عذاب شب ہجران ہوتا

اپنی صورت کا وہ دیوانہ نہوتا تو کیون
پانون مین سلسلۂ گیسوے پیچان ہوتا

ایکدم یار کو بوسون سے نہ ملتی فرصت
گر دہن دیدۂ عالم سے نہ پنہان ہوتا

کسکے پریان شہ جنات کو بھی آٹھ پہر
ہے یہ حسرت کہ سگ کوچۂ جانان ہوتا

خون رولاتا وہین ناسور بنا کر گردون
زخم بھی گر مرے تن پر کبھی خندان ہوتا

اے اجل ایک دن آخر تجھے آنا ہے ولے
آج آتی شب فرقت مین تو احسان ہوتا

کون ہے جو نہین مرتا ہے ترے قامت پر
کیون نہ ہر سرو چمن قالب بیجان ہوتا

لیا قوی ہے یہ دلیل اسکی پریزادی کی
ربط انسان سے کرتا جو وہ انسان ہوتا

لے بتو ہوتی اگر مہر و محبت تم مین
کوئی کافر بھی نہ واللہ مسلمان ہوتا

حسرت دل نہین دیتا ہے نکلنے ناسخ
ہاتھ شل ہوتے میسر جو گریبان ہوتا

تو نے ... یار کا مضمون جو ... باندھا
ہم نے فکر سخن اکثر ہمار طبع روشن نے

تو گویا ہم نے اک گلدستۂ باغ جنان باندھا
تجھے خورشید باندھا زمین کو آسمان باندھا

جو گلدستونکو دیکھون دھیان آئے سرو دلجو کا — تصور عاشقین کعبہ مین بندھے محراب ابرو کا

کرون تحریر گر مضمون کوئی اسکے گیسو کا — تو خوشبوئی سے خامہ پہ یقین ہو شاخ شبو کا

سوال وصل مین ہلنا پریرو تیرے ابرو کا — اشارہ ہے برات عاشقان پہ شاخ آہو کا

گیا سجدے مین دیکھا جب سے تیرے مصحف رخ کا — نہین کم سجدے کی آیت سے رتبہ بیت ابرو کا

چڑھاتی ہے دماغ افلاک کو انسان کی کم ظرفی — کرے میل زمین سنگین جو ہلکا پلہ ترازو کا

اُسی پر مجھکو ہوتا ہے افاقہ درد ہجران سے — تصور باندھتا ہون جب ترے تعویذ بازو کا

نظر آتے ہین کیا پردے مضمون فکر گردی — دکھاتا ہے مجھے عکس درون آئینہ زانو کا

جو کچھ ٹوٹے ہوئے بال اسنے کھو سے زلف مشکین کے — تو عالم وزن دیوار مین ہے ناف آہو کا

نظر آتی ہے صاف اسمین مجھے انجام کی صورت — جو گورستان مین دیکھا ہے کوئی آئینہ زانو کا

یہ بیٹھا انتظار یار مین تکیہ لگا کر مین — کہ جو بشن سنگ ہوا ہون اپنے دروازے کے بازو کا

اگر لب سرخ ہین تو نشہ سے آنکھین بھی ہین گلگون — بتون نے کر دیا ہے رنگ بیجا زو جادو کا

مین ہون عالم کے دیوانون مین ممتاز طبع دیوانہ — کر دیجا و نشانہ کوہ کو سنگ ترازو کا

دوائر حرفون کے بنتے ہین طوق گردن قمری — رقم کرتا ہون گر مضمون اپنے سرو دلجو کا

قرہ جو ہے وہ گویا کہ زبان کا کام کرتی ہے — وہ عالم ہے نہ دیکھا ہے کسی چشم سخنگو کا

یقین ہے سنتے سنتے اسکا سر پھرنے لگے ناسخ
بیان ہون سامنے جسکے کرون اپنی تگا پو کا

گر نہ جان فسون غم گیسوے جانان ہوتا — نہ کبھی یون دم اژدر شرر افشان ہوتا

عقل سے خالی ہی خمخانے سی جسکو ہی گریز
خم وہ ہی نالی سخن کہ ما وائے فلاطون ہوگیا

آج دعویٰ اوسکی یکتائی کا باطل ہوگیا
بحث کرنے کو جو آئینہ مقابل ہوگیا

ایک دل لیکر دیے قاتل نے مجھکو لاکھ دل
جو لگا پیکان مرے پہلو مین وہ دل ہوگیا

کیون نہ اب عالم ہوا اوسکا تختۂ مشق ستم
وقت بسم اللہ معلم جسکا بسمل ہوگیا

کچھ بھی حاصل باکمالونکو نہین ہی جز زوال
مورد نقصان ہوا جب ماہ کامل ہوگیا

مصحف رخسار جانان مین نہین ہی ایک خال
بے نقط قرآن بھی دنیا مین نازل ہوگیا

وادی وحشت مین کیون ہین حسن نالان ہی جرس
ایک لیلی کیا یہان کس کسکا محمل ہوگیا

صبح ہوتے کچھ نظر آیا نہ غیر از آفتاب
کون کون اک رات گویان شمع محفل ہوگیا

وله

رات بھر جو سامنے آنکھون کے وہ مہ پارہ تھا
غیرت مہتاب اپنا دامن نظارہ تھا

بنگئے گرداب سیل اشک جائے گردباد
ابر تر کی طرح مین جس دشت مین آوارہ تھا

تو نے آنکھین پھیرلین یان کام آخر ہوگیا
طائر جان پائے بند رشتۂ نظارہ تھا

شب ترے پرتو سے لبریز لطافت تھا چمن
ہر گل شبو سے جاری نور کا فوارہ تھا

مجھکو دم لینے کی بھی فرصت نہ دنیا مین ملی
روز مولد شادیانہ کوچ کا نقارہ تھا

خرمی ہوتی ہی بیدردونکو سیر باغ مین
ہمنے جس گل پر نظر کی اک دل صدپارہ تھا

خواب مین بھی یاتک ممکن نتھا دخل رقیب
جن مرفون اپنا خیال اخبار کا ہرکارہ تھا

پر لگانے مجھے وحشت نے اڑا پھرتا ہوں
جیسے پامال کوئی خار بیابان نہوا

پھٹ گئے لالہ گریبان مری حالت پر
صبح کا ہجر کی شب چاک گریبان نہوا

ہو وہ، وہ دیوانہ سیہ خوار کہ صحرا میں کبھی
چین جز سایۂ اشجار مغیلان نہوا

جو ہوا چاند ترے سبزۂ خط کو دیکھا
اس برس ملو کوئی جز مہ شعبان نہوا

شب تاریک جدائی نظر آئی ہے پہاڑ
پہ چراغ آج جو وہ لعل بدخشان نہوا

لالہ کافر کو کیا تو نے مسلمان ناسخ
ہے یہ افسوس کہ تو آپ مسلمان نہوا

ولہ

ساقی کے ہاتھ سے جو گرا شیشۂ شراب
سمجھا میں بادہ کش کہ غم آسمان گرا

مٹی وہاں کی لیگئے عطار بہر عطر
اس رشک گل کے منہ سے پسینا جہاں گرا

رشک چمن ہوا ہے ہر اک سرو نونہال
کٹ کٹ کے تیرے عشق میں کیا کیا جوان گرا

پائی شکست دل نے بہ رنگ شکستہ رنگ
بالائے سنگ شیشہ مرا بے فغان گرا

آزاد ہیں قیود سے افتادگان خاک
اڑتا پھرا شجر سے جو برگ خزان گرا

عالم کو تیرے چاہ زنخدان سے عشق ہے
یوسف بھی اس کنوئیں میں مع کاروان گرا

پامال جو کوئیگا مجھے پائیگا سزا
شیشے کی طرح خاک پہ میں ناتوان گرا

لغزش رہ سلوک میں افتادہ کو ہو کیا
ٹھوکر نہ کھا کے ایکدن آب روان گرا

کیا مال رعب فقر کے آگے ہے سلطنت
رویا میں سر سے افسر نوشیروان گرا

از بسکہ نگاہ مست دیکھا جو یار نے
مانند مست ہر شجر بوستان گرا

جب تلک وہ ہی دو چار گھڑی زندگی بھی ہے
ناز نگاہ یار ہے رشتہ حیات کا

کافر ہون سیر ہم رہین حرم اعظم
گر سیکڑے پہ حکم نہ جاری فرات کا

اگر مہ نہین تو صوم ہی دستی صلوۃ ہے
واعظ یہان بھی شغل ہی صوم وصلوۃ کا

جو ہے کلام شیخ وہی قول برہمن
مطلب ہی ایک فرق فقط ہی لغات کا

خامہ ہی نیشکر مرے شیرین کلام سے
شرمندہ ہی دوات سے کوزہ نبات کا

مجرم ہون اغنیا تو فقیرون پہ ہو عذاب
کرتا ہی قحط دیکھو نہ دنیا زکات کا

آنکھون کے آگے غش سے ستارے ہین ترمرے
روز سیاہ ہجر مین عالم ہے رات کا

کب جائیگا عیادت ناسخ کو اے مسیح
نزدیک اسکے وقت ہی اوسکی وفات کا

نوجوانی مین ہوا عشق اوس بت گلفام کا
عالم اپنے داغ دل مین ہی چراغ شام کا

خاک بیٹھو پر لبس اپنی نہ عالی نظر تی
گور مین بھی وہ میان ہی ہمکو کسی کے بام کا

سبزہ بیگانہ باغ حسن سے کرتا ہی دور
نام رکھا باغبان ہمنے ترے [illegible]م کا

ہجر مین مے سے بجائے نشہ ہوتا ہی خمار
باعث دوران سر ہی دور میرے جام کا

کھینچ لائی وادی ہستی مین بیتابی مجھے
رہگیا پیچھے عدم مین قافلہ آرام کا

آرہی ہی تن پرستی حق پرستی کے عوض
رہگیا ہی گاو خواری سے نشان اسلام کا

اپنے ستون کے گزارے ہی سیہ پوش آپ بھی
وہ خط شبرنگ بھی گویا ہی عالم شام کا

اشتیاق چشم جانان مین گئے ہین آج ہم
ہو چراغ اپنی لحد پر روغن بادام کا

گام اول ہی جہان پڑتا ہے چاہِ گور مین
ناسخ آوارہ ہوا اوس صحراے آفت خیز کا

سیکڑون آہین کرون پر نہ گیا آواز کا	تیر جو آواز دے ہی نقص تیر انداز کا
نازنینون سے کرون کیا ربط مین نازک مزاج	بوجھ اوٹھا سکتا نہین مجھسے کسیکے ناز کا
رشک سے جلتا ہی ایسا رے جانان دیکھکر	طور ہے مہتاب مین مہتاب آتشباز کا
یار سے کرتا ہو گر مین باتین جلتے جاتے ہین غیر	صاعقہ انکو ہوا شعلہ مری آواز کا
آگے مجھ کامل کے ناقص سے کمال مدعی	درمیان ہی فرق استدراج اور اعجاز کا
جال اے صیاد اپنی زلف کا تو روک دے	ہی ارادہ میرے مرغ روح کو پرواز کا
محو ایسا چاہیے عاشق خیال دوست مین	غیر اگر بولے یقین ہو یار کی آواز کا
جسقدر جلتا ہی ہوتا ہی سیہ داغ جنون	ہی چراغ اپنا دل روشن مرکب ساز کا
گر کوئی پڑھنے لگے بزم غنا مین میری نظم	کان کا پردہ وہین بنجاے پردہ ساز کا
ضبط آہ شعلہ افشان جب ہوا مجھکو گران	آسمان بنجائیگا طاؤس آتشباز کا
میری نظرون سے جو تو پنہان ہوا سو ہوا	بیقراری مین نہین ممکن چھپانا راز کا
کی ہی یان شدت سے شدت برشگال اشک نے	کیون نہ وان آجاے موسم سبزہ کے آغاز کا

چلکے ناسخ گلشن شیراز کو آباد کر
آشیان ویران پڑا ہی بلبل شیراز کا

رات ایسا انتظار یار مین بیتاب تھا	بستر گل پر نہ تھا مین آگ پر سیماب کا

دیوان ناسخ ۱۵

جاتے ہین عالم بالا کو جو نالے سید ھے | ہے خیال آج مجھے ایک سہی بالا کا

دین و دنیا کی عبث فکر ہے تجھکو ناسخ
وہی ہوگا جو ارادہ ہے مرے مولا کا

ہے کیونکر نہ دل ہر دم نشانہ ناوک غم کا | کہ ہے میلہ تولد مقسم ماہ محرم کا
گیا جو اوسکے کوچہ مین وہ با چشم پر آب آیا | حرم سے جسطرح لاتے ہین زائر آب زمزم کا
سلیمانی ہے زیبا اس پری کو ملک خوبی مین | تبسم نقش خاتم ہے دہن حلقہ ہے خاتم کا
جواب اوسنے نہ بھیجا اور ہمنے خط لکھے اتنے | کہ مہرین کرتے کرتے مٹ گیا نقش اپنے خاتم کا
نظر آتا نہین جب سے کسیکا کعبۂ ابرو | ہمارے دیدۂ تر مین ہے عالم چاہ زمزم کا
جلا کرتا ہون دن رات لیکن مر نہین جاتا | اثر سوز غم فرقت مین ہے نار جہنم کا
نہین ہے معتقد میرا اگر حاسد تو کیا غم ہے | سوا بے سجدہ ابلیس کیا نقصان آدم کا
کسی دل تک رسائی ہو سکے تو عرش ہے تجلی | عزیزو گر نہین معراج ممکن عرش اعظم کا
برنگ گل جگر ہوتا ہے ٹکڑے سیر گلشن مین | ہوا ہے تیغ غم بے یار نظارہ سپر غم کا
رسائی میرے اوج فکر تک ہو گی نہ حاسد کو | غرور آگے مرے کرتا ہے کیا تحصیل سلم کا
پریزادون نے منھ اپنا چھپایا مارے غیرت کے | اسے سوچو ذرا کیا حسن ہے اولاد آدم کا
ازل سے جو کہ باہم ہین جدا ہوتے ہین دنیا مین | دلیل اسپر جدا ہونا ہے یان طفلان توام کا
حماقت ہے غرور جاہ اہل فقر کے آگے | یہ تاج و تخت ہے رد کردہ ابراہیم ادہم کا
سخاوت جسکو کہتے ہین کہانی ہے زمانے مین | بخیلون کی بدولت رہگیا ہے نام حاتم کا

کھل گیا ہی پیرہن مین جسم مجھ مایوس کا
ایک عالم کو گمان ہی شمع اور فانوس کا

جو کہ ہین بیدرد کیا انکو ہو قدر داغ عشق
مرتبہ زخمی سمجھتے ہین پر طاؤس کا

آنے پائے بزم جانان مین تو یہ بالیدہ ہو
پیرہن ہو تنگ جسم شمع پر فانوس کا

گل نہین جز داغ حسرت بوستان دہر مین
طور ہر برگ شجر مین ہی کف افسوس کا

ہجر مین نالے ہین ہونٹھون پر گریبان ہاتھ مین
وصل مین کام انسے لیتے تھے کنار و بوس کا

کافر عشق بتان ایسا ہون گر ہو جاؤن قتیل
شور حلقوم بریدہ سے اٹھے ناقوس کا

کھولتے ہین غنچے میرے سامنے بیچے عبث
سونگھنے والا نہین اے گل ترے ملبوس کا

ہو گئین وہ وحشی کہ مثل حلقۂ زنجیر پا
شوق ہی چشم غزالان کو مری پابوس کا

جو کہ ادنی ہین خوشامد سے وہ اعلی ہوتے ہین
مورچھل افسر پہ ہوتا ہی دم طاؤس کا

زینت ظاہر کے جو پابند ہین بے فیض ہین
کسکو دنیا مین ملا سونا دم طاؤس کا

اہل زینت کو نہین اعلی و ادنی مین تمیز
ہی سر طاؤس پر سایہ دم طاؤس کا

خاک جو میرے تن پر داغ کی برباد کی
گرد بادون پر گمان عالم کو ہی طاؤس کا

ہر دہن ہر غنچہ اور آغوش ہی ہر شاخ گل
شوق گلبن کو ہی کیا تیرے کنار و بوس کا

مدتین گذرین کہ قدمون سے جدا ہوتے نہین
کسقدر ہی شوق کانٹونکو مری پابوس کا

سچ تو ہی فردوسی طوسی کو نسبت مجھسے کیا
دل سے ہون مداح ناسخ بادشاہ طوس کا

پریون کو عمل سے مین تسخیر نہین کرتا
بجز انقش درم کچھ بھی تاثیر نہین کرتا

کہتے ہین تیرے عارض و قامت کو دیکھکر | بالاے سرو پھول کھلا ہے گلاب کا
دیکھی جو اوسکی زلف ہوا محو داغ دل | ہوتا ہے وقت شام غروب آفتاب کا
ہر صبح وہی صبح ہے ہر شام وہی شام | انسان پہ ہے زور فقط انقلاب کا
آتا ہے رشک اے دل پر آبلہ مجھے | کیا جلد پھوٹتا ہے پھپھولا حباب کا
مشکل بغیر ساقی مہوش ہے دور مے | محتاج آفتاب ہوا ماہتاب کا
آتی ہے خشک و تر سے مجھے بوے زلف یار | ہے مشک کی زمین تو دریا گلاب کا
اوسکی نگاہ گرم جو پڑتی ہے غیر پر | ابلیس اب نشانہ ہے تیر شہاب کا
پیری بغیر ہمنے نہ دیکھا طلوع صبح | گذرا شب فراق مین موسم شباب کا
آتا نہین ہے دنکو بجز شب وہ اندنون | بدلا ہے شپرہ سے مزاج آفتاب کا
تیری بہار لینے یہ اوڑا لے گلونکے رنگ | در زات جوش باغ مین ہے ماہتاب کا
مارا ہے چشم مست نے میرے سو مین ان | نرگس کے پھول اور پیالہ شراب کا
محشر مین ہمکو نامۂ اعمال دیکھکر | قاصد خیال آئیگا خط کے جواب کا
ارض و سما کے طبقے ہین بازی گنجفہ | چوتھا فلک ہے ایک ورق آفتاب کا
سیر تری مین کی جو سکندر کی ہمنے دید | تھا سر پہ نقش آب کے افسر حباب کا
اپنی غزل پہ آپ مین لکھتا ہون اے غزل | دیکھو جواب ہے سخن لاجواب کا

ولہ

لبریز اوسکے ہاتھ مین ساغر شراب کا | بنتا ہے عکس رخ سے کٹورا گلاب کا

برسون گذر ہوا نہین فرقت مین خواب کا
آتا شب فراق مین خالی تو کیا عجب
دیکھا ہے مین نے خواب کا
ایسا موت آے کی تو کسی کو
ہوتا ہے دو پہر مین زوال آفتاب کا
وہ مست ناز گر کرے نظارہ آب کا
اس میکشو یقین ہے نکلے شراب کا
وہ مست ناز توڑ سکے جو بیضہ حباب کا
راحت طلب کرون تو سے آسمان ہم رنج
حاضر ہو موت ابھی جو خیال آئے خواب کا
جو ہے حسین اوسکو ہے نفرت جہان سے
ہوتا نہین ادھر کبھی منھ آفتاب کا
شعلہ اگر نہین وہ صنم سر سے پاؤن تک

تھا جو یوسف ہوا نہ وہ بھی عزیز — کیا برادر کو غم برادر کا

مرغ دل داغ کھائے گا جو یوہین — شبہہ ہوگا گلی کبوتر کا

کرے یاد خدا جو اک ہفتہ — بادشہ ہو وہ ہفت کشور کا

ست کہتے ہین جسکو ابر بہار — گوشہ ہے میرے دامن تر کا

مثل مینا ہلون نہ کیون جھک کر — آج ہی دور دور ساغر کا

کیون نہ مصرع رہے قد موزون — کہ نہ مصرع ملا برابر کا

جلد میرا پیامبر نہ پھرا — واسطہ گو دیا پیمبر کا

مرغ دل تب سے آپکا ہی صید — جب کبوتر اوڑاتے تھے پر کا

ہر شب ہجر تا ابد نہین صبح — نہ رہا خوف روز محشر کا

قمری ہی تیرے گھر کے گرد اے سرو — دوسرا طوق حلقہ ہے در کا

ہجر مین چاندنی سے کیا خوش ہون — طور ہے تربتون کی چادر کا

رشک جھنال پر ہی گیا اوسکو — رنگ بدلا جو تیرے چنبر کا

جب ہوا گور مین عذاب فشار — دھیان آیا کنار مادر کا

ید بیضا سے ہاتھ آئی یہ بات — حسن محتاج کب ہی زیور کا

لاغری سے مرے سراپا مین — طور ہے سایہ پیمبر کا

وصل مین توسرک گیا جسدم — میرا ہر ایک استخوان سر کا

تن پہ ہر قطرۂ عرق ہے گہر — شوق اوسے کیا ہوا و زیور کا

ٹپگیا ہر روزن دیوار چشم انتظار
شوق ہر گیا اپنے گھر کو آمد سیلاب کا

جس حسین کو دیکھتا ہون تحم اول اگتی ہین اشک
میری آنکھون مین ہر عالم معدن سیماب کا

سیکشی کرتا نہ بربادی تن خاکی کی ہو
خاک کو اوڑنے نہین دیتا چھڑکنا آب کا

رہتی ہر ہر روشنی میرے سیہ خانے سے دور
تن رہا ہر شامیانہ چادر مہتاب کا

غفلت اہل جہان تر دامنی کی ہر دلیل
غلبہ ہوتا ہر رطوبت سے مقر خواب کا

پاک طینت جو کہ ہین اونسے تعلق دور ہے
خار سے کیا اولجھے گوشہ چادر مہتاب کا

دید قاتل دیر تک کی گو ہوئی ایذا مجھے
ہون بہت ممنون احسان خنجر بے آب کا

ملتی ہر عاشق کو لذت فرقت معشوق مین
اختیاری ہجر ہر سرخاب سے سرخاب کا

گیا گداز دل مین ہو جاتی ہر حدت طبع کی
دیکھ لو تیزی مین ہر محتاج آہن آب کا

ہون وہ گریان بعد مردن گر گئے میر اغیا
گرد بادون پر یقین عالم کو ہو گرداب کا

عارفون کو ہر در و دیوار ادب آموز ہر
مانع گردنکشی ہے انحنا محراب کا

عکس پڑتا ہر جو تیرا آئینون مین بیشتر
اضطراب اسواسطے جاتا رہا سیماب کا

ہر یہی خورشید کا رتبہ حضور روی یار
سامنے خورشید کے رتبہ جو ہر مہتاب کا

نامۂ شرح جدائی یہ نہین دستار مین
پر رکھے جاتا ہر مرغ نامہ بر سرخاب کا

پانی پینے مین جو اوس شیرین دہن کا منہ لگے
قند کا کوزہ وہین بنجائے کوزہ آب کا

ہر تنزل مین ترقی صاف دل کیواسطے
دیکھ لو بنتا ہر موتی خشک قطرہ آب کا

پانون جو رکھتا ہر رکھتا ہر سر اسکا ٹھوکرین
یہ حریم کوے جانا ہر مقام آداب کا

ہین ہم صاحب درد او نسے دور ہی سامان عیش
میرے سینے پر تپون کی مہر مہری ہی داغ

کوے قاتل مین پہونچکر سر ہوا مجھکو وبال
ہمنے جو چوٹی بنائی ہی ترے موباف کی

بادہ کھینچا ہی کسی نے زخم کے انگور کا
مشک سے بدتر ہی پھایا مرہم کافور کا

پوچھ اوتر نے کی جگہ دم چڑھگیا مزدور کا
نافہ مشکین ہوا ہی منھ ہر اک ناسور کا

کب ہماری فکر سے ہوتا ہی سودا کا جواب
ہان تتبع کرتے ہین ناسخ ہم اوس مغفور کا

روے جانان پہ ہوا خط معنبر پیدا
آتشین رخ پہ ہوا خط معنبر پیدا

سعی سے گوہر مقصد نہین ہوتا حاصل
زلف کو دیکھیے کیا مار سیہ سے تشبیہ

ایکدل کیسا ہی سو دل ترے قامت پہ نثار
ہو نہین وہ صید کہ ہین جزو بدن ناوک دشمن

آتش حسن سے خلقت ہی دل عاشق کی
ہون وہ گریان کہ لیس ابر مرگ مری تربت پر

سایہ میرے تن پر داغ کا پڑ جائے اگر
کیون نہ آئینہ ہو حیران کہ سکندر تو کہان

رنگ و داغ گل لالہ سے یہ معلوم ہوا

ہو گئے حسن کے پرواز کو شہپر پیدا
ہر لب پانی کے ہوا آگ سے عنبر پیدا

نہ کبھی آب روان مین ہوئے گوہر پیدا
سایۂ زلف سے ہو جاتے ہین اژدر پیدا

شکل دل کیون نہ ہون ہر شاخ صنوبر پیدا
تیرون کے واسطے ہوتے ہین مرے پر پیدا

جسطرح آگ سے ہوتے ہین سمندر پیدا
سبزۂ تر کی عوض ہو مژۂ تر پیدا

مثل ہیزم ابھی گلبن سے ہون اخگر پیدا
نہین ہوتا کہین اب عکس سکندر پیدا

حسن اور عشق ہوئے دونون برابر پیدا

نقد جان مانگے جو سائل کوئی جانان کا تو دون
اندنون مین عشق کی دولت بڑا حاتم ہوا

راز پوشی مین ہوا ناسخ مجھے ایسا کمال
یار بھی ہرگز نہ میرے عشق سے محرم ہوا

کل شب فرقت مین اک ماتم کدہ عالم ہوا
چاند بھی ہالے مین شمع حلقۂ ماتم ہوا

جوش پر طوفان اشک اے دیدۂ پرنم ہوا
آگے تھا اک ہجر کا غم اب غم عالم ہوا

دیکھکر دو رخ خط شبرنگ ایسا غم ہوا
حلقۂ گیسو بھی مجھکو حلقۂ ماتم ہوا

ہی برنگ برق ہنسنا آدمیت سے بعید
سالہا باران غم پھر گل آدم ہوا

اک پری کے عشق نے مجھکو سلیمان کر دیا
تخت دل زلف ہے حلقۂ چشم کا خاتم ہوا

مائل ابرو کی طرف مژگان برگشتہ نہین
تیر بھی پیش کمان پھر تو واضع خم ہوا

زندگی چشم جہان مین خوار رکھتی ہے مدام
دوش پر سب سے لیا جب آدمی ابیدم ہوا

میکشی نے فرقت ساقی مین مارا ہے مجھے
شرب مے مانند اکل ناگوار اسم ہوا

آبلے چیچک کے جب نکلے عذار یار پر
بلبلون کو برگ گل پر شبہۂ شبنم ہوا

حرف سایہ کے ہون کیسے پر ادب کری تمیز
زر سے جو چیدہ دل ہے اوسکا رتبہ کم ہوا

فاقے سے اپنے شکم پر سنگ باندھا جس گھڑی
وہ سلیمان زمان بھی صاحب خاتم ہوا

منتین کر کر کے احسان کرتے ہین ہم پر سب
جام اگر خالی نظر آیا تو شیشہ خم ہوا

سب حسین اے گل ترے آگے ہین گو بلند
ہر ستارہ بھی فلک پہ قطرۂ شبنم ہوا

خلق کو مارا عرق آلودہ زلف یار نے
اوسکا ہر اک قطرہ کام اژدہا مین سم ہوا

سبزۂ خط گورے گالون پر نمایان ہوگیا　　یاسمن زلف صاف دیکھو سنبلستان ہوگیا

آگیا مجھکو جو اوس زلف پریشان کا خیال　　دم مین مجموعۂ عناصر کا پریشان ہوگیا

تنگی محفل کی دولت بھر کے بیٹھا مجھسے یار　　رات اہل بزم کی کثرت کا احسان ہوگیا

منہ جو لگا مے بھی لیے غلمان بنی ہی بیٹھکر　　دود تنباکو نسیم باغ رضوان ہوگیا

ہوگئے خم تسلیم کو تیرے ہی کیا مجھکو شہید　　قد ترا ظالم کمان تیر مژگان ہوگیا

خود بخود سبزہ ہی تر رہتے آتے ہی فصل بہار　　یان گریبان آ جنون گل کا گریبان ہوگیا

استقدر مضمون تیرے دست حنائی کے لکھے　　جو قلمدان مین قلم تھا شاخ مرجان ہوگیا

چاند چھپتا ہی جو دو دن ہوتی ہی مشتاق خلق　　ہوگئی قدر اوسکی جو نظرون سے پنہان ہوگیا

بعد مردن بھی ہی باقی مجھسے خوش چشمونکو ضد　　سبزۂ تربت چراگاہ غزالان ہوگیا

پاؤن بھی اب مجنون کر دیجیے کانٹونکی نذر　　سر تو مدت سے نیاز سنگ طفلان ہوگیا

ہوگیا وہ سبز ہی جس شہر مین تصویر یار　　جس کنوئین کو اوسنے جھانکا چاہ کنعان ہوگیا

ہم وہ مجنون ہین کہ جو خورشید رو آیا نظر　　صبح سان اپنا دہن چاک گریبان ہوگیا

مشتعل ایسے ہین اوسکے دست نازک خود بخود　　طائر رنگ حنا بھی مرغ بریان ہوگیا

سر اوٹھاکر جو چلا اس دست وحشت خیز مین　　پار تلوونسے وہین خار مغیلان ہوگیا

شمع کافوری جلاتے تھے سوا اونکی گور پر　　دیدۂ غول بیابان سے چراغان ہوگیا

کوئی دم پیری بھی اپنی ہی بسان صبحدم　　مثل شب عہد شباب آنکھونسے پنہان ہوگیا

کیون سلاطین زمانہ آگئے ہین یاد پر　　تختۂ تابوت جب تخت سلیمان ہوگیا

دمیاں اُسکے بند کرنے کا اگر آتا تجھے
کیوں نہ تیرا رخنہ در سینہ اچاک دل ہوا

ہے یہ غم جانکاہ خالِ ابروِ خمدار کا
کعبے میں کا ہیدہ ہوکر سنگ اسود دل ہوا

جو یہاں مغلوب ہے عقبیٰ میں غالب ہے وہی
مرکبِ مقتول ہے اک روز جو قاتل ہوا

دھوکے ہیں دھوبی نے دریا میں جو کپڑے یار کے
آج کوسوں تک معطر دامنِ ساحل ہوا

دلبری کا جب ہوا اوس سرو قامت کو خیال
عضو عضو اپنا دہیں مثلِ صنوبر دل ہوا

سب کے خالق نے بنائے کاسہ سر واژگون
آدمی اسیر بھی پیش آدمی سائل ہوا

بجھ گیا میرا چراغ داغ وصل یار میں
نورِ مہ نزدیکی خورشید سے زائل ہوا

جو پر و بیٹھتا ہے آگے اوٹھ سکتا نہیں
اب تو نقش بوریا کا خواب میں حائل ہوا

جذبِ جنسیت بہم رہنے نہیں دیتا فراق
گل نہ تھا جو جسم خاکی آج گل ور گل ہوا

ہائے کس قاتل ادا سے کی شروع اوس نے نماز
نکلی جب تکبیر اوسکے منہ سے میں بسمل ہوا

کہتے ہیں زاہد مری دیوانگی کو دیکھکر
بت پرستی کے سبب قہر خدا نازل ہوا

جب تصور یار کا باندھا ہم آپ نے نظر
سامنے آنکھوں کے آئینہ ہمارا دل ہوا

عاشق بے ننگ سے ہوتا ہے معشوق ننگ
پیرہن مجنوں کا پھٹکر پردہ محمل ہوا

سامنے میرے رہا گر شام سے لے تا سحر
حسن میں گر مثلِ ماہ چاردہ کامل ہوا

روح ناسخ ہے اوسکی روح اقدس پر نثار
بار ہا جسکے لیے روح القدس نازل ہوا

روئے جاناں کا تصور میں جو نظارا ہوا
دل میں تھا جو داغ حسرت عرش کا تارا ہوا

عیش بد عاریت اس باغ مین اور رنج مدام
سرو ساماں پہ ہو کیا کبر کہ غافل اک دن
بوجھ اپنا کبھی ڈالا نہ کسی پر مین سنے
سبزہ خط سے ہوئے تیرے حواشی روپوش
تخلیہ چاہیے جس وقت میسر ہو وصال
مثل ناقوس لب جام فغان کرتے ہین
گل چلے جاتے ہین تو کہتے ہین برگ گلبن
راست گو کون ہے ایسا کہ زبان مین ہو فرق

کیا ہون گلبن سے بھلا گل کی رہے خار جدا
جسم سے سر ہے جدا سر سے ہے دستار جدا
ہوئی تعمیر مری سقف سے دیوار جدا
کرتی ہے حاشیون کو جدول زنگار جدا
قبر مین رکھتے ہیں کیونکر ہوئے غمخوار جدا
منہ سے کرتا ہے جو وہ کافر میخوار جدا
ہم تہیدستون سے کیونکر ہوئے زر دار جدا
شمع کی طرح مرا سر ہو جو سو بار جدا

فصل کیونکر کرون دونون نہین گوارا ناسخ
کہ محمد سے نہین حیدر کرار جدا

خلق کی تسخیر کو ہر نقش پا افسون ہوا
فرقت حال سیہ مین مردہ مین محزون ہوا
اس ادا سے دعوئے ہین ست خدائی آپ نے
نگاہ نگا مثل شر رسنگ صنم سے روز حشر
بوسہ خال سیہ دیتے نہین صاحب اگر
ماہ تابان مین ہوا ہالہ ہوا مار سیاہ

سایہ دیکھا اس پری کا جسنے وہ مجنون ہوا
موت افیونی کی آئی جبکہ بے افیون ہوا
ہر حباب آبجو اک دیدۂ پرخون ہوا
زیر دیوار حرم گو آج مین مدفون ہوا
ایک دن سنتا کہ بندہ کشتۂ افیون ہوا
چودھوین شب گر خیال کاکل شبگون ہوا

ولہ

۵

ٹھہرے نہ یہان نقش قدم رہگذری کا
ہی گلشن غربت وہ پر و یہ سلیمان
دیوان مین ساری ہی جا [illegible]
مضمون یہ باندھا ہی جگر [illegible]

پیری مین ہے کسکو زیست کی امید ہی ناسخ
نادان کو ہی جو نکا ہے نسیم سحری کا

ولہ

زلف سے مجھکو شانے کو نہ زنہار جدا
کان سکھاتا ہی جو ہوتا ہی ہر مار جدا

گلفشان عکس ہوا کسکے رخ رنگین کا
ہی جو آئینے مین عالم سبد گلچین کا

خاک ہو جائینگے ہم شوق ہو کیا تزئین کا
سرمۂ خاک لحد دیدہ ہی آخر بین کا

مانگی باران کی جو ہم بادہ پرستون نے دعا
رعد اٹھے سنتے ہی اک نعرہ کیا آمین کا

فرقت یار مین کیا ہوش اوڑ گئے جاتے ہین
شہپر خواب ہی جو پر ہی مرے بالین کا

آج ہوتا ہی دلا درد جو میٹھا میٹھا
دھیان آیا ہی تجھے کسکے لب شیرین کا

بیٹھ جائے جو گل اندام ہمارا اکدن
عطر کھینچین ابھی عطار گل قالین کا

چاند کی طرح ہی خرمن مین وہ دہقان زادہ
کیون نہ ہر خوشے مین ہو نور عیان پروین کا

دیکھکر طاق حرم کو جو چڑھاتا ہی بھوین
عشق ہی مجکو دلا اوس صنم بیدین کا

اشتیاق گل خورشید شب ہجر مین ہی
کیا فلک مجھکو دکھاتا ہی چمن نسرین کا

قبر پر بہر خدا نام بتون کے لیسنا
دوستو وقت اگر آئے مرے تلقین کا

بت پرستی ہی مری او رخدا شاہد ہی
زاہدا کفر ہے بس عشق بت سنگین کا

شعر تر ہی جو مرا اک گل تر ہے ناسخ
نہین قرطاس یہ دامن ہی کسی گلچین کا

منھ سے ہی شعلہ قدم اوس شک پری کا
پاپوش نے سیکھا ہی چلن کبک دری کا

طرفہ چمن حسن مین ہی نخل تراق
گرتہ ہے جو اے سرو روان ہوسری کا

کس مرتبہ مجھکو غم فرقت نے سکھایا
اشکون مین نہین شل گہر نام تری کا

بنا ہی مہر تابان قصر یاقوت اپنی جلوے سے | سیہ خانہ نظر آتا ہی یہ گنبد زبرجد کا
نہ سوی جاہ دنیا منہ کیا ای شاہ دین تونی | سر سلطنت تکیہ ہی گویا تیری مسند کا
گراتے رکن دین یاجوج و ماجوج آکے دنیا مین | جو پشتیبان تو ہوتا نہ ذوالقرنین کی سد کا
نمازون مین مسیحا سا پیمبر مقتدی ہوگا | وہی رتبہ ہی تیرا بھی جو رتبہ تھا تری جد کا
بھر اونکے جمین ہی حق ز علم رطب و یابس عالم | کہ جلد و جسم کو رتبہ ہی قرآن مجلد کا
جو کندہ ہی ناتراشیدہ ہین انکو فیض صحبت کیا | سوا اسکے کہ پایا مرتبہ چوب مسند کا

معانی قل ہو اللہ احد کے ہین عیان ناسخ
برا ہی قافیہ رکھا ہی مین نے میم احمد کا

داغ سینہ ہی مشرق آفتاب داغ ہجران کا | طلوع صبح محشر چاک ہی میرے گریبان کا
ازل سے دشمنی طاؤس و مار آلیمین رکھتے ہین | دل پر داغ کو کیونکر ہی عشق اوس زلف پیچان کا
کسی خورشید رو کو جذب دل آج کھینچا ہے | کہ نور صبح صادق ہی غبار اپنی بیابان کا
شگفتہ مثل گل ہر فصل گل مین داغ ہوتے ہین | بنا ہی کیا ہمارا کالبد خاک گلستان کا
شفق سمجھا ہی اوسکو ایک عالم وای بیدردی | فلک کو گر بگولا جا لگا خاک شہیدان کا
سیہ خانہ ہمارا روشن ہوا ویران ہونے سے | کیا دیوار کے رخنون نے یہ ان عالم چراغان کا
وہ شوخ فتنہ انگیز اپنی خاطر مین سمایا ہی | کہ اک گوشہ ہی صحراے قیامت جسکے دامن کا
چمکتا برق کا نازم پڑا ہی ابر باران مین | تصور آگیا ہی رو رو مین اوسکے دندان کا
کفن کی جب سفیدی دیکھتا ہون گنج تربت مین | تو یاد آتا ہی شب مہتاب ہجران کا

بعون خالق کون و مکان و فضل رزاق انس و جان

نظم متین سحر بیان اشعار رنگین متضمن بر دو دیوان کلام دلچسپ دلنشین ناسخ یعنی جلد اول

دیوان ناسخ

که پیشتر ایک دیوان متن میں اور دوسرا حاشیہ پر مطبوع ہوا تھا اب علیحدہ علیحدہ ہر ایک بطرز شائستہ

مطبع نامی منشی نولکشور میں مطبوع ہوکر رونق تمامی

التماس

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے اور فہرست اوسکی ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معاینہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرماسکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیچ کے تین صفحہ سادہ مین کلیات و دواوین اردو و کلیات و دواوین فارسی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اوس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہووے -

کلیات و دواوین اردو

کلیات انشاء اللہ خان - نتیجہ طبع شاعر نامی بذلہ سنج میر انشاء اللہ خان انشا تخلص کا ہے عہد نواب سعادت علیخان مین بڑے مقرب حاضر جواب تھے -

کلیات ناسخ - عمدہ کلیات جسمین نادر نادر رسائل شامل ہین -
۱ - شاہد عشرت - ۲ - سخن شعرا - ۳ - اشعار ناسخ - ۴ - مرغوب دل - ۵ - دفتر بیمثال - ۶ - گنج تواریخ - ۷ - چشمۂ فیض - ۸ - قند پارسی - ۹ - زبان ریختہ - ۱۰ - قطعہ منتخب - از جلوہ گری طبع وقاد مولوی عبد الغفور خان بہادر -

کلیات نظیر - اکبر آبادی -

کلیات تراب - مجموعہ جسمین چند کتابین ہین -
۱ - دیوان - ۲ - مثنوی عاشق صنم - ۳ - شمریان - ۴ - شجرۂ قادریہ -

کلیات مدحت - کلام شاعر مستند بیان کریم الدین سنت -

کلیات سودا - قصائد و مثنویات و دواوین و رباعیات از کلام تاج الشعرا مرزا رفیع السودا مستند الکلام -

کلیات آتش - طبعزاد سخنور نامی خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی معاصر ناسخ -

کلیات نظام - کلام سخنور خوش فکر نواب محمد مرید علیخان بہادر -

کلیات تسلیم - جسکا نام تاریخی نظم ارجمند ہے نتیجۂ خوش فکری زبان اور بلند خیالی منشی امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی -

کلیات میر تقی - استاد مستند مسلم الثبوت -
۱ - جلد اول و دوم یکجائی -

کلیات ظفر - کلام الملک ملک الکلام چار جلد مین
۱ - جلد اول و دوم یکجائی -
۲ - جلد سوم و چہارم یکجائی -

کلیات مومن خان - جدید الطبع -

بہارستان سخن - اسمین تین استادون کا کلام ہے ہمطرح و ہمقافیہ غزلین - ۱ - شیخ امام بخش ناسخ - ۲ - خواجہ حیدر علی آتش - ۳ - مہدی حسین خان آباد - بڑے معرکہ کا مجموعہ ہے - ہر ایک استاد نے زور طبع دکھایا ہے بعد یکدیگر ترجیح بلا مرجح کتنا زیبا ہے -

دیوان گویا - طبعزاد رسالدار فقیر محمد خان گویا شاگرد خواجہ وزیر تخلص وزیر استاد نازک خیالی -

دیوان رند مسمے بہ - **گلدستۂ عشق** - کلام نواب سید محمد خان رند شاگرد خواجہ حیدر علی آتش -

دیوان خواجہ میر درد - شاعر صاحب باطن

بعون خالق کون و مکان و فضل رازق انس و جان
نظم متین سحر بیان اشعار رنگین متضمن بر دو دیوان کلام دلچسپ دلنشین و راسخ یعنی جلد اول
دیوان ناسخ
کہ پیشتر ایک دیوان متن مین اور دوسرا حاشیہ پر مطبوع ہوا تھا اب علیحدہ ہر ایک بطرز شایستہ
مطبع نامی منشی نولکشور مین مطبوع ہوکر رونق پذیر ہوا